ترکیب:۔ جو شخص دشمنوں کے شر سے اور چوروں کے شر سے بچنا چاہے تو اس کو چاہیے کہ اس کو لکھ کر بازو پر باندھے یا اس کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے خداوند کریم کے فضل و کرم سے جمیع برائیوں سے محفوظ ہمیشہ رہے گا اور کوئی شے اس کو ضرر رساں نہ ہو گی۔

وہ دعا یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَلْحَفِیْظُ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ط وَھُوَ الْقَاھِرُ فَوْقَ عِبَادِہٖ وَیُرْسِلُ عَلَیْکُمْ حَفَظَۃً ط اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ط وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ط فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا ط وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ط لَہٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَیْنِ یَدَیْہِ وَمِنْ خَلْفِہٖ یَحْفَظُوْنَہٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ط اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ ط اَللّٰهُ حَفِیْظٌ حَافِظٌ وَّاِنَّا عَلَیْکُمْ لَحٰفِظِیْنَ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ط

دیگر

(برائے حفاظت)

ترکیب:۔ جو شخص ان آیات شریفہ کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے گا۔ وہ

انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کے شر سے ہر طرح محفوظ و مامون رہے گا۔

ایں آیات برائے ہر چیز نافع است :۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝
فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ
مَّارِدٍ ۝ وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ
شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۝ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ
مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۝ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۝ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ
اَمْرِ اللّٰهِ ۝ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ۝
وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۝ اَللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ وَمَا اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝
وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ۝ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝

دیگر

(برائے حفاظت)

ترکیب:۔ جو شخص سفر کی حالت میں اس اسم کو سات مرتبہ پڑھے گا وہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا پڑھتے وقت چاروں طرف منہ سے اشارہ کرتا جائے جو شخص اپنی سواری یا مکان یا صندوق میں اس دعا کو رکھے گا چوری ہونے سے محفوظ رہے گا۔ عمل عجیب و غریب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ قَدِيْمٌ اَزَلِيٌّ حَيٌّ قَيُّوْمٌ رَبُّنَا

دیگر

(برائے امن سفر و قیام)

سورۃ یٰسین۔ سورۃ صف۔ سورۃ لایلٰف ہر ایک سورۃ کو ایک ایک مرتبہ پڑھنے سے ہر آفت سے مامون رہے گا۔

مجرب ہے۔

برائے دردِ سر

ترکیب:۔ اس کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کپڑے میں سی کر عورت کی چوٹی میں باندھے اگر مرد کے سر میں درد ہو تو سر میں باندھے۔

مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الْمَنَّانِ بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّفِيْعِ الشَّانِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَشْغَلُهٗ شَاْنٌ عَنْ شَاْنٍ تَشَعَّشَتِ
الْاَرْضُ بِنُوْرِ اللّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ نَفِدَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ
وَتَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰهِ وَبَقِيَ وَجْهُ اللّٰهِ اُخْرُجْ اَيُّهَا الْوَجَعُ بِحَقِّ حَقِّ اللّٰهِ
وَبِنُوْرِ وَجْهِ اللّٰهِ وَبِمَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اِلٰى خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ
اُسْكُنْ اَيُّهَا الْوَجَعُ بِمَا سَكَنَ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ
وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا
رَبِّيْ نَسْفًا فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَا اَمْتًا ۝

اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ اِنْ
یَّشَاْ یُسْكِنِ الرِّیْحَ ۚ

دیگر

(برائے آدھے سر کا درد)

ترکیب:۔ موم جامہ کر کے جس طرف درد ہو اس طرف باندھا جائے یا ٹوپی میں رکھ لیا جائے یہ نقش اس طرف باندھا یا رکھا جائے گا جس طرف آدھے سر میں درد ہو۔

۷۸۶

۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵
۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵
۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵

دیگر

(آدھے سر کا درد)

ترکیب:۔ اس نقش کو لکھ کر موم جامہ میں لپیٹ کر باندھے بفضلہٖ تعالیٰ

درد سر جاتا رہے گا۔ یہ نقش اس طرف باندھا جائے گا وہ جس طرف آدھے سر میں درد ہو گا۔

۷۸۶

دیگر

(آدھے سر کے درد کے واسطے)

ترکیب:۔ سورج نکلنے سے پہلے جس شخص کے آدھے سر میں درد ہو اس کے درد کی جگہ دم کیا جائے گا گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے گا وہ یہ ہے۔

کالی چڑیا پہاڑ کی چن چن کنکر کھائے

دہائی خدا کی درد آدھا سیسی جائے

ایک ہی دن میں تین مرتبہ اسی وقت یہ عمل کیا جائے گا یعنی تین مرتبہ ۱۱، ۱۱ بار کل ۳۳ بار۔ انشاء اللہ مریض کو پہلے ہی دن ورنہ دوسرے تیسرے دن تو بالکل آرام ہو جائے گا۔

مجرب اور آزمودہ ہے۔

دیگر

(برائے درد بدن)

ترکیب :- جہاں درد ہو موم جامہ کرکے اس جگہ باندھا جائے گا ۔ مجرب ہے وہ نقش یہ ہے ۔

۷۸۶

یا رحیمُ	۸ ۴ ۴ ۷ ۹ یا شافی ۶۲۳	یا ربُّ

دیگر

(برائے درد سر)

ترکیب :- موم جامہ کرکے سر میں باندھ جات کا مجرب ہے وہ نقش یہ ہے :-

۷۸۶

۷	یا محمدُ	۳۰
	یا دافع البلیات	

دیگر

(برائے درد سر)

ترکیب :- موم جامہ کرکے سر میں باندھے ۔ مجرب ہے وہ نقش یہ ہے :-

۷۸۶

یا اللہُ	یا اللہُ	یا اللہُ	یا اللہُ	یا اللہُ
یا غفورُ	یا غفورُ	یا غفورُ	یا غفورُ	یا غفورُ
یا اللہُ	یا اللہُ	یا اللہُ	یا اللہُ	یا اللہُ
یا غفورُ	یا غفورُ	یا غفورُ	یا غفورُ	یا غفورُ
یا اللہُ	یا اللہُ	یا اللہُ	یا اللہُ	یا اللہُ

دیگر

(برائے درد سر)

ترکیب :- اس دعا کو پڑھ کر دم کرے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا ۔ پڑھنے کی تعداد ۵ یا سات برابر ہے ۔ مرد لکھ کر اپنے سر میں باندھے اور عورت اپنی چوٹی میں باندھے ۔ یا سر میں باندھے ۔ بہت مجرب ہے ۔

وہ دعا یہ ہے :۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ وَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ ۔

دیگر

(برائے درد سر)

(آدھے سر کے درد کے لیے)

ترکیب :۔ عمل مندرجہ ذیل کو گیارہ بار پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ تین دن میں بالکل جاتا رہے گا مجرب اور آزمودہ ہے ۔

کالی چڑیا کلچڑی کالا پھل کھائے
برکت محمدؐ صاحب سے آدھا سیسی جائے

دیگر

(برائے درد داڑھ)

ترکیب :۔ اگر داڑھ میں درد ہو تو اس کے تین طریقے ہیں :۔

اول طریقہ :۔ داڑھ کے درد کے لیے اس رخسارے پر ہاتھ رکھے جس طرف درد ہو اور سات بار کہے ۔

اَللّٰھُمَّ اِذْھَبْ عَنْہُ سُوْٓءَ مَا یَجِدُ وَفُحْشَہٗ

بِدَعْوَۃِ نَبِیِّکَ الْمَکِیْنِ الْمُبَارَکِ عِنْدَکَ

انشاء اللہ تعالیٰ فی الفور شفا پائے گا مجرب ہے ۔

دوسرا طریقہ :۔ یہ ہے کہ داہنے ہاتھ کی شہادت کی انگلی درد والے دانتوں پر رکھ کر کہے ۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ اَسْئَلُکَ بِعِزَّتِکَ وَجَلَالِکَ وَقُدْرَتِکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ فَاِنَّ مَرْیَمَ لَمْ تَلِدْ غَیْرَ عِیْسٰی مِنْ رُّوْحِکَ وَبِکَلِمَاتِکَ اَنْ تَکْشِفَ مَا یَلْقٰی فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ اَوْ تَلْقٰی فُلَانَۃُ بِنْتُ فُلَانَۃَ مِنَ الضُّرِّ ۝

تیسرا طریقہ :۔ یہ ہے کہ جس رخسارہ کی طرف درد ہو اس پر انگلی سے لکھے ۔

وَلَہٗ مَا سَکَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

دیگر

(آدھے سر کے درد کے لیے)

ترکیب :۔ یہ نقش درد شقیقہ (درد سر آدھا سیسی) کے لیے مجرب ہے اس نقش کو موم جامہ کرکے اس طرف باندھے جس طرف درد ہو۔

عمسا	علسا	جلسا

دیگر

(برائے دردِ سر)

ترکیب:۔ اس نقشِ معظم کو باوضو زعفران وگلاب سے لکھ کر یا روشنائی سے لکھ کر سر میں باندھے۔ عورت اپنی چوٹی یا سر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد دور ہو جائے گا۔ مجرب المجرب ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

اَسْئَلُکَ بِهَا الْوَجَعَۃَ بِمَا سَکَنَ عَرْشِ الرَّحْمٰنِ وَلَهٗ مَا سَکَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ اِنْ یَّشَاْ یُسْکِنِ الرِّیْحَ ۝

دیگر

(برائے دردِ سر)

ترکیب:۔ طلسم لکھ کر سر پر باندھیں درد سر دور ہو جائے گا مجرب ہے۔

۱۱ ۱۹ ۷۹ ۹۱۱ ۱۱۹۱ صنعا

۱۲ ۹۱ ۹۱ ۱ ط ط

دیگر

(برائے جملہ امراض اور جمیع حاجات اور تمام بلاء ومصیبت

ترکیب:۔ اس نقشِ معظم کو باوضو زعفران وگلاب سے لکھ کر بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ جملہ امراض اور جمیع حاجات اور تمام بلا ومصیبت کے لیے مجرب المجرب ہے۔

۷۸۶

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۳	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۴	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

دیگر

(برائے دردِ سر)

ترکیب:۔ جس کے سر میں درد ہو تو مقامِ درد پر ہاتھ رکھ کر اس آیتِ شریفہ کو ۲ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے۔ اس کے علاوہ جسم کے کسی حصہ میں بھی درد ہو درد کی جگہ ہاتھ رکھ کر اس آیتِ شریفہ کو پڑھ کر دم کیا جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ دردِ سر اور تمام دردوں کے لیے مجرب ہے اور جملہ امراض کیلئے بھی دم کرنا ان آیات کا

مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ
نَزَلَ ط وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ہ

دیگر

برائے دردِ سر و آدھے سر کا درد
و بخار و ناف ٹل جانا و دردِ زہ

ترکیب:۔ سر کے درد کے لیے اس عبارت کو لکھ کر جس جگہ درد ہو باندھا جائے اور آدھے سر کے درد کے لیے جس طرف درد ہو درد کی جانب باندھا جائے بخار کیلیے اس کو لکھ کر مرد اپنے داہنے بازو پر اور عورت اپنے بائیں بازو پر باندھے اور اگر ناف ٹل جائے تو اس کو لکھ کر ناف پر باندھے اور اگر دردِ زہ ہو تو ران میں باندھے اور بچہ ہونے کے فوراً بعد کھول دیا جائے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

محمد محمد
اللّٰھـــــم محمد صـــــل
یا محمد محمد محمد محمد
محمد
محمد عـــــلی محمد
محمد

مُجرب اور آزمودہ ہے۔

دیگر

(برائے دردِ سر)

ترکیب:۔ اگر کسی شخص کے سر میں درد ہو یا جسم کے کسی حصہ میں درد ہو یا بیمار ہو تو پہلے تین بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کہے بعدہٗ یہ دعا پڑھ کے دم

کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحت پاوے
وہ دعاء برتر یہ ہے:۔

اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ
مِنْ شَرِّ مَآ اَجِدُ وَاُحَاذِرُ ہ

دیگر

(برائے دردِ سر)

ترکیب:۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ میرے سر میں درد کبھی نہ ہو وہ شخص فجر کی نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر اور اسی طرح مغرب کی نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر سات سات مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نہ کبھی سر میں درد ہوگا نہ کبھی آنکھیں دکھیں گی۔

یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ لَہُ الْمُلْکُ
وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ہ

دیگر

(آدھے سر کے درد کے لیے)

ترکیب:۔ اس نقش مکرم کو دردِ شقیقہ کے لیے ساعت مشتری میں لکھیں۔ اور جس طرف سر میں درد ہو باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ

شفایاب ہوگا۔

وہ نقش یہ ہے :-

جبرئیلؑ ۷۸۶ میکائیلؑ

۱۶۳۷	۱۶۵۰	۱۶۴۷	۱۶۴۴
۱۶۴۸	۱۶۴۳	۱۶۳۸	۱۶۴۹
۱۶۴۲	۱۶۴۵	۱۶۵۲	۱۶۳۹
۱۶۵۱	۱۶۴۰	۱۶۴۱	۱۶۴۶

عزرائیلؑ اسرافیلؑ

دیگر

(آدھے سر کے درد کے لیے)

ترکیب :- اس نقش کو ساعت مشتری میں لکھ کر موم جامہ میں لپیٹ کر جس طرف درد ہو باندھیں یہ تعویز سورج نکلنے سے پہلے بندھے گا شام کو کھول ڈالیں اس طرح تین یوم برابر کریں انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہوگا مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب
یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب
یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب
یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب

برائے رہائی قیدی

عمل

(قیدی کی رہائی کے واسطے)

ترکیب :- قیدی کی رہائی کے لیے اوّل وآخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک سو چار مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔ قیدی رہائی پائے گا۔

يَا غِيَاثِيْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَمُجِيْبِيْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ مُنَادِيْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَرَجَائِيْ عِنْدَ تَقْطَعُ حِيْلَتِيْ ۝

دیگر

(قیدی کی رہائی کے واسطے)

ترکیب :- پنجگانہ نماز میں پانچوں وقت سو مرتبہ سات دن تک پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ رہائی ہوگی۔ آیت یہ ہے :-

يَا بُنَيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ وَمَا اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ يَا خَالِصُ يَا مُخْلِصُ ۝

دیگر

(برائے حمل)

ترکیب:۔ اگر کسی عورت کو حمل نہ رہتا ہو یا ضائع ہو جاتا ہو تو اس نقشِ مکرم کو لکھ کر کمر میں باندھنا۔ مطلب پورا ہوگا۔ لیکن اس نقشِ عددی کو بھی جو نیچے لکھا ہے ضرور ضرور لکھنا چاہیے۔

	7	13	19		1	
	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	
20	یا حکیم	یا حکیم	یا حکیم	یا حکیم	یا حکیم	16
3	یا مطیع	یا مطیع	یا مطیع	یا مطیع	یا مطیع	22
11	یا رحیم	یا رحیم	یا رحیم	یا رحیم	یا رحیم	15
26	یا رحمٰن	یا رحمٰن	یا رحمٰن	یا رحمٰن	یا رحمٰن	
		5	6	12	18	

۱ ۸ ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲

دیگر

(برائے حمل)

ترکیب: جس عورت کا حمل گر جاتا ہو اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کرکے عورت کی کمر میں باندھے نقش ناف کے نیچے رحم پر رہے۔ نقش یہ ہے:۔

اللہ اللہ

محمد وتد

محمد وتد

دیگر

(برائے حمل)

اسقاط حمل کے لیے مجرب ہے اگر خون جاری ہو گیا ہو تو ایک سرخ ڈورا حاملہ کے قد کی برابر یعنی پاؤں کے انگوٹھے سے سر تک ناپ کر اس پر سات مرتبہ اس اسم مبارک کو مع کلمہ طیبہ کے دم کریں اور ہر مرتبہ ایک گرہ دیں اور عورت کی کمر میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ برقرار رہے گا اور حمل ساقط نہ ہوگا۔

عمل یہ ہے:۔

اَلصَّبُوْرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

دیگر

(برائے حمل)

ترکیب:۔ اگر کسی عورت کو حمل نہ رہتا ہو تو یہ آیت چالیس دن چینی کے پیالے میں لکھ کر پلائیں اور کاغذ پہ لکھ کر کمر میں باندھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا آیت یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ لِلّٰہِ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ یَھَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّیَھَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّکُوْرَ ۝ اَوْ یُزَوِّجُھُمْ ذُکْرَانًا وَّاِنَاثًا وَیَجْعَلُ مَنْ یَّشَآءُ عَقِیْمًا ۝ اِنَّہٗ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ۝

دیگر

(برائے حمل)

ترکیب :۔ اگر کسی کے گھر لڑکی پیدا ہوتی ہو اور وہ چاہتا ہو کہ لڑکا ہو تو وہ حمل کے پہلے یا دوسرے یا تیسرے مہینے اس آیت کو لکھ کر عورت کی کمر میں باندھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ط قَالُوْا لَا تَخَفْ ط وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ط فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ٥ قَالُوْا كَذٰلِكِ ٥ قَالَ رَبُّكِ ط اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ط

دیگر

(برائے حمل)

ترکیب :۔ عورت کے حمل ٹھہرنے کے لیے چینی کے برتن پر یہ نقش مثلث لکھے اور اس کے نیچے نو حروف الف سے لے کر طا تک نو سطروں میں اس طرح لکھے۔

پھر سورۂ آلِ عمران پڑھے اور پانی سے دھو کر پلائے۔ اللہ کے

فضل سے حاملہ ہو۔ شکل یہ ہے :۔

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

ا
ا ب
ا ب ج
ا ب ج د
ا ب ج د ھ
ا ب ج د ھ و
ا ب ج د ھ و ز
ا ب ج د ھ و ز ح
ا ب ج د ھ و ز ح ط

ان دونوں مثلث نقشوں میں سے چاہے جو نقش نقل کر دیا جائے ان دونوں میں صرف پر کرنے کا فرق ہے۔ نقش دونوں ایک ہیں۔

دیگر

(برائے حمل)

ترکیب :۔ یہ اسم مبارک عورت کی گردن یعنی گلے میں ڈالے جب اپنے شوہر

کے پاس جائے گی حاملہ ہو گی اسی طرح اگر درخت بے پھل پر لٹکائے تو بحکمِ خدا سے بارور ہو۔ اسم یہ ہے :۔

مثا مثا خ خ ؛

دیگر

(برائے حمل)

ترکیب :۔ اگر کوئی شخص اس دعا یا عبارت کو لکھ کر (اس عورت کو جس کے اولاد نہ ہوتی ہو) دے اور وہ موم جامہ اس کو کر کے اپنے گلے میں ڈالے۔

انشاء اللہ تعالیٰ وہ عورت اسی مہینے میں حاملہ ہو گی اور جو کسی درخت میں باندھ دے تو وہ بھی خوب پھلے پھولے گا۔

وہ دعا یا عبارت یہ ہے :۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہُوَ ہُوَ ہُوَ ہُوَ ہُوَ ہُوَ ہُوَ
اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ
قَیُّوْمٌ قَیُّوْمٌ قَیُّوْمٌ قَیُّوْمٌ قَیُّوْمٌ قَیُّوْمٌ قَیُّوْمٌ
وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ
وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ؕ

دیگر

(حمل کے لیے)

(گنڈا برائے بانجھ)

یعنی جس عورت کے بچہ پیدا ہی نہ ہوتا ہو

ترکیب :۔ جس عورت کے بالکل بچہ پیدا ہی نہ ہوتا ہو تو اس کو چاہیے کہ کچے سوت کے چودہ تار سیاہ رنگ کے لے کر اتوار کے دن جو عورت کے پیر کے انگوٹھے سے لے کر پیشانی تک لمبے ہوں دس گرہ دے۔ اور ہر گرہ پر سورۂ فاتحہ یعنی الحمد شریف پوری ایک بار اور سورۂ اخلاص یعنی قُل ہو اللہ شریف سات بار پڑھے۔ اور ہر گرہ پر دم کرتا جائے۔ اور جب گنڈا بن جائے تو شیرینی پر فاتحہ دے کر بچوں کو تقسیم کر دے۔ اور پھر اس گنڈا پر تین تین بار اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر سورۂ الحمد سات بار اور چاروں قل یعنی قُلْ یٰاَیُّہَا الْکٰفِرُوْنَ۔ قُلْ ہُوَ اللّٰہُ شریف قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پوری ایک بار پڑھ کر دم کرے اور عورت حیض سے فارغ ہو کر اسی روز یہ عمل کرے یعنی غسل کر کے تھوڑی سی مصری لے کر آدھی آپ

۷۸۶

۸	۴۴	۴۷	۱
۶	۲	۷	۴۵
۱	۴۹	۴۲	۶
۴۳	۵	۳	۴۸

کھائے اور آدھی کسی دوسرے بچے کو دے۔ اور پھر گنڈا کمر میں باندھے اور ساتھ ہی اس تعویز کو موم جامہ کرکے اپنے گلے میں ڈالے۔

وہ نقش پچھلے صفحہ پر دیکھیں۔

دیگر

(برائے حمل)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ اِنَّکَ اَنْتَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

الٰہی بحرمت محمد وعلی والحسن والحسین علیہم السلام یازدہ یعنی گیارہ تعویز لکھ کر گیارہ روز تک گھول کر پلائیں۔

دیگر

(دوائے حمل)

ترکیب:۔ کسی گوشہ میں بیٹھ کر باوضو لکھے۔ اور حاملہ عورت کے

کمر میں باندھے۔ اور تعویز رحم پر پڑا رہے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے حمل محفوظ رہے گا۔

وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا ج وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ احْفَظْ حَمَلَ ھٰذِہِ الْمَرْاَۃِ مِنْ جَمِیْعِ الْاٰفَاتِ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۝

آمِیْنَ آمِیْنَ

آمِیْنَ

دیگر

(برائے حمل)

ترکیب:۔ گلاب اور زعفران کے پانی سے ہرن کی جھلی پر لکھے اور حاملہ کی کمر میں باندھے۔ ناف کے نیچے رحم پر تعویز پڑا رہے جو کچھ پیٹ میں ہے۔ تمام آفات اور بلاؤں سے محفوظ رہے اور اگر اسی آیت کریمہ کو لکھ کر لڑکے کے گلے میں باندھے۔ تمام آفات اور بلاؤں سے

حفاظت رہے۔

آیت یہ ہے:۔

إِذْ قَالَتِ امْرَأَةُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّي إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا أُنْثَىٰ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنْثَىٰ وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۝ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنْبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

دیگر

(برائے حمل)

ترکیب:۔ ان آیات مبارکہ کو دھو کر کے مشک زعفران اور گلاب سے چینی کی

طشتری پر لکھے اور پاک پانی سے دھو کر مرد اور عورت دونوں کو تین دن متواتر پلائے دونوں کو پلانا زیادہ بہتر ہے اور اگر ایک کو پلائے تب بھی انشاء اللہ مقصود حاصل ہو گا ایک سے مراد عورت کو ضرور پلائے اور یہی لکھ کر عورت مرد دونوں حریر (یعنی ریشم) کے تاگے سے باندھیں مرد اپنے گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے اور عورت اپنی کمر میں ناف کے نیچے باندھے تاکہ تعویز عورت کے رحم پر پڑا رہے اور جماع یعنی صحبت کے وقت دونوں اپنے اپنے تعویز کھول دیں جب غسل کر چکیں تو پھر باندھ لیں پہلی دوسری یا تیسری شب میں عورت حاملہ ہو جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ قَالَ رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ فَنَادَتْهُ الْمَلَائِكَةُ وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي فِي الْمِحْرَابِ أَنَّ اللَّهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيَىٰ مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِنَ اللَّهِ وَسَيِّدًا وَحَصُورًا وَنَبِيًّا مِنَ الصَّالِحِينَ قَالَ رَبِّ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي غُلَامٌ وَقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَأَتِي عَاقِرٌ قَالَ كَذَٰلِكَ اللَّهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ ۝

دیگر

(برائے حمل)

ترکیب:۔ اگر کسی عورت کا حمل بربار گر جاتا ہو تو اس نقش مکرم کو لکھ کر حمل کے زمانے میں عورت کی کمر میں باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ برقرار رہے گا اور فرزند ارجمند پیدا ہو گا۔

۷۲	۷۵	۷۸	۶۵
۷۷	۶۶	۷۱	۷۶
۶۷	۸۰	۷۳	۷۰
۷۴	۶۹	۶۸	۷۹

دیگر

(برائے حمل)

ترکیب :۔ اگر حاملہ عورت کا خون جاری ہو جائے اور حمل گر جانے کا خوف ہو تو یہ آیت شریفہ لکھ کر حمل پر باندھے۔
انشاءاللہ تعالیٰ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔

مجرب ہے۔ وہ آیت مبارکہ یہ ہے :۔

اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَکَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ۝

دیگر

(برائے حمل)

ترکیب :۔ اگر کسی عورت کو حمل قرار پا گیا ہو اور حمل کے زمانے میں مسان کی شکایت بھی ہو تب بھی حمل کے دو تین ماہ کے وقت کے درمیان اس نقش اور عبارت کو لکھ کر عورت کی کمر میں باندھا جائے تعویذ عورت کے رحم پر پڑا رہے۔ البتہ مجامعت یا صحبت کرنے کے وقت اس تعویذ کو کھول دیا جائے اور غسل کرنے کے بعد پھر کمر میں اسی طرح باندھا جائے اور وضع حمل کے وقت یعنی جب بچہ پیدا ہونے لگے تو

اس تعویذ کو کھول لیا جائے اور اسی تعویذ کو نئے کپڑے میں اور ستے ڈورے میں سی کر بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے انشاءاللہ تعالیٰ بچہ بھی محفوظ و مامون رہے گا۔
وہ نقش یہ ہے

۲۴	۲۸	۳۱	۱۷
۳۰	۱۸	۲۳	۲۹
۱۹	فلاں بنت فلاں یعنی حاملہ اور حاملہ کی ماں کا نام	۲۶	۲۲
۲۷	۲۱	۲۰	۳۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ الٰہی بحرمت سُوْرَۃِ یُوْنُس الٰہی بحرمت سُوْرَۃِ هُوْد الٰہی بحرمت سُوْرَۃِ یُوْسُف الٰہی بحرمت سُوْرَۃِ یٰسٓ الٰہی بحرمت سُوْرَۃِ مُزَّمِّل الٰہی بحرمت سُوْرَۃِ مُدَّثِّر الٰہی بحرمت سُوْرَۃِ تَکْوِیْر الٰہی بحرمت سُوْرَۃِ وَالشَّمْس الٰہی بحرمت قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ط

الٰہی بحرمت اینہا آنچہ مسان دمسانی در وجود فلاں بنت فلاں مسطولہ شدہ باشد دفع شد۔

سُورۃ الشَّمس

جس عورت کے بچے مرجاتے ہوں اس کے لیے حمل کے پہلے مہینے میں پاؤ
بھر دیسی اجوائن آدھ پاؤ سیاہ مرچ۔ ڈھائی پاؤ شہد خالص پہ چاند کے شروع میں پیر
کے دن اشراق کی نماز کے بعد ۴۱ مرتبہ اس مبارک سورۃ کو پڑھ کر دم کرنا پھر روزانہ ایام حمل
میں ایک چٹکی اجوائن کی تین دانے سیاہ مرچ کے ایک انگلی شہد کی روزانہ کھانا نہایت مجرب
ہے اگر اشیاء ختم ہو جائیں تو دوبارہ پھر پڑھ کر تیار کر لی جائیں۔

دیگر

(برائے حمل)

ترکیب: جس عورت کا حمل گر جاتا ہو اس نقش کو لکھ کر عورت کی کمر میں باندھیں تعویز رحم پر
رہے ضرورت کے وقت کھول ڈالے غسل کر کے پھر باندھ لے دردِ زہ کے موقع پر کھول
ڈالے چارپائی کی داہنی پٹی کی طرف باندھ دے جب پہلا نہان یعنی چھٹی نہا چکے
تو اس تعویز کو مع ڈورے کے جہاں پانی بہتا ہو یعنی دریا وغیرہ میں بہادے فاتحہ
دے کر کچھ شیرینی بچوں کو تقسیم کر دے۔

(۷۸۶)

۲۰	۲۳	۳۰	۲۷
۲۱	۲۶	۲۱	۲۲
۲۵	۲۸	۲۵	۲۴
۲۴	۲۳	۲۳	۲۹

دیگر

(برائے حمل)

ترکیب: جس عورت کے بچہ نہ ہوتا ہو تو شیریں انار کی چار پھانکیں اس طرح کی
جائیں کہ وہ جدا نہ ہوں غنچہ یعنی کلی کی طرح ہو جائیں۔

تب بسم اللہ پڑھ کر سورۃ یٰسٓ شریف پڑھیں۔

جب اوّل مُبِین پر پہنچیں تو انار پر دم کریں پھر شروع سے پڑھیں اور دوسرے
مُبِین پر پہنچ کر دم کریں اس طرح ساتوں مُبِین پر دم کریں۔

سات مبین ختم ہونے پر آخر میں ایک بار پوری سورۃ یٰسٓ شریف پڑھ
کر دم کریں یعنی شروع سے لے کر آخر تک پڑھ کر دم کیا جائے۔

اور پھر پاؤ سیر کشمش اور پاؤ سیر بھنے ہوئے چنے لے کر ان پر فاتحہ دیں
یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لے کر آج تک تمام اولیاء اللہ
اور کل مومن مردوں اور کُل مومن عورتوں کی روحوں کی ثواب پہنچائیں۔ اور ان
دونوں چیزوں کو چھوٹے بچوں میں بانٹ دیں۔

اور یہ عمل اس وقت کیا جائے جب عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کر چکی
ہو۔ اور پھر اس انار کو زنِ عقیمہ کو غسلِ حیض کے بعد کھلائیں۔

اللہ تعالیٰ لڑکا عطا فرمائے گا۔

برائے مسان

عمل

(برائے مسان)

ترکیب: جن بچوں کو سوکھے کا مرض ہوجاتا ہے اور وہ سوکھ کر کانٹا ہوجاتے ہیں اور مرجاتے ہیں ان بچوں کے گلے میں یہ نقش لکھ کر ڈال دیا جائے، تو انشاءاللہ تعالیٰ محفوظ رہیں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۲۶۳۷	۱
۶۲۳۶	۲	۷	۱۲
۳	۶۲۳۹	۹	۶
۱۰	۵	۴	۶۲۳۸

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب: جن بچوں کو سوکھا ہوجاتا ہو۔ اور وہ سوکھ کر کانٹا ہوجاتے ہیں اور کچھ دنوں کے بعد مرجاتے ہیں۔

اس کے لیے یہ عمل مجرب ہے لکھ کر گلے میں ڈال دیا جائے

(عمل صفحہ ۱۳۲ پر)

عمل یہ ہے:-

کالوالاوسالوالاکلب وماابرسوماً

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب: اس کی ترکیب وہی ہے جو اوپر لکھی گئی ہے لکھ کر گلے میں ڈالے۔

جلوس مردوس ارادس حلون سلون وطوس

باس الیتا دریا دریا باحیوناہٗ

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب:- یہ نقشِ مکرم چہل کاف کا ہے ہر قسم کے آسیب و مسان کے لیے مفید ہے کیسا ہی آسیب کا اثر ہو اللہ کے فضل و کرم سے باندھتے ہی دور ہو جاتا ہے لوبان کی دھونی دے کر باندھے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۹۰۹	۳۹۰۴	۳۹۱۱
۳۹۱۰	۳۹۰۸	۳۹۰۶
۳۹۰۵	۳۹۱۲	۳۹۰۷

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب: یہ نقش سفید مرغ (سفید مرغ سے مراد جس کے جسم پر سفید پروں کے علاوہ کسی قسم یا دوسرے رنگ کا کوئی پر نہ ہو) کے خون سے یک شنبہ (اتوار) کو لکھ کر گلے میں باندھے بفضلہٖ تعالیٰ فوراً شفا ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔

۸۶

۱۳۳	۱۴۰	۱۳۳	۱۴۱
۱۴۵	۱۳۰	۱۳۵	۱۳۶
۱۲۹	۱۳۲	۱۳۹	۱۲۶
۱۳۸	۱۲۰	۱۲۸	۱۳۳

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب: جس بچے کو مسان کی شکایت ہو ان آیاتِ مکرم کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ مسان اور جملہ آفات سے محفوظ رہے گا بہتر یہ ہے کہ بچے کے پیدا ہوتے ہی گلے میں ڈال دے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ○ مِّنْ وَّرَآئِهٖ

جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ ○ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ○ وَمِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ○

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب: یہ نقش مسان اور آسیب والے کے لیے بھی مفید اور مجرب ہے دونوں مریضوں کے لیے چاہے وہ مسان کا ہو یا آسیب کا۔ چالیس روز برابر ہر روز کاغذ پر لکھ کر مریض کو پانی میں گھول کر نہار منہ صرف فجر کے وقت پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسان والے بچے اور آسیب والے مریض کو شفا ہو گی۔ مسان والے بچے کو نقش گھول کر اس کا پانی پلائیں اور نقش کے کاغذ کو ہر روز بحفاظت رکھتے رہیں اور چالیس روز پورے ہونے پر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں جہاں مچھلیاں ہوں ڈال دیں۔ اور آسیب والا مریض نقش کو دھو کر اس کے کاغذ کو چبا کر اوپر سے وہ پانی پی لے ہر روز یہی عمل کرے مجرب ہے۔

بِحَقِّ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب: جس عورت کو مسان کی شکایت ہو اور اس عورت کے بچے سوکھ سوکھ کر

مرجاتے ہوں تو ان کو چاہیے کہ بچے کے پیدا ہوتے ہی یہ تعویذ لکھ کر موم جامہ کر کے اس بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ بچے کو کوئی شکایت نہیں رہے گی۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

۸۶ ۲ لک مامنوہ الخ اُخرجی یا حیُّ ۲۳ ھ

۱۲ ۱۱ ۱۱ مالا ح ع س

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب :۔ اس نقش کو لکھ کر مسان والے بچے کے گلے میں ڈال دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مسان کی شکایت جاتی رہے گی۔

دوسرا طریقہ :۔ اسی نقش کا یہ ہے کہ اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر رکھ لے اور جب روٹی پکا چکے تو گرم توے پر اس پانی کے چھینٹے دے اور جب اس میں سے دھواں نکلے تو بچے کی ماں اس بچے کو اس دھوئیں کی دھونی دے یعنی چھینٹوں سے نکلنے والا دھواں بچے کے جسم پر لگائے۔ گیارہ روز تک ایسا کیا جائے پانچ یا سات یا نو دن بھی کیا جا سکتا ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بچے کو شفا ہو گی مجرب ہے۔

نقش یہ ہے۔

۱۱۱۵ بسم اط ۱۱۱۱۵

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب :۔ اس نقش اصحابِ کہف کو چار عدد نئی کوری ٹھیکری لے کر (جن پر پانی نہ لگا ہو) ان پر لکھے اور آگ میں ڈالے۔ جب خون گرم ہو جائیں تو بچے کی چارپائی کے چاروں پایوں کے نیچے رکھ دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مسان والے بچے کو شفا ہو گی مُجرّب ہے بچے کی چارپائی کو چالیس روز تک وہیں بچھا رہنے دیں وہاں سے ہٹایا نہ جائے جب بچہ تندرست ہو جائے تو ان ٹھیکریوں کو کسی کنوئیں میں یا دریا میں ڈال دیا جائے اور یہی نقش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ حفظ و امان میں رہے گا۔

دوسری ترکیب :۔ جس بچہ کو مسان کے دورے پڑتے ہوں ہاتھ پاؤں کے ٹھنٹ بندھ جاتے ہوں منہ سے جھاگ آتے ہوں، آنکھیں چڑھ جاتی ہوں۔ اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ پھر کبھی دورہ نہ پڑے گا اور بچہ صحت یاب ہو جائے گا۔ یہ دونوں طریقے اس نقش کے نہایت مجرب ہیں۔

۱۰۳۰	۱۰۲۴	۱۰۱۰	۱۰۳۶
۱۰۱۲	۱۰۳۴	۱۰۳۲	۱۰۲۲
۱۰۴۰	۱۰۱۴	۱۰۲۰	۱۰۲۶
۱۰۱۸	۱۰۲۸	۱۰۳۸	۱۰۱۶

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب :۔ ایک پاؤ یا ڈیڑھ پاؤ اجوائن لے کر سُوْرَۃ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ سے لے کر تَوَّابًا تک پوری سورۃ اکیس ۲۱ بار پڑھ کر دم کیا جائے اور پھر اس اجوائن کے چار حصے کر لیے جائیں اور ایک ایک حصہ کپڑے میں باندھ کر زچہ کی چارپائی کے چاروں پایوں میں باندھ دیا جائے اور پلنگ یا چارپائی چالیس دن تک اسی جگہ رہے۔ بعد چالیس دن کے ان چاروں پوٹلیوں کو دریا میں ڈال دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ مسان سے محفوظ رہے گا نہایت مجرب و آزمودہ ہے اور بعد چالیس دن کے یہ نقش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ مسان سے محفوظ رہے گا اور جملہ آفات سے بچا رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

بحق جبرائیل ۰۹۶ بحق میکائیل

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

یا حی یا قیوم

دیگر

(گنڈہ برائے مسان)

ترکیب : جس عورت کے بچہ پیدا ہونے کے بعد سوکھ سوکھ کر مر جاتا ہو تو اس کو

چاہیے کہ جب حمل دو اور تین ماہ کے درمیان پہنچے تو کچے نیلے سوت کے اکتالیس دھاگے عورت کے قد کی برابر یعنی عورت کے پیر کے انگوٹھے سے لے کر پیشانی تک لیے جائیں اور ان دھاگوں پر سُوْرَۃ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ پوری اکتالیس بار پڑھ کر اکتالیس ۴۱ گرہیں لگائی جائیں گی۔ اور جب ایک بار سورۃ ختم کی جائے گی تو ان دھاگوں میں ایک گرہ لگا دی جائے گی اور اس پر یعنی گرہ پر دم کیا جائے گا۔

اسی طرح اکتالیس ۴۱ بار پڑھ کر اکتالیس گرہیں ان دھاگوں میں لگائی جائیں گی۔ اور ہر گرہ پر ایک بار پوری سُورۃ پڑھ کر دم کیا جائے گا۔ اور جب گنڈا تیار ہو جائے گا تو اس گنڈہ کو کپڑے میں سی کر اور بٹن اور کاج کر کے عورت اپنی کمر میں باندھ لے اور جماع کے وقت کھول ڈالے غسل کر کے پھر باندھ لے اور جب وضع حمل یعنی بچہ پیدا ہونے کا وقت آئے تو اس گنڈہ کو کھول کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسان کی شکایت جاتی رہے گی اور بچہ تندرست رہے گا۔ مجرب ہے۔

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب :۔ اس عبارت کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے تو انشاء اللہ تعالیٰ مامون و محفوظ رہے گا۔ مجرب ہے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یَا بَدُّوْحُ یَا غَفُوْرُ۔ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْہِمَا السَّلَامُ اَہِیًّا اَشْرَاہِیًّا فِی السَّقَرِ خَالِدٍ اَوْ مُخَلَّدٍ اَوْ بِاِسْمِہٖ دَرْکَاتٍ بِعَوْنِ اللّٰہِ

تَعَالٰی فِیْ کُلِّ شِفَآءٍ وَّعَلَیْهِمْ یَاحَافِظُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ بِرَحْمَتِكَ

یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب:۔ اگر کوئی بچہ یا بڑا آدمی سوکھتا چلا جائے اور بظاہر کوئی مرض معلوم نہ ہوتا ہو تو اس مریض کے لیے ایک ہزار تیرہ مرتبہ اس آیتِ شریفہ کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر پاؤ بھر چنبیلی یا سرسوں کے تیل پر دم کرکے رکھ دے پھر اس تیل سے تھوڑا تھوڑا ہر روز مریض کے بدن پر مالش کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن میں مریض قوی اور تندرست ہو جائے گا۔ آیت شریفہ یہ ہے۔

فَانْظُرْ اِلٰی آثَارِ رَحْمَتِ اللّٰهِ کَیْفَ یُحْیِی الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْیِ الْمَوْتٰی وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب:۔ تین دفعہ آیتِ قطب اور اکتالیس ۴۱ بار سورۂ فاتحہ معہ وصل میم بسم اللہ کے الحمد کی لام کے ساتھ اور تین تین مرتبہ اول آخر درود شریف پڑھ کر سوا پاؤ کچی گھانی کے تیل پر دم کرلے اور چالیس روز تک وقتِ مقررہ پر

جس لڑکے کو مسان کی بیماری ہو مالش کرے خدائے تعالیٰ اس کو شفائے کامل عطا فرمائے گا۔ آیتِ قطب یہ ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا یَّغْشٰی طَآئِفَةً مِّنْکُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِیَّةِ ط یَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّهٗ لِلّٰهِ ط یُخْفُوْنَ فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَكَ ط یَقُوْلُوْنَ لَوْ کَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ ط مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ کُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِکُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِهِمْ ط وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِکُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ط

دیگر

(برائے مسان)

(جس بچے پر مسان کا اتنا اثر ہو چکا ہو کہ اس کے بچنے کی توقع نہ رہی ہو، نہایت مجرب ہے)

ترکیبِ عمل:۔ ۱۶۶۲ مرتبہ سات گولیاں گڑ کی بنا کر جو چنے کی برابر ہوں دم کرے سات یوم تک ایک گولی برابر بچے کو دیتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ تندرست توانا ہوگا وہ عمل یہ ہے۔

اَدْعُوْنَ تَدْعُوْنَ آبِ زَدَمْ خُشْكْ شُوْ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ ابْتَمِ

از دنیا بروقت ونیز ناپیدا شود بحق لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ
اس کے استعمال کا وقت فجر کی نماز کے بعد صبح کا وقت ہے یعنی صبح کو ایک گولی
بچے کو دے دی جایا کرے۔ اور شام کو عصر مغرب کے درمیان اس نقش کو لکھ کر
پانی میں گھول کر سات یوم تک پلائے اور اس کے کاغذ کو بحفاظت رکھے اور سات یوم
پورے ہونے پر ان ساتوں کاغذوں کی گولیاں آٹے میں بنا کر دریا میں ڈالے یا کسی
حوض میں جہاں مچھلیاں ہوں۔

جو نقش عصر مغرب کے درمیان پلایا جائے گا وہ نقش یہ ہے۔
وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

١٢٨	١٤٢	١٣٥	١٣١
١٢٤	١٣٢	١٣٧	١٤٣
١٣٣	١٢٧	١٤٠	١٣٦
١٤١	١٣٥	١٣٤	١٢٦

8 IIII IIC m

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب:۔ جس بچے کو مسان کی شکایت ہو یعنی جس عورت کے بچے سوکھ سوکھ کر

مرجاتے ہوں تو اس کو چاہیے کہ عود صلیب کی دو لکڑیاں یعنی جوڑا لے کر ان دونوں
لکڑیوں کے بیچوں بیچ سوراخ کرا کے کہ وہ لکڑیاں پھٹیں نہیں۔ ان سوراخوں میں ڈورا
ڈال کر اس بچے کے گلے میں ڈالے اور تین سال تک مسلسل ان لکڑیوں کو پڑا رہنے دے
اور ڈورا جب خراب ہو جائے بدل دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسان کی شکایت جاتی
رہے گی اور بچہ موٹا تازہ اور تندرست و توانا رہے گا۔ مجرب ہے۔

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب:۔ جس بچے کو مسان کی شکایت ہو تو اس نقش کو لکھ کر دھجی میں لپیٹ کر گرہ لگا
کر بچے کی بائیں کلائی میں بغیر موم جامہ کیے عصر، مغرب کے درمیان باندھ دیا جائے
اور اگلے روز جب اس کلائی میں سے تعویذ کھولنے کا ارادہ کرے۔ تو دوسرا تعویذ
لکھ کر تیار رکھے اور پہلا تعویذ اس دھجی میں سے نکالتے ہی دوسرا اس دھجی میں
فوراً رکھ دے اور اسی میں لپیٹ کر گرہ لگا کر کلائی میں باندھے اور پہلا تعویذ نکالنے
کے وقت توے یا کسی دوسرے برتن میں آگ تیار رکھے۔ اور گندی نالی جو گھر
میں ہو اس کے قریب آگ رکھ لے اور یہ نکالا ہوا تعویذ کھول کر اسی وقت بچے کے
تمام جسم پہلے سر سے لے کر پیر کے تلوے پر ملے جسم کا کوئی حصہ اس کے ملنے
سے باقی نہ رہ جائے۔ اور مل کر فوراً اس کو آگ میں ڈال دے اور ڈالتے ہی وہاں
سے فوراً ہٹ جائے اور دھواں اس کے ڈالنے والے کو ذرا بھی نہ لگے فوراً ڈالتے
ہی ہٹ جانا چاہیے اور دھوئیں کا خیال رکھے۔ کہ کسی قسم کی چراند یا بو آتی ہے

دوبارہ جاکر دیکھے کہ نقش جل چکا ہے یا باقی ہے اگر جلنے سے باقی رہ گیا ہو تو کسی
چیز سے فوراً آگ پر رکھ دیا جائے۔ مگر دھونی کا خیال رکھے کہ جسم کے کسی حصہ پر
نہ لگ جائے نقش کو بچے کے جسم پر کھاٹی کی طرف سے ملنا چاہیے اور جو آدمی یا بچے
کی ماں پہلے دن شروع کرے گا وہی مسلسل چالیس یوم تک برابر کرتا رہے گا
دوسرا آدمی نہ بدلا جائے گا اور اس کی آگ یا راکھ کو مکان کے باہر نالی میں ڈال
دیا جائے۔ ان چالیس دن کے دوران جب جب دھجی میلی ہوتی رہے تب ہی
دوسری پاک اور صاف دھجی بدل دی جایا کرے۔ یہ نقش نہایت مجرب اور آزمودہ ہے
لیکن احتیاط لازمی ہے اسی کے ساتھ ساتھ جو نقش صبح شام گھول کر اس بچہ کو پلایا
جائے گا وہ بھی لکھا جاتا ہے ان دونوں نقشوں کے لیے وقت کی پابندی نہایت
ضروری ہے کسی دن ناغہ نہ کیا جائے۔ چالیس دن کے واسطے باندھنے والے نقش
اکٹھے لکھ کر بھی دیے جا سکتے ہیں اور روزانہ بھی لکھے جا سکتے ہیں جس میں لکھنے والے کو
آسانی ہو وہ پہلا دھونی کا جو بچہ کی بائیں کلائی پر باندھا جائے گا۔

وہ نقش یہ ہے۔

دوسرا نقش صبح شام پلانے کا وہ یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

دونوں وقت پلانے والے نقش کا جو کاغذ ہوگا اس کو بحفاظت رکھا جائے
اور چالیس دن پورے ہو جانے پر الگ الگ آٹے میں ان سب کی گولیاں بنا کر
دریا میں یا حوض میں جہاں مچھلیاں ہوں ڈال دیا جائے چالیس دن ختم ہونے کے
چالیسویں روز بچہ کے گلے کے لیے تعویذ تیار کیا جائے جو بچے کے گلے میں موم جامہ
کر کے ڈال دیا جائے گا وہ یہ ہے۔

یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا محمدؐ یا حضرت ابا بکر صدیقؓ یا حضرت
عمرؓ یا حضرت عثمانؓ یا حضرت علیؓ یا علی یا علی ہے ہے ہے ہے
ہے ہے ہے ہے ہے ہے ہے ہے ہے ہے ہے ہے ہے دواؤ دواؤ دواؤ دواؤ دواؤ
دواؤ دواؤ دواؤ حی حی حی حی حی حی حی اوہ اوہ اوہ اوہ اوہ اوہ اوہ
اوہ اھیا شراھیا ادھیا

جب تعویذ تیار کر لے گلے کا تب یہ دھونی کا نقش تیار کرے اور اس کا فتیلہ بنا کر
بچہ کو اوڑھا کر بچے کو دھونی دے یعنی آگ پر وہ نقش ڈال کر اس کا دھواں کپڑا
اوڑھے ہوئے بچے کو دے اور جب دھونی دے چکے تب وہ گلے والا تعویذ بچے

کے گلے میں فوراً ڈال دے اور حسب توفیق شیرنی یا مٹھائی منگا کر اس پر فاتحہ دے
کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر مومنین اور مومنات کی روحوں کو ثواب پہنچا کر
بچوں کو اس مٹھائی کو تقسیم کر دے۔

وہ چالیسویں دن دھونی کا تعویذ یہ ہے۔

٥٧	٧٠	٦٧	٦٤
٦٨	٦٣	٥٨	٦٩
٦٢	٦٥	٧٢	٥٩
٧٠	٦٠	٦١	٦٦

G 8 IIII II G m ∝

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب:۔ جو بچہ اپنے والدین کے قول کے مطابق پہلے موٹا فربہ ہو اور اب مسان
کی وجہ سے یا کسی بیماری کی وجہ سے دن بدن کمزور اور پتلا ہوتا جاتا ہو تو اس
بچے کے بائیں کان میں یہ آیت شریفہ سات مرتبہ سات دن تک برابر پڑھ کر
دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچے کا جسم فربہ ہو جائے گا۔ اور اصلی حالت پر آ
جائے گا وہ آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمَانَ وَاَلْقَیْنَا عَلٰی کُرْسِیِّہٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝

برائے حاجت

عمل

ترکیب:۔ جب کوئی مصیبت نازل ہو یا کوئی پریشانی درپیش ہو تو چاہیے کہ رات
کو نصف حصہ میں اُٹھ کر وضو کرے اور دو رکعتیں ادا کرے جس وقت سلام پھیر چکے
تو قبلہ رُو بیٹھا رہے اور اس درود شریف کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔

وہ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُحِلُّ بِھَا عُقْدَتِیْ
وَتُفَرِّجُ بِھَا کُرْبَتِیْ وَتَقْضِیْ بِھَا حَاجَتِیْ ۝

درود شریف کو پورا کر کے باری تعالیٰ کی جناب میں دعا کرے ضرور قبول ہوگی
اس کے فوائد کثیر ہیں جو کہ شمار میں نہیں آ سکتے۔ مجرب ہے۔

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب:۔ قرآن مجید میں دو آیتیں ایسی جامع اور مانع ہیں کہ وہ دنیا میں اپنی مثل
نہیں رکھتیں۔ جو شخص ان دونوں آیتوں کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو خدا تعالیٰ اس کی

تمام مشکلوں کو آسان فرما دے گا اور دشمن پر فتح مندی عنایت فرمائے گا اور تمام ہموم
وغموم کو دور فرمائے گا اور یہ دونوں آیتیں امراض ظاہرہ کے لیے بے حد مفید ہیں اور
کسی پاک طشتری پر لکھ کر روغنِ گلاب اور روغنِ زیتون سے دھو کر جسم پر ملنے سے
مریض بہت جلد شفایاب ہوگا اور یہ روغن، زنبور (بھڑ یا تتیا) کے کاٹے اور
پھوڑے پھنسی کے لیے اکسیر ہے۔

پہلی آیت یہ ہے:۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ
وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ
الْجَاهِلِيَّةِ ط يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ط قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ
كُلَّهٗ لِلّٰهِ ط يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ط يَقُوْلُوْنَ
لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ط قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ
فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ
وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ط وَاللّٰهُ
عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

دوسری آیت یہ ہے:۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ
بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ز سِيْمَاهُمْ
فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ط ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ
فِي الْاِنْجِيْلِ ط كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى

عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ط وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ط

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب:۔ جس شخص کو کوئی سخت حاجت پیش آئے پس اس کو چاہیے کہ سجدہ کی حالت میں چالیس مرتبہ اس دعا کو پڑھے اور اپنی انگلی سے اشارہ کرتا جائے اور اپنے مقصد کے لیے دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا ضرور قبول ہوگی جب تک حاجت رفع نہ ہو برابر اس کو کرتا رہے۔

دوسری جگہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو شخص حضرت یونس علیہ السلام کی دعا پڑھ کر اپنی حاجت چاہے گا تو خدا تعالیٰ اس کی دعا کو قبول فرمائے گا۔

وہ دعا یہ ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ
مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب:۔ جو شخص اس کو کسی ضرورت کے لیے تین سو دفعہ پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے اس کی حاجت پوری فرمائیں گے۔

وہ یہ ہیں۔

یَا حَیُّ یَا حَلِیْمُ یَا عَزِیْزُ یَا کَرِیْمُ اس جملے پر آنے کے وقت اپنے مقصد کا خیال رکھے۔ اس سخت کام کو آسان کر بحق اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کم از کم چالیس یوم کیا جائے اور اگر پہلے ہی مقصد حاصل ہو جائے تب چالیس یوم کی ضرورت نہیں۔

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب:۔ جو شخص اس عمل کو صبح فجر کی نماز کے بعد اور شام کو مغرب کی نماز کے بعد روزانہ ایک مرتبہ پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام حاجتیں جو وہ رکھتا ہو اللہ کے کرم سے پوری ہوں گی خصوصاً دشمنوں کے شر اور مکر و فریب سے بالکل محفوظ رہے گا اور موت کے سوا ہر قسم کی بلاء و مصیبت سے بچتا رہے گا جب عامل اس عمل کو بھول جائے تو سمجھنا چاہیے کہ اس کے مرنے کا وقت قریب آگیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ حَرَسْتُ نَفْسِیْ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ وَمَا حَضَرَنِیْ وَمَا غَابَ عَنِّیْ بِالْحَیِّ الدَّائِمِ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَاَلْجَأْتُ ظَهْرِیْ فِیْ حِفْظِ ذٰلِكَ بِالْحَیِّ الْقَیُّوْمِ۔

(وَاَصْبَحْتُ اگر صبح کو بعد نماز فجر پڑھ رہا ہے تو یہ کلمہ کہے) (وَاَمْسَیْتُ اگر شام کو بعد نماز مغرب پڑھ رہا ہے تو یہ کلمہ کہے) دعا دونوں وقت پوری پڑھی جائے گی صرف صبح اور شام کے یہ کلمے وقت کے لحاظ سے دعا کے ساتھ پڑھنے ہیں۔

فِیْ جِوَارِ اللّٰهِ تَعَالٰی الَّذِیْ لَا یُرَامُ وَلَا یُضَامُ وَلَا یُسْتَبَاحُ وَفِیْ ذِمَّتِهٖ وَضَمَانِهٖ الَّذِیْ لَا یَخْفُوْ ضَمَانَ۔ عَبْدِهٖ وَاسْتَمْسَكْتُ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی رَبِّیْ وَرَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا ط تَوَكَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ وَاعْتَصَمْتُ بِاللّٰهِ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ نِعْمَ الْقَادِرُ اللّٰهُ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اِنَّ وَلِیِّ‌یَ اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ ۝ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا كَثِیْرًا كَثِیْرًا عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَآءَ نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمٰتِهٖ۔ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب:۔ یہ نقش مکرم سورہ یٰسٓ شریف کا ہے۔ جملہ حاجت کے لیے سریع التاثیر

ہے۔ مثلاً حُبّ[۱] کے لیے، بغض[۲] کے لیے، شفاء امراض[۳] کے لیے، علوئے[۴] مراتب کے لیے۔ دفع اثر زہر کے لیے مجرب ہے۔

نقش کرم یہ ہے۔

۷۸۶

۹۲۹۱۲	۵۳۹۱۶	۵۲۹۱۹	۵۳۹۰۵
۵۳۹۱۸	۵۲۹۰۶	۵۳۹۱۲	۵۲۹۱۴
۵۲۹۰۷	۵۳۹۲۱	۵۲۹۱۳	۵۳۹۱۱
۵۳۹۱۵	۵۲۹۱۰	۵۳۹۰۸	۵۲۹۲۰

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب:۔ اگر کوئی کارِ خیر میں حیران ہو آدھی رات کو کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر دو رکعت بلا تعین سورۃ پڑھے۔ پھر سجدہ میں جا کر ایک ہزار دفعہ یہ دعا پڑھے اور سو جائے کوئی اس کی مدد فرمائے گا۔

یَارَبِّ دُلَّنِیْ عَلٰی عَبْدٍ مِّنْ عِبَادِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ حَتّٰی یَدُلَّنِیْ عَلَیْکَ وَیُعَرِّفَنِیْ طَرِیْقَ الْوُصُوْلِ اِلَیْکَ

اس عمل کو سات یا گیارہ دن تک کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیاب ہوگا۔

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب:۔ بعد نوافل مغرب تنہائی میں بیٹھ کر اور آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر سو دفعہ یَارَبِّ یَارَبِّ یَارَبِّ کہے جو خدا سے چاہے گا وہ ملے گا اور اگر ہزار دفعہ اسکی تکرار کرے گا تو یقیناً اس کی انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی سات دن تک اس عمل کو کرے۔ عروجِ ماہ میں نوچندی جمعرات سے شروع کرے۔

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب:۔ جس شخص کو کوئی سخت سے سخت کام درپیش ہو تو اس کو چاہیے ہر نماز کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر چند مرتبہ یہ کلمات پڑھے جب تک وہ پریشانی دور نہ ہو برابر کرتا رہے وہ دعا یہ ہے:۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَنْجِحُکَ بِاِسْمِ یَحْیٰی بْنِ زَکَرِیَّا یَامَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب:۔ جو شخص پریشان حال ہو۔ وہ اپنی پریشانی دور کرنے کیلیے روزانہ

فجر کی نماز کے بعد یہ عشاء کی نماز کے بعد ستر مرتبہ یہ دعا پڑھے گا تو حق تبارک و تعالیٰ اس کی پریشانیوں کو دور فرمائیں گے بشرطیکہ توجہ اور خلوص کے ساتھ پڑھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اپنے ارادے میں کامیاب ہوگا۔

وہ دعا یہ ہے:۔

یَا شَفِیۡقُ یَا رَفِیۡقُ نَجِّنِیۡ مِنۡ کُلِّ صِنۡعٍ ہ

جب تک مقصد حاصل نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب :۔ جو شخص بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط کو روزانہ سات سو چھیاسی مرتبہ ایک چلّہ (یعنی چالیس روز تک) بعد نماز فجر بعد نماز عشاء اور بعد نماز تہجد پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مشکلیں اس کی آسان ہوں گی آزمودہ اور مجرب ہے لیکن اس میں اکل حلال صدق مقال، غیبت وغیرہ تمام برائیوں سے پرہیز لازمی ہے۔ بسم اللہ کے عدد الف الرحمٰن کے اعتبار سے سات سو چھیاسی ہوتے ہیں۔

پرہیز

لہسن، پیاز، انڈا، مچھلی، گوشت بڑے اور چھوٹے کا اس کے علاوہ ہر چیز کھا سکتا ہے۔

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب :۔ اس دعا کو روزانہ دو سو مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آٹھ آنے روزانہ ملیں گے وہ دعا یہ ہے۔

یَا دَآئِمَ الۡعِزِّ وَالۡبَقَآءِ یَا وَاہِبَ الۡوُجُوۡدِ وَالۡعَطَآءِ یَا وَدُوۡدُ ذُو الۡعَرۡشِ الۡمَجِیۡدُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیۡدُ اَللّٰہُمَّ رَبَّنَآ اَنۡزِلۡ عَلَیۡنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوۡنُ لَنَا عِیۡدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنۡکَ وَارۡزُقۡنَا وَاَنۡتَ خَیۡرُ الرّٰزِقِیۡنَ، بِحُرۡمَۃِ تَتَکَفَّلُ بِحَقِّ یَا صَمَدُ الۡغَفَّارُ ذَا الۡمَنِّ عَلٰی جَمِیۡعِ خَلۡقِہٖ بِلُطۡفِہٖ یَا صَمَدُ۔

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب :۔ ایک سو گیارہ بار اس وظیفے کو پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ روزی فراخ ہوگی اور پریشانی دور ہوگی وظیفہ یہ ہے۔

اَللّٰہُمَّ تُبۡ عَلَیۡنَا قَبۡلَ الۡمَوۡتِ وَہَوِّنۡ عَلَیۡنَا شِدَّتَ الۡمَوۡتِ وَارۡحَمۡنَا عِنۡدَ الۡمَوۡتِ وَلَا تُعَذِّبۡنَا بَعۡدَ الۡمَوۡتِ یَا خَالِقَ الۡحَیٰوۃِ وَالۡمَوۡتِ تَوَفَّنَا مُسۡلِمِیۡنَ وَاَلۡحِقۡنَا بِالصّٰلِحِیۡنَ۔

جب تک پریشانی دور نہ ہو۔

دیگر

(برائے حاجت)

یہ دعا سو بار روزانہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ یَارَبَّ الْاَرْبَابِ وَیَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَ
یَامُسَهِّلَ الْاَصْعَابِ وَیَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ
وَیَادَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ تَوَکَّلْتُ
عَلَیْکَ یَارَبِّ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ یَارَبِّ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔

برائے خواب

عمل

(مُردہ و زندہ کو خواب میں دیکھنا)

ترکیب: جس شخص کا ارادہ ہو خواب میں دیکھنے کا اپنے حبیب کو خواہ زندہ ہو خواہ مردہ ہو۔ تو چاہیے اس کو اپنا بستر پاک رکھے اور اپنی اہل سے علیحدہ سوئے سونے سے قبل دو رکعت نماز ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورہ وَالشَّمْس اور دوسری رکعت میں سات مرتبہ سُورۂ وَاللَّیل پڑھے

پھر سلام پھیرے اور جس قدر ہو سکے درود شریف پڑھے اور پھر اس نقش کو لکھے۔ اور لکھ کر تکیے کے نیچے رکھ کر سو جائے پس دیکھے گا وہ جو کچھ دیکھنا چاہتا ہے۔ اللہ کی مدد اور اس کی قوت سے دیکھے گا سوتے وقت داہنی کروٹ سے سوئے۔ سوتے ہوئے کوئی پہلو بدل جائے تو کوئی مضائقہ نہیں۔

نقش یہ ہے..... اس کو بدھ کی شب سے شروع کیا جائے۔

ص	م	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	م
م	ل	ا	ص

دیگر

(مُردہ یا زندہ کو خواب میں دیکھنا)

ترکیب: سونے سے پہلے چاہیے وضو کرے اور پاک لباس پہنے، خوش بو اور عطر وغیرہ لگائے اور ایک مرتبہ سورۂ وَاللَّیل اور ایک مرتبہ سورہ وَالتِّین پڑھے بعد اس کے یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ کَذَا وَکَذَا وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ
اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ
مَا اَسْتَدِلُّ بِهٖ عَلٰی اِجَابَةِ دَعْوَتِیْ ۔

انشاء اللہ تعالیٰ پہلی ہی رات کو مقصود کو پائے گا۔ اگر نہ پائے تو دوسری یا
تیسری شب کو ورنہ ساتویں شب تک ایسا کرے اگر ساتویں شب کو نہ دیکھے تو جاننا
چاہیے کہ عمل میں کوئی کمی رہ گئی ہے۔۔۔۔ یعنی کپڑے پاک نہ ہوں یا بستر ناپاک ہو
اس لیے اپنے کپڑے اور بستر دونوں کا پاک ہونا نہایت ضروری ہے۔ مجرب ہے۔
یہ عمل بدھ کی شب میں شروع کیا جائے۔

دیگر

(برائے خواب)

ترکیب:۔ جس چیز کا خواب میں دیکھنے کا ارادہ ہو تو چاہیے کہ سونے سے قبل
اس دعا کو ایک مرتبہ پڑھے۔

وہ دُعا یہ ہے:۔

اَللّٰھُمَّ یَارَبَّ اِبْرَاھِیْمَ وَمُوْسٰی وَرَبَّ اِسْحٰقَ
وَیَعْقُوْبَ وَرَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَرَبَّ مِیْکَائِیْلَ
وَرَبَّ اِسْرَافِیْلَ وَرَبَّ عِزْرَائِیْلَ مُنْزِلَ التَّوْرَاۃَ
وَالْاِنْجِیْلَ وَالزَّبُوْرَ وَالْفُرْقَانَ الْعَظِیْمَ اَرِنِیْ فِیْ
مَنَامِیْ مَا فِیْہِ الْخَیْرَاتُ۔

اس کو پڑھ کر سیدھی کروٹ پر یہ پڑھے یَااَلْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ جب تک
نیند نہ آئے اس کو برابر پڑھتا رہے۔ یہاں تک کہ اس کو پڑھتا پڑھتا سو جائے۔ خدا
کے حکم سے اس کو دکھے گا جس کے دیکھنے کا ارادہ کیا ہے مجرب ہے۔

اس عمل کو بدھ کی شب سے شروع کیا جائے اور سات دن تک کرے۔

دیگر

(برائے خواب)

ترکیب:۔ جو شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہونا چاہے
تو اس کو چاہیے کہ سونے سے پہلے غسل کرے اور دو رکعت نماز پڑھے اور نماز کے
بعد اس دعا کو پڑھ کر پاک بستر پر سو جائے۔

وہ دعا یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا یَنْبَغِیْ لِکَرَمِ وَجْھِکَ وَعَزَّ جَلَالِکَ
اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ عَلٰی دَوَامِ اِحْسَانِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ
اَسْئَلُکَ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَبِنُوْرِ وَجْھِکَ الْکَرِیْمِ الَّذِیْ اَشْرَقَتْ
بِہِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَاَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ تُنَزِّلُ بِہِ الْمَطَرَ
وَالرَّحْمَۃَ عَلٰی مَنْ تَشَآءُ مِنْ عِبَادِکَ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ اَنْتَ اِلٰھُنَا
وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ مَا دَعَوْتُکَ بِہٖ اَنْ تَرَانِیْ
فِیْ مَنَامِیْ ھٰذَا سَیِّدِیْ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ
تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا عَدَدَ خَلْقِہٖ وَرِضٰی نَفْسِہٖ وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ
وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ۔

پس زیارت سے مشرف ہوگا۔ اس عمل کو بدھ کی شب سے شروع
کرے اور تین شب مسلسل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پہلی ہی شب میں ورنہ تین

راتوں کے اندر ضرور زیارت سے مشرف ہوگا۔

دیگر

(عمل برائے زیارتِ نبی صلعم)

ترکیب:۔ جو شخص خواب میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہونا چاہے تو اس کو چاہیے کہ دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے (قُل ہو اللہ شریف) جب نماز سے فارغ ہو جائے تو اس دعا کو سات مرتبہ پڑھے۔

یَامُحْسِنُ یَامُجْمِلُ یَامُنْعِمُ یَامُفَضِّلُ اَرِنِیْ وَجْهَ حَبِیْبِیْ وَنَبِیِّیْ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

انشاء اللہ تعالیٰ وہ زیارت سے مشرف ہوگا۔ اس عمل کو پڑھنے کے وقت ان باتوں کا لحاظ رکھنا نہایت ضروری ہے۔ جسم پاک ہو کپڑے پاک ہوں، بستر پاک ہو اور عطریات سے ہر چیز کو بسانے اور اس کے شروع کرنے کا دن منگل ہو کر بدھ کی شب سے ہے انشاء اللہ تعالیٰ پہلی ہی شب میں ورنہ تین راتوں میں ضرور زیارت سرورِ کونین سے مشرف ہوگا، مجرب ہے۔

دیگر

(برائے خواب)

ترکیب:۔ جو شخص اپنے دینی و دنیوی کاموں کے متعلق معلوم کرنا چاہے، کہ اس

کام میں میرے لیے بھلائی ہے یا برائی تو اس کو چاہیے کہ اس نقش لکھ کر اپنے سرہانے تکیے کے نیچے رکھے اور داہنی کروٹ پر لیٹے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سب حال اس پر روشن ہو جائے گا اس کو منگل کا دن ختم ہو کر بدھ کی شب سے شروع کرنا چاہیے۔ لیکن یہ عمل کرنے والے کے کپڑے پاک، بستر پاک، اور جسم پاک ہونا چاہیے اور اپنے جسم کپڑے اور بستر کو خوشبو سے عطر کی بسا لینا چاہیے یہ عمل پانچ یا سات دن تک کیا جائے گا نہایت مجرب ہے۔

وہ نقش یہ ہے۔

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ ۷۸۶ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِي كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ

۲۰۶۲	۲۰۶۵	۲۰۶۸	۲۰۵۴
۲۰۶۷	۲۰۵۵	۲۰۶۱	۲۰۶۶
۲۰۵۶	۲۰۷۰	۲۰۶۳	۲۰۶۰
۲۰۶۴	۲۰۵۹	۲۰۵۷	۲۰۶۹

دیگر

(برائے خواب)

(عمل زیارتِ نبی صلعم)

ترکیب:۔ جو شخص خواب میں حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی

زیارت سے مشرف ہونا چاہے تو اس کو چاہیے کہ شب جمعہ کو دو رکعت نماز پڑھے اور
ہر رکعت میں آیۃ الکرسی ایک دفعہ اور سورہ اخلاص پندرہ دفعہ پڑھے اور سلام پھیرنے
کے بعد حضور قلب کے ساتھ یہ دُعا بلا تعداد پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْزَلْتَ الْمَطَرَ مِنَ السَّمَآءِ لِتُحْیِیَ بِهِ الْاَرْضَ
وَتُسْقِیَ بِهِ الْعِبَادَ مِنْ خَلْقِكَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ قَدِ اشْتَدَّ شَوْقِیْ
اِلٰی مُحَمَّدٍ وَطَالَ حُزْنِیْ بِهِ اَللّٰھُمَّ فَارْحَمْنِیْ وَمُنَّ عَلَیَّ مِنْ
نَظَرِ وَجْھِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

اس عمل کو پڑھنے کے وقت ان باتوں کا لحاظ نہایت ضروری ہے کپڑے
پاک ہوں جسم پاک ہو بستر پاک ہو اور عطریات کی خوشبو سے تمام چیزیں بسی ہوئی ہوں
جبتک زیارت نہ ہو برابر عمل کو کرتا رہے۔

دیگر

(برائے خواب)

ترکیب: جو شخص اپنے حالات دینی و دنیوی میں سے کچھ معلوم کرنا چاہے تو اس کو
چاہیے کہ دو رکعت نماز استخارہ ادا کرے اور بعد میں اس دعا کو (۱۴۱) بار پڑھے
اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ کسی سے بات کیے بغیر سو جائے، سونے
کے وقت اپنے مطلب کا دل میں خیال رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں تمام حقیقت واضح ہو جائے گی۔ بدھ کی شب سے
شروع کرے اور تین یا پانچ یا سات دن تک کرے۔

وہ دعا یہ ہے:۔

مَنْ مُّرِیْدٌ حَالِ نُّسْتِ یَا عِجَازَ الْغَیْبِ یَا عَطَائے
عَلِیؑ یَا عَطَائے رَسُوْلؐ

نہایت مجرب ہے آزمائے اور دیکھیے، پڑھنے والے کا لباس پاک، بستر
پاک اور جسم پاک ہونا نہایت ضروری، خوشبو سے ہر چیز کو بسائے۔

دیگر

(برائے خواب)

ترکیب:۔ جو شخص کہ اپنے نیک و بد سے خبردار ہونا چاہیے۔ یعنی دین اور دنیا کے
حالات معلوم کرنا چاہے تو اس کو چاہیے کہ اس تعویذ کو لکھ کر جس مقصد کے معلوم کرنے کا
ارادہ کرے گا اور اس کو اپنے سر کے نیچے یا تکیے کے نیچے رکھ کر سوئے گا۔ اللہ تعالیٰ کے
فضل و کرم سے اس کا جواب خواب میں پائے گا عمل کرنیوالے کو اپنے کپڑے جسم اور بستر پاک
رکھنا نہایت ضروری ہے ہر چیز کو خوشبو میں بسالے نہایت مجرّب ہے۔

وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۸۸۳	۱
۸۸۲	۲	۷	۱۲
۳	۸۸۵	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۸۴

القابض

دیگر

(برائے خواب)

ترکیب:۔ سونے سے پہلے وضو کر کے اپنے بستر پر بیٹھ کر اس کو پڑھے پہلی مرتبہ پانچ بار اَعُوْذُ بِاللّٰهِ پوری پھر پانچ بار بِسْمِ اللّٰه شریف پوری اور پھر اس دعا کو اکیس بار پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ اَرِنِیْ وَجْهَ مُحَمَّدٍ حَالًا وَّ مَآلًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ

یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ

یہ عمل اس ترکیب سے پڑھا جائے گا اور پھر اس کو پڑھ کر دعا کیجئے کہ اے خدا فلاں کام کا حال مجھ کو معلوم ہو جائے۔ جو کچھ تیرے علم میں ہے مجھ کو بذریعہ خواب یا کسی آواز دینے والے کے ذریعے آگاہ فرما پھر داہنے کروٹ سے سو جائے سوتے وقت سر قطب کی طرف اور منہ قبلہ کی طرف ہونا چاہیے خواہ زمین ہو یا پلنگ ہو انشاءاللہ تعالیٰ اپنے مقصد میں کامیاب ہو گا لیکن ساتھ ہی ان تمام باتوں کا لحاظ رکھنا نہایت ضروری ہے۔ کپڑے پاک ہوں، جسم پاک ہو، بستر پاک ہو اور خوشبو میں ہر چیز بسی ہوئی ہو۔ نہایت مجرب ہے۔ منگل کا دن ختم ہو کر بدھ کی شب سے شروع کرے اور

تین روز یا پانچ روز یا سات روز تک کرتا رہے۔

دیگر

(برائے خواب)

(دیکھنا آنحضرت صلعم کو خواب میں)

ترکیب:۔ ثوبان رضی اللہ عنہ سے منقول ہے جو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام تھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص سوتے وقت یہ کلمے پڑھے مجھ کو خواب میں دیکھے۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْبَيْتِ الْحَرَامِ وَالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالرُّكْنِ وَالْمَقَامِ اِقْرَاْ رُوْحَ مُحَمَّدٍ مِّنِّی السَّلَامَ۔

لیکن ان باتوں کا خیال ضرور رکھے کہ اس کا جسم پاک ہو کپڑے پاک ہوں اور بستر پاک ہو اور خوشبو میں تمام چیزیں بسی ہوئی ہوں۔ انشاءاللہ تعالیٰ ضرور زیارت سے مشرف ہو گا۔

بدھ کی شب سے شروع کرے ورد رکھنے سے بہت جلد اپنے مقصد میں کامیاب ہو گا۔

دیگر

(برائے خواب)

ترکیب:۔ جس کسی خواب میں دیکھنا منظور ہو کہ وہ زندہ ہے یا مر گیا تو غسل کرے اور پاک کپڑے پہنے۔ بعد نماز عشاء چار رکعت نفل پڑھے الحمد شریف کے

بعد سورۂ التکاثر چاروں رکعتوں میں ایک ایک بار پڑھے۔ پھر پاک بستر پر لیٹ کر اس دعا کو پڑھتا ہوا سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ پہلی ہی رات میں دیکھے گا ورنہ تیسری رات میں ضرور اپنے مقصد کو پہنچے گا مسلسل تین رات یہ عمل کیا جائے اس عمل کو منگل کا دن ختم ہونے کے بعد بدھ کی شب سے شروع کیا جائے۔

وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فُلَانَ عَلَی الْحَالَۃِ الَّتِیْ ھُوَ عَلَیْھَا

جس کو دیکھنا ہو عورت ہو یا مرد فلاں کی جگہ اس کا نام لیا جائے۔

بھاگنے والے کیلیے

عمل

ترکیب:۔ جو شخص کہ بھاگ گیا ہو تو اس کو واپس لانے کے لیے سات مرتبہ سورہ یٰس شریف پڑھے۔ جب "مکرمین" پر آئیں تو بھاگے ہوئے کا نام لیں اور ایک قفل پر دم کر کے بند کر دیں۔ پھر اسے ہوا میں پھینک دیں تاکہ پھر کھا کر لوٹ آئے مجرب ہے۔

(قفل یعنی تالا) سورۂ یٰس شریف پوری پڑھی جائے گی تالے کو ہوا کی رخ کی طرف پھینکیں۔

دیگر

(بھاگنے والے کے لیے)

ترکیب:۔ جو شخص کہ بھاگ گیا ہو تو اس کو واپس لانے کے لیے یہ نقش لکھ کر ایسی جگہ باندھیں کہ ہوا سے متحرک ہو انشاء اللہ تعالیٰ مفرور واپس آئے گا مجرب ہے۔ مربع کے اندر جو جگہ چھوٹی ہوئی ہے۔ بھاگے ہوئے کا نام لکھے اور بھاگے ہوئے کے نام کے ساتھ اس کی ماں کا نام لکھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا مُحَمَّدُ یا عَلِیُّ

الٰہی فلاں برگردد در سوائے خانہ خویش

قرار نگیرد

فُلَان

دیگر

(بھاگنے والے کے لیے)

ترکیب:۔ اگر کسی کا چھوٹا بچہ کھو جائے یا بڑا آدمی بھاگ جائے تو اس آیت کریمہ

کو ایک ہزار تین سو اکیس بار پڑھ کر دعا کرنا اور اس آیۃ شریفہ کو ایک سفید کاغذ پر تین مرتبہ مع بسم اللہ کے لکھ کر درخت پر لٹکانا بے حد مفید ہے خدا کے فضل وکرم سے بہت جلد بچہ اور بڑا واپس چلا آئے گا۔

آیت یہ ہے :-

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ۔

انشاء اللہ تعالیٰ ہفتہ نہیں لگے گا کہ کھویا ہوا بچہ مل جائے گا اور بڑا بھاگا ہوا واپس آ جائے گا پڑھتے وقت اس کا تصور کیا جائے گا۔ پڑھنے والا اپنا خاص آدمی ہو گا۔ ماں باپ یا کوئی اور جس نے دیکھا ہو اور لکھنے کے وقت کھوئے ہوئے کا نام اور اس کی ماں کا نام ضرور لکھا جائے گا۔

دیگر

(بھاگنے والے کے لیے)

ترکیب :- جو بچہ مدرسے یا مکتب سے بھاگتا ہو اس کے گلے میں ان مبارک آیتوں کو لکھ کر موم جامہ کر کے بطور تعویذ ڈالنا نہایت مفید ہے۔ وہ بچہ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگنا چھوڑ دے گا وہ آیتیں یہ ہیں۔

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّیْنِ وَاِنَّ عَلَیْكُمْ لَحٰفِظِیْنَ كِرَامًا كَاتِبِیْنَ یَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ یَصْلَوْنَهَا یَوْمَ الدِّیْنِ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِیْنَ ۔

دیگر

(بھاگنے والے کے لیے)

ترکیب : جس کا بچہ گم ہو جائے یا بڑا بھاگ جائے تو ایسی صورت میں اس کو چاہیے سورۃ والضحیٰ (یعنی وَالضُّحٰى وَاللَّیْلِ اِذَا سَجٰى) کی پوری سورت پڑھتا رہے دھو با وضو ہر وقت ہر حالت میں اس سورۂ مبارکہ کو پڑھتا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ جس جگہ سے بچہ کھو گیا تھا اس جگہ پہنچانے والے آن کر پہنچا جائیں گے اور بچہ اُسی مقام پر واپس آ جائے گا اور بڑا خود بخود گھبرا کر بہت جلد انشاء اللہ اپنی جگہ لوٹ آئے گا مجرب ہے۔ پڑھنے کے وقت بھاگے ہوئے کا تصور رکھنا ضروری ہے اس کی کوئی تعداد نہیں ہے بلا تعداد کثرت سے اس کو پڑھتا رہے۔

دیگر

(بھاگنے والے کے لیے)

ترکیب :- جس شخص کی کوئی چیز گم ہو جائے یا بچہ کھو جائے تو اس کو چاہیے کہ اس درود شریف کو لکھ کر کسی درخت میں باندھ کر لٹکائے جو چیز گم ہو جائے اس درود شریف کے نیچے اس چیز کا نام لکھا جائے اور جو بچہ کھو گیا ہے اس بچے کا اور اس کی ماں کا نام ضرور لکھا جائے وہ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ وَّاَلْفَ اَلْفَ ذَرَّةٍ ۔

دیگر

(بھاگنے والے کے لیے)

ترکیب :- جس شخص کا بچہ کھو گیا ہو یا بڑا بھاگ گیا ہو تو وہ اس نقش مکرم کو لکھ کر انار کے درخت میں لٹکا دے انشاء اللہ کھویا ہوا یا بھاگا ہوا فوراً واپس ہو گا نہایت مجرب ہے بھاگنے والے اور کھونے والے کا نام اور اس کی ماں کا نام ضرور لکھے۔

ع

یا اَلِفُ | یا اَللهُ

ھ ـــ دوم

یا اَلِفُ | یا اَللهُ

الٰہی بحق این نقش مفرور فلاں بن فلاں (یعنی بھاگے ہوئے کا نام اور اس کی ماں کا نام) بیقرار شود۔ زود بیاید، زود بیاید، زود بیاید

دیگر

(بھاگنے والے کے لیے)

ترکیب :- جو شخص کسی سے ناراض ہو کر چلا گیا ہو یا بھاگ گیا ہو تو اس آیت کو کسی کاغذ پر لکھ کر اور اس کاغذ کی تہہ بنا کر تعویز بنا لے اور ایک دھاگہ کچے سفید سوت کا

سات بالشت لمبا لے کر اس کو موڑ دے اس طرح وہ ایک ایک بالشت کے سات دھاگے بن جائیں گے ان سات دھاگوں کا ایک سرا تہہ کیے ہوئے تعویز کے بیچ بیچ باندھ دیا جائے گا اور دوسرا سرا کسی اونچی جگہ یا اونچے مقام پر باندھ کر لٹکا دے جو ہوا سے ہلتا رہے تعویز میں بھاگے ہوئے کا نام اور اس کی ماں کا نام ضرور لکھنا ہے یہ کام اس کے ماں باپ یا کوئی قریبی رشتہ دار کریگا تعویز اس جگہ لٹکانا ہے جہاں سے وہ بھاگا ہے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا بہت جلد واپس ہو گا۔

نہایت مجرب ہے وہ آیت یہ ہے۔

اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللّٰہُ جَمِیْعًا ط اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ o

الٰہی بحق این کلام مفرور فلاں بن فلاں بیقرار گردد، زود بیاید، زود بیاید، زود بیاید

تاکید :- ایسی حالت میں کہ جن کا کھویا ہوا بچہ واپس آجائے اور بھاگا ہوا لوٹ آئے تو اس کے شکریہ میں شیرینی ضرور تقسیم کر دینی چاہیے۔

برائے درد

عمل

ترکیب :- جس شخص کے پیٹ میں درد ہو اس کے لیے دو ہاتھ کی مقدار کی لکڑی مضبوط سی لے کر اس کے دونوں سرے اپنے دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر جس مقام پر درد ہو رکھ کر سات مرتبہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پوری پڑھ کر دم کرے۔ درد کی جگہ پر لکڑی

کو معمولی طریقے سے دبائے اگر درد جاتا رہے تو ضرورت نہیں اور اگر درد دوسری جگہ منتقل ہو گیا ہے یعنی اس جگہ سے دوسری جگہ ہے تو دوسری جگہ بھی اسی طرح سے پڑھ کر دم کرے اور دبائے انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا مجرب ہے۔

دیگر

(برائے درد)

ترکیب: جس شخص کو خون کے دست درد کے ساتھ آتے ہوں اس کے لیے روزانہ لکھ کر کاغذ پر، دھو کر پلائیں اور کاغذ بچے ہوئے کو بھی چبا کر کھالیں انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد شفا ہو گی وہ آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ اِذۡ قَالَتِ امۡرَاَتُ عِمۡرٰنَ رَبِّ اِنِّىۡ نَذَرۡتُ لَـكَ مَا فِىۡ بَطۡنِىۡ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلۡ مِنِّىۡ اِنَّكَ اَنۡتَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ۝

دیگر

(برائے درد)

ترکیب: جس عورت کے ناف کے نیچے یعنی پیڑو میں درد ہو تو یہ آیت مبارکہ لکھ کر پلادے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی وہ آیت یہ ہے۔

نَحۡنُ خَلَقۡنٰهُمۡ وَشَدَدۡنَاۤ اَسۡرَهُمۡ وَاِذَا شِئۡنَا بَدَّلۡنَاۤ اَمۡثَالَهُمۡ تَبۡدِيۡلًا ۝

دیگر

(برائے درد)

ترکیب: جس شخص کے پیٹ میں درد ہو تو پہلی بار پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے ہاتھ سے پیٹ ملے اگر درد جاتا رہا تو خیر ورنہ پھر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا وہ آیت شریفہ یہ ہے۔

وَكَانَ فِى الۡمَدِيۡنَةِ تِسۡعَةُ رَهۡطٍ يُّفۡسِدُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا يُصۡلِحُوۡنَ ۝

دیگر

(برائے درد)

ترکیب: یہ دعا درد شکم دور کرنے کے لیے مجرب ہے۔ اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو اس مبارک دعاء کو لکھ کر دھو کر پلائیں۔ فی الفور درد موقوف ہو جائے گا دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَنۡتَ الۡبَاسِطُ وَاَنَا الۡمَبۡسُوۡطُ فَمَنۡ يَّدۡعُ الۡمَبۡسُوۡطُ اِلَّا الۡبَاسِطُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ

دیگر

(برائے درد)

ترکیب: جس کے پستان میں درد ہو۔ اس نقش مکرم کو لکھ کر پلائیں اور ایک

لکھ کر مریضہ کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ شفایاب ہوگی سات روز تک برابر پلانا چاہیے اور اسی پانی کو سینے پر بھی ملنا چاہیے ۔ اس امر میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے ۔

٨	١٢	١٥	١
١٤	٢	٧	١٣
٣	١٧	١٠	٦
١١	٥	٤	١٦

دیگر

(برائے درد)

ترکیب :۔ جس کو درد گلو کی شکایت ہو یا درم ہو تو اس جگہ پر یہ نقش لکھ کر باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ گلے کی صحت ہوگی ۔

نقش یہ ہے :۔

موطیل	وطل
وطل	موطیل

✧ ✧ ✧

دیگر

(برائے درد)

عمل برائے علاج عرق النساء

ترکیب :۔ ایسے مریض پر سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص (یعنی الحمد شریف پوری [illegible] قل ھو اللہ شریف پوری) سات مرتبہ اور اس دعا کو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے [illegible] انشاء اللہ تعالیٰ جلد شفا ہوگی وہ دعا یہ ہے :۔

بِسْمِ اللّٰہِ الْکَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الشَّافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ہ

اس آیت کو سات مرتبہ پڑھے اور اس آیت کے بعد اس آیت کو ایک مرتبہ پڑھے جو آگے لکھی ہوئی ہے یعنی وہ یہ ہے ۔

لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰہِ ط وَتِلْکَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُھَا لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ ہ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَةِ ج ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ہ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ہ ھُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ط یُسَبِّحُ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ہ

دیگر

(برائے درد)

ترکیب: جس شخص کے دانتوں میں درد ہو تو یہ عمل اس طرح کیا جائے اول گوشے میں پہلے چھری گاڑ کر یعنی دبا کر یہ پڑھے۔

اِلٰہی بِحُرْمَتِ حَضْرَتِ عُثْمَانِ بْنِ عَفَّانْ

اور چھری کو اس گوشہ پر خوب زور دے اور مریض سے کہہ دیا جائے کہ جس دانت میں درد ہے اسے خوب زور سے پکڑے اگر درد جاتا رہے تو خیر ورنہ دوسرے تیسرے، چوتھے گوشے پر اسی طرح کرے انشاء اللہ تعالیٰ درد بالکل جاتا رہے گا۔

۳ تیسرا گوشہ — دوسرا گوشہ ۲

۴ چوتھا گوشہ — پہلا گوشہ ۱

دیگر

(برائے درد)

ترکیب: جس شخص کے جس دانت میں درد ہو اس تعویذ کو لکھ کر دانت کے نیچے رکھے

انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔

اَیُّهَا الضَّرْسُ الْمَضْرُوْسُ اُسْکُنْ بِقُدْرَۃِ مَلِکِ الْقُدُّوْسِ۔

دیگر

(برائے درد)

ترکیب: جس شخص کے جس مقام پر عرق النساء کا درد ہو اس جگہ پر اس آیت شریفہ کو پڑھ کر دم کرے اور نابالغ لڑکی کا کاتا ہوا سوت لے کر اتنا لمبا کیا جائے کہ وہ باندھنے کی جگہ پر آسانی سے بندھ جائے۔ اس میں سات گرہ لگائے ایک دفعہ پڑھ کر پہلی گرہ پر دم کرے دوسری دفعہ پڑھے، دوسری گرہ پر دم کرے اسی طرح ترتیب سے سات گرہوں پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور جس جگہ درد ہو اس درد کی جگہ اس گنڈے کو باندھے انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔ مجرب ہے۔

وہ آیت شریفہ یہ ہے:-

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۔ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۰

برائے آسانی

پیدائش

عمل

ترکیب:۔ مندرجہ ذیل دعا کو کسی پاک طشتری پہ لکھے اور دھو کر حاملہ کو پلائے تھوڑا سا اس کے پیٹ اور ناف پر مل دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد آسانی سے بچے کی ولادت ہو گی دعا یہ ہے:۔

كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ط اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ط

دیگر

(برائے آسانی پیدائش)

ترکیب:۔ اس نقش کو لکھ کر درد زہ کی حالت میں عورت کی داہنی ران میں یا جامہ کے اندر باندھے

انشاء اللہ تعالیٰ آسانی سے بچہ پیدا ہوگا اور اگر کسی جانور کو تکلیف ہو

اس کے سینگ میں باندھے دونوں کے لیے بے حد مجرب ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱	۲۶	۲۳
۲۲	۳۰	۲۸
۲۷	۲۴	۲۹

دیگر

(برائے آسانی پیدائش)

ترکیب:۔ اس نقش کو لکھ کر عورت کے داہنے ہاتھ پر رکھ دے اور عورت اس نقش کو غور سے دیکھے جلد بچہ پیدا ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔

نقش یہ ہے:۔

ج ح خ ط ظ ع ف ق ی لا ل م

ششم ددد اسولا ل م

دیگر

(برائے آسانی پیدائش)

ترکیب:۔ کوری ٹھیکری پر نقش لکھ کر ہاتھ کے نیچے دبا کر توڑ دے اس عمل سے

بھی بچہ بہت جلد پیدا ہوگا وہ نقش یہ ہے :-

۷۸۶

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

دیگر

(برائے آسانی پیدائش)

ترکیب:- اگر بچہ پیدا ہونے میں سختی اور درد زہ کی شدت ہو تو یہ تعویذ لکھ کر پاک کپڑے میں رکھ کر بائیں ران میں عورت کے باندھے اور پیدا ہونے کے بعد فوراً اس کو کھول ڈالے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اِهْيَا اِشْرَاهِيَا ۔

دیگر

(برائے آسانی پیدائش)

ترکیب:- بھوڑے گڑ پر اکیس بار دم کرے پھر عورت کو کھلائے مجرب ہے

(آیت صفحہ ۱۹۰ پر دیکھیے)

آیت شریفہ یہ ہے :-

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۔

دیگر

(برائے آسانی پیدائش)

ترکیب:- جس عورت کے پیٹ میں بچہ مر گیا ہو تو یہ تعویذ لکھ کر اور دھو کر پلائے خدا کے فضل سے جلد باہر آوے ۔

وہ تعویذ یہ ہے ۔

ح ح ح غ ع د د لق ۷ د ط
۲۵۱ کہ ا کہ لق و و

دیگر

(برائے آسانی پیدائش)

ترکیب:- اگر لڑکا پیدا ہونے میں سختی درد زہ کی بشدت ہو تو یہ عبارت لکھ کر پاک کپڑے میں رکھ کر بائیں ران میں عورت کے باندھے اور بعد پیدا ہونے لڑکے کے فوراً اس کو کھول ڈالے ۔

(عبارت صفحہ ۱۹۱ پر دیکھیے)

حنت ولدت یحیٰی ومریم ولدت عیسیٰ الارض
دندعوك یا ولد اخرج یا ولدہٗ

دیگر

(برائے آسانی پیدائش)

الله کافی یا فتاح الله کافی
یا الله یا غفور
محمد صلی الله علیہ وسلم

ترکیب: یہ نقش سرعت ولادت کے لیے مجرب ہے۔ پیپل کے پتے پر لکھ کر پانی میں دھو کر حاملہ عورت کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد پیدا ہو جائے گا۔ دردِ زہ کی کچھ تکلیف نہ ہو گی۔

دیگر

(برائے آسانی پیدائش)

ترکیب: جس عورت کے بچہ پیدا ہونے کے وقت سخت تکلیف ہو اور درد کی وجہ سے پریشان ہو تو اس کے واسطے یہ لکھ کر پیشانی پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ آسانی سے پیدا ہو گا وہ یہ ہے۔

اَلشَّكُوْرُ اَلصَّبُوْرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؕ

دیگر

(برائے آسانی پیدائش)

ترکیب: جس عورت کے بچہ پیدا ہوتے وقت درد کی شکایت ہو اور بچہ پیدا نہ ہوتا ہو اور سخت تکلیف میں مبتلا ہو تو اس کے لیے گڑ کی تین گولیاں بنائیں اور ہر گولی پر تین تین مرتبہ اس آیت مبارکہ کو پڑھ کر کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد سے جلد چھٹکارا ہو جائے گا۔

وہ آیت مبارکہ یہ ہے۔ اس کے اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ ضرور پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ فَلْیَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ؕ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ○ یَّخْرُجُ مِنْ ۢ بَیْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ؕ ○

دیگر

(برائے آسانی پیدائش)

ترکیب:- جس عورت کے دردِ زہ اٹھ رہا ہو اس نقش کو لکھ کر اس عورت کی بائیں ران میں باندھے۔ مگر ناپاک نہ ہونے دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد بچہ پیدا ہوگا۔ اور پیدائش کے بعد فوراً یہ تعویذ کھول لے۔ جو نقش مثلث بائیں ران میں بندھے گا وہ یہ ہے۔

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

دیگر

(برائے آسانی پیدائش)

ترکیب:- جس عورت کے بچہ پیدا ہونے کے وقت تکلیف ہو تو کاغذ پہ یہ آیت شریفہ لکھے:-

وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اٰهِیًا اَشْرَاهِیًا

اور اس کے تعویذ کو پاک دھجی میں لپیٹ کر عورت کی بائیں ران میں باندھے اور بچہ پیدا ہونے کے بعد فوراً کھول لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد بچہ پیدا ہوگا نہایت مجرب ہے۔

بچہ کے

رونے دھونے کے لیے

عمل

ترکیب:- جو بچہ روتا ہو خواہ لڑکا ہو یا لڑکی تو اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رونا دھونا موقوف ہو جائے گا مجرب ہے۔

وہ نقش یہ ہے:-

۷۸۶

ضا	سُ	ضا	ضا
۳۶	۱۲۲	یا	سُ
۶۱	۸۹	۶۲	۲۹
۸۹	۱۳	۶۱	۵۲

دیگر

(بچہ کے رونے دھونے کیلیے)

ترکیب:- جو بچہ روتا ہو اس قدر کہ گھر میں سب پریشان ہوں تو اس کے لیے اس نقش کو لکھ کر بچے کے تکیہ میں سی کر سر کے نیچے رکھے انشاء اللہ تعالیٰ رونا بند ہو جائے گا۔

جب تک سر کے نیچے یہ نقش رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے :-

۷۸۶

س	ل	ع	ع
۱۳	۱۷	۱۷	و
۱۲	۱۶	۷	ع
۱	۲	۲۴	۱۵

دیگر

(بچہ کے رونے دھونے کے لیے)

ترکیب :- اگر بچہ روتا ہو یا دودھ نہ پیتا ہو ایک کاغذ پر ان مبارک آیتوں کا بچے کے گلے میں ڈالنا نہایت مجرب ہے آیتیں یہ ہیں۔

وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

دیگر

(بچہ کے رونے دھونے کے لیے)

ترکیب :- یہ نقش مکرم بچہ کے رونے دھونے کے لیے مجرب ہے اگر کسی کا بچہ روتا

ہو تو اس نقشِ معظم کو لکھ کر اس کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ اس کا رونا بند ہو جائے گا۔ نقش مبارک مع بسم اللہ اور اس آیت کو جو نقش کے نیچے لکھی ہے لکھیں اور اس کا خیال نہ کریں کہ اس نقش کی چال صحیح نہیں ہے اور ہندسے مکرر آئے ہیں۔ وہ نقش یہ ہے :-

۷۸۶

۸	۱۳	۴۴	۷
۳۴	۶۱	۲۴	۱۷
۱۲۳	۷۱	۱۳۴	۱۷
۱۲	۹	۹	۴

لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ۝

دیگر

(بچہ کے رونے دھونے کے لیے)

ترکیب :- جو بچہ روتا ہو اور وہ بچہ دودھ بھی نہ پیتا ہو اس بچہ کے لیے اس آیت مبارکہ کو کسی کاغذ پر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے

وہ آیت مبارکہ یہ ہے :-

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ۝ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ۝ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ۝ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ۝

دیگر

(بچہ کے رونے دھونے کے لیے)

ترکیب:- جو بچہ روتا ہو اس نقش مکرّم کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالے وہ نقش یہ ہے انشاء اللہ بچہ کا رونا بند ہو جائے گا۔

۷۸۶

۱۲۱۶۹	۱۲۱۸۲	۱۲۱۷۹	۱۲۱۷۶
۱۲۱۸۰	۱۲۱۷۵	۱۲۱۷۰	۱۲۱۸۱
۱۲۱۷۴	۱۲۱۷۷	۱۲۱۸۴	۱۲۱۷۱
۱۲۱۸۳	۱۲۱۷۲	۱۲۱۷۳	۱۲۱۷۸

دیگر

(بچہ کے رونے دھونے کے لیے)

ترکیب:- جو بچہ اس قدر روتا ہو کہ اس کی زبان تالو سے نہ لگتی ہو اور تمام گھر والے اس کے رونے سے پریشان ہوں بشرطیکہ کان میں یا پیٹ میں درد نہ ہو یا ہنسلی (یعنی مونڈھا) اترا نہ ہو تو اس صورت میں یہ سات جگہ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے اور انھیں ساتوں کو تین مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ رونا موقوف ہو جائے گا وہ یہ ہیں۔

ھی ھی ھی ھی ھی ھی ھی

دیگر

(بچہ کے رونے دھونے کے لیے)

ترکیب:- جو بچہ بہت روتا ہو اور دودھ نہ پیتا ہو اس کے لیے اس آیت مبارکہ کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی۔

وہ آیت مبارکہ یہ ہے:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۝

دُودھ بڑھ جانے کے لیے

عمل

ترکیب:- جب عورت کے دودھ کی کمی ہو یا دودھ خشک ہو گیا ہو اس کو جاری کرنے کیلیے اس آیت مبارکہ کو نمک لاہوری پر پڑھ کر سات مرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف اپنے کھانے کی چیزوں میں ملا کر استعمال کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ بڑھ جائے گا۔

(آیت مبارکہ صفحہ ۱۹۹ پر دیکھیے)

وہ آیت مبارکہ یہ ہے:۔

مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ؕ

دیگر

(دودھ بڑھ جانے کے لیے)

ترکیب:۔ اگر عورت کے دودھ میں کمی ہو تو ذیل کی آیتیں پڑھ کر نمک پر دم کر کے اور کھانے میں ڈال کر عورت کھائے۔

پہلی آیت:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَیْنِ كَامِلَیْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ

دوسری آیت:۔ وَاِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ؕ

تیسری آیت:۔ وَاِنَّ لَكُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِیْكُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ ؕ

دیگر

(دودھ بڑھ جانے کے لیے)

ترکیب:۔ اگر کسی بھینس یا گائے وغیرہ کو نظر ہو جائے اور دودھ نہ دیتی ہو تو آٹے

کے پیڑے پر پڑھ کر کھلائیں آٹا چنے کا ہو۔

وہ آیتیں یہ ہیں:۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِیْكُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ ۝ وَاِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ؕ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝ اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ ۝ سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ۝

اس عمل مذکور کو تین دن تک ہر روز تین دفعہ چنے کے آٹے کے پیڑے پر پڑھ کر دم کر کے تب کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہو گا اور دودھ دینے لگے گی۔

دیگر

(دودھ بڑھانے کے لیے)

ترکیب:۔ اگر کسی جانور کا کسی بیماری کی وجہ سے دودھ خشک ہو جائے تین روز تک پاؤ بھر چنے کا آٹا لے کر گیارہ مرتبہ الحمد شریف اور گیارہ مرتبہ آیت

وَاِنَّ لَكُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِیْكُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ ؕ

پڑھ کر آٹے پر دم کر کے جانور کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ پہلے سے زیادہ دودھ دینے لگے گا۔

دیگر

(دودھ بڑھ جانے کے لیے)

ترکیب :۔ جس عورت کی چھاتیوں کا دودھ خشک ہوگیا ہو اس نقش کو زعفران اور گلاب سے لکھ کر موم جامہ کرکے عورت کے گلے میں ڈالے اور ایک تعویذ روزانہ لکھ کر پلا دے۔ سات یوم تک انشاء اللہ تعالیٰ دودھ خدا کے فضل و کرم سے جاری ہوگا نقش یہ ہے :۔

٨	٧٠٢٧	٧٠٣٠	١
٧٠٢٩	٢	٧	٧٠٢٨
٣	٧٠٣٢	٧٠٢٥	٦
٧٠٢٦	٥	٤	٧٠٣١

دیگر

(دودھ بڑھ جانے کے لیے)

ترکیب :۔ جس عورت کے دودھ کم ہو تو اس نقشِ مکرم کو لکھ کر موم جامہ کرکے عورت کے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ بڑھ جائے گا وہ نقشِ مکرم یہ ہے :۔

١٨	١١	١٦
١٣	١٥	١٧
١٤	١٠	١٢

دیگر

(دودھ بڑھ جانے کے لیے)

ترکیب :۔ اگر کسی عورت کا دودھ خشک ہوگیا ہو اس کے گلے میں ان آیتوں کو لکھ کر موم جامہ کرکے ڈالنا ان ہی آیتوں کو پانی پر پڑھ کر اس پانی سے سینے کو دھونا پھر اس پانی کو پاک محفوظ دیوار پر چھڑکنا یا ایسی زمین پر ڈالنا کہ وہ اس پانی کو خشک کرلے نہایت مفید ہے آیتیں یہ ہیں۔

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِیْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ط فِیْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَیْرِ اٰسِنٍ ج وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ یَتَغَیَّرْ طَعْمُهٗ ج وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ ج وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّی ط

دیگر

(دودھ بڑھ جانے کے لیے)

ترکیب :۔ جس عورت کے دودھ کم ہو یا کسی وجہ سے کم ہوگیا ہو تو اس عورت کا دودھ بڑھانے کے لیے اس نقشِ مکرم کو تین دن تک برابر باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں۔ خدا کے فضل و کرم سے دودھ زیادہ ہوجائے گا۔ وہ نقشِ مکرم یہ ہے۔

١٣٦٧	١٣٧١	١٣٧٤	١٣٦٠
١٣٧٣	١٣٦١	١٣٦٦	١٣٧٢
١٣٦٢	١٣٧٦	١٣٦٩	١٣٦٥
١٣٧٠	١٣٦٤	١٣٦٣	١٣٧٥

عورت
کے مخصوص ایّام
عمل

ترکیب:۔ جس عورت کو خون حیض و نفاس بشدت جاری ہو جاوے اس نقش کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر عورت کی دائیں ران میں باندھے خدا کے فضل سے خون بند ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۷۵	۲۰۲	۲۰۲
۴۵۲	۴۰۱	۱۵
۲۷۲	یا قابض	۵۲۷

دیگر

(عورت کے مخصوص ایام)

ترکیب:۔ جس عورت کی ماہواری میں کمی ہو اور اس سے تکلیف ہو تو ان آیات کو لکھ کر کمر میں باندھیں اس صورت میں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے۔

(آیات صفحہ ۲۰۴ پر دیکھیے)

آیات یہ ہیں:۔

پہلی آیت:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ۝ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝

دوسری آیت:۔ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاۗءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

انشاءاللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

دیگر

(عورت کے مخصوص ایام)

ترکیب:۔ جس عورت کی ماہواری میں زیادتی ہو اس آیت کو لکھ کر کمر میں باندھیں اس صورت میں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے وہ آیت یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَاۗءَكِ وَيٰسَمَاۗءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَاۗءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَي الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ

انشاءاللہ تعالیٰ شفا ہوگی

دیگر

(عورت کے مخصوص ایام)

ترکیب:۔ جس عورت کی ماہواری بند ہوگئی ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر عورت کی

دائیں ران میں باندھے انشاءاللہ تعالیٰ حیض جاری ہو جائے گا۔

وہ تعویذ یہ ہے:-

لا	حیّ	لا	ھ	و	لا
ص			ی		س
ح	ک	ن		٢ س	

بخار
کے لیے
عمل

ترکیب:- ان آیات مبارکہ کو لکھ کر بخار والے مریض کے گلے میں ڈال دے انشاءاللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا مجرب ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ بَرَآءَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَکِیۡمِ بِفُلَاں بنُ فُلَان (فلاں بن فلاں کی جگہ مریض کا اور مریض کی ماں کا نام لکھا جائے) مِنۡ کُلِّ مَا نَعُوۡذُ بِاِذۡنِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَوۡ کَالَّذِیۡ مَرَّ عَلٰی قَرۡیَۃٍ وَّ ھِیَ خَاوِیَۃٌ عَلٰی عُرُوۡشِھَا قَالَ اَنّٰی یُحۡیٖ ھٰذِہِ اللّٰہُ بَعۡدَ مَوۡتِھَا فَاَمَاتَہُ اللّٰہُ مِائَۃَ عَامٍ فَانۡظُرۡ اِلٰی طَعَامِکَ وَ شَرَابِکَ لَمۡ یَتَسَنَّہۡ ج وَ انۡظُرۡ

اِلٰی حِمَارِکَ وَ لِنَجۡعَلَکَ اٰیَۃً لِّلنَّاسِ وَ انۡظُرۡ اِلَی الۡعِظَامِ کَیۡفَ نُنۡشِزُھَا ثُمَّ نَکۡسُوۡھَا لَحۡمًا ط فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَہٗ ۙ قَالَ اَعۡلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ۙ قُلۡنَا یٰنَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰۤی اِبۡرٰھِیۡمَ وَ اَرَادُوۡا بِہٖ کَیۡدًا فَجَعَلۡنٰھُمُ الۡاَخۡسَرِیۡنَ ۝

دیگر

(بخار کے لیے)

ترکیب:- جس شخص کو بخار آنے لگا ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر بغیر موم جامہ کیے ہوئے پاک دھجی میں لپیٹ کر عورت اپنے بائیں بازو پر اور مرد اپنے دائیں بازو پر باندھے اس کے علاوہ گلے میں ڈالا جا سکتا ہے۔ مجرب ہے۔

قُلۡنَا یٰنَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰۤی اِبۡرٰھِیۡمَ اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنۡ شَرِّ کُلِّ عِرۡقٍ نَعَّارٍ وَّ مِنۡ شَرِّ کُلِّ حَرِّ النَّارِ اللّٰہُ شَافِیۡ ۝

انشاءاللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا۔

دیگر

(بخار کے لیے)

ترکیب:- یہ طلسم بخار کے لیے نہایت ہی مجرب ہے جس شخص کو بخار آ رہا ہو تو اس کو چاہیے کہ اس طلسم کو بخار والے مریض کے سرہانے اس کے تکیے کے نیچے بغیر موم جامہ کیے ہوئے رکھے انشاءاللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا۔ اور مریض

اچھا ہو جائے گا وہ طلسم یہ ہے طلسم میں فلاں بن فلاں جس جگہ لکھا ہے وہاں مریض اور مریض کی ماں کا نام لکھے۔

دیگر

(بخار کے لیے)

ترکیب: جس شخص کو بخار آتا ہو اور سردی بھی معلوم ہوتی ہو تو ایسے مریض کیلیے اس نقش کو لکھ کر اس کے بازو پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ جاڑا بخار جاتا رہے گا اور مریض شفایاب ہوگا وہ نقشِ مکرم یہ ہے:

۷۸۶

۵۶۷	۵۶۲	۵۶۹
۵۶۸	۵۶۶	۵۶۴
۵۶۳	۵۷۰	۵۶۵

دیگر

(بخار کے لیے)

ترکیب: اس تعویذ کو لکھ کر بخار والے مریض کے گلے میں ایک دھجی میں لپیٹ کر ڈالے انشاءاللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا اور شفا ہوگی موم جامہ کی ضرورت نہیں۔

دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ جِلْدِیَ الرَّقِیْقَ وَعَظْمِیَ الدَّقِیْقَ مِنْ شِدَّةِ الْحَرِیْقِ یَا اُمَّ مِلْدَمٍ اِنْ كُنْتِ آمَنْتِ بِاللهِ الْعَظِیْمِ فَلَا تُصَدِّعِیْ رَأْسِیْ وَلَا تُنْتِنِیْ فَمِیْ وَلَا تَأْكُلِیْ لَحْمِیْ وَلَا تَشْرَبِیْ دَمِیْ وَتَحَوَّلِیْ عَنِّیْ اِلٰی مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهًا آخَرَ مَعَ اللهِ۔

دیگر

(بخار کے لیے)

ترکیب: اس تعویذ کو لکھ کر دھجی میں لپیٹ کر بغیر موم جامہ کے بخار والے کے گلے میں ڈالے۔ انشاءاللہ صحت ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ عَظْمِیَ الرَّقِیْقَ جِلْدِیَ الدَّقِیْقَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فَوْرَةِ الْحَرِیْقِ یَا اُمَّ مِلْدَمٍ اِنْ كُنْتِ آمَنْتِ بِاللهِ وَالْیَوْمِ الْآخِرِ فَلَا تَأْكُلِیْ لَحْمِیْ وَلَا تَشْرَبِیْ دَمِیْ وَلَا تَعُوْدِیْ عَلٰی فَمِیْ وَانْتَقِلِیْ اِلٰی مَنْ یَزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللهِ اِلٰهًا آخَرَ فَاِنِّیْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا

عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

دیگر

(بخار کے لیے)

ترکیب:- جس شخص کو بخار آتا ہو اس آیتِ مبارکہ کو لکھ کر بخار والے کے گلے میں باندھیں۔ مفید ہے، آیت یہ ہے۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا
وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ

فلاں بن فلاں کا بخار جاتا رہے۔ فلاں بن فلاں کی جگہ اس کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھنا چاہیے۔

دیگر

(بخار کے لیے)

ترکیب:- جس شخص کو بخار آرہا ہو اور کسی طرح اترتا نہ ہو جس کو پرانا بخار کہا جاتا ہے ایسے مریض کے لیے چاہیے کہ اتوار کے دن سات تاگے نیلے کچے سوت کے لے کر اتنے بٹے کر ان کا گنڈا مریض کے گلے میں باندھ دیا جائے اور گنڈا اسی ترکیب سے تیار ہوگا کہ ہر گرہ پر ایک ایک بار بِسْمِ اللّٰهِ شریف الحمد شریف پوری اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ شریف پوری اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ پوری اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پوری پڑھ کر دم کرے اسی طرح ان سات دھاگوں پر سات گرہیں لگائے اور ہر گرہ پر اسی طرح دم کرے اور پھر مریض کے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفا پائے گا۔ اور اس کا پرانا بخار اللہ کے

فضل وکرم سے جاتا رہے گا۔

دیگر

(بخار کے لیے)

ترکیب:- جس شخص کو بخار آتا ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں ڈالے یا پاک دھجی میں لپیٹ کر مرد اپنے دائیں بازو پر اور عورت اپنے بائیں بازو پر باندھے تعویذ میں مریض کا نام اور مریض کی ماں کا نام ضرور لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا۔

وہ یہ ہے:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یٰنَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤى اِبْرٰهِیْمَ
وَاَرَادُوْا بِهٖ كَیْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِیْنَ ۝

دیگر

(بخار کے لیے)

ترکیب:- جس شخص کو بخار جاڑے (یعنی سردی) کے ساتھ آتا ہو اس مریض کیلیے سات مرتبہ اس آیت مبارکہ کو پانی پر دم کرکے پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جاڑے سے چڑھنے والا بخار جاتا رہے گا اور مریض اچھا ہو جائے گا۔ وہ آیت مبارکہ یہ ہے اس عمل کو تین روز یا سات روز تک کیا جائے بخار سے ایک یا دو گھنٹہ قبل پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے۔

فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۝

دیگر

(بخار کے لیے)

ترکیب :۔ جس شخص کو بخار آتا ہو اور کسی وقت نہ اترتا ہو اس کے لیے ضروری ہے کہ صبح کو ایک چھوٹے سے کاغذ پر ۸۶ ، اور يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلایا جائے اور جس کاغذ پر لکھا گیا ہے مریض اس کو چبا کر نگل جائے اور اوپر سے یہ پانی پی لے اور شام کو ایک چھوٹے سے کاغذ پر ۸۶ ، اور سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ لکھ کر پانی سے دھو لے اور مریض کو پلایا جائے اور جس کاغذ پر لکھا گیا ہے مریض اس کو چبا کر نگل لے اور اوپر سے یہ پانی پی لے اس عمل کو سات یا نو یا گیارہ روز تک مسلسل کیا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی اور بخار جاتا رہے گا۔

دیگر

(بخار کے لیے)

ترکیب :۔ جس مرد، عورت یا بچے کو روزانہ بخار چڑھتا ہو اور اتر جاتا ہو ایسے مریض کے لیے ایک چھوٹے سے کاغذ پر ۸۶ ، اور يَا مُحِيْطُ اور دوسرے دن ۸۶ ، اور يَا مُحِيْطُ اور تیسرے دن ۸۶ ، اور يَا مُحِيْطُطُ لکھنے والا چاہے جس وقت لکھ کر دے دے اور تعویذوں پر نمبر ڈال دے کہ یہ پہلے دن کا ہے یہ دوسرے دن کا ہے اور یہ تیسرے دن کا ہے اس کے باندھنے میں یہ احتیاط

رکھنی ضروری ہے کہ ہر تعویذ سورج نکلنے سے پہلے ہر روز باندھا جائے اور باندھنے کے بعد جو تعویذ کھولا گیا ہے۔ اس کو کنوئیں میں ڈال دیا جائے ان تعویذوں کو ہر روز پاک دھجی میں لپیٹ کر مرد اور لڑکا اپنے دائیں بازو پر اور عورت اور لڑکی اپنے بائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو شفا ہو گی اور بخار جاتا رہے گا مریض پہلے اور دوسرے دن کے تعویذ کو دھجی سے الگ کر کے جب کنوئیں میں ڈالے تو تیسرے تعویذ کو اگر محسوس کرے کہ بخار کا کچھ اثر ہے چند روز بندھا رہنے دے اور جب سمجھے کہ بخار کا اثر بالکل اب نہیں ہے تب اس تعویذ کو کھول کر دھجی سے علیحدہ کر کے کنوئیں میں ڈال دے یا احتیاطاً چند روز بندھا رہنے دے۔

دیگر

(بخار کے لیے)

ترکیب :۔ جس عورت مرد یا بچہ کو ایک دن چھوڑ کر باری کا بخار چڑھتا ہو تو اس کو چاہیے کہ کوری تین ٹھیکریاں چھوٹی چھوٹی لے کر یا آبخورے کے تین چھوٹے چھوٹے ٹکڑے لے کر کہ جن کو پانی نہ لگا ہو تو پہلی ٹھیکری پر ۸۶ ، اور يَا مُحِيْطُ دوسری ٹھیکری پر ۸۶ ، اور يَا مُحِيْطُطُ تیسری ٹھیکری پر ۸۶ ، اور يَا مُحِيْطُطُطُ لکھ کر باری چڑھنے سے دو گھنٹہ قبل پاک دھجی میں لپیٹ کر مرد اور لڑکا اپنے دائیں بازو پر اور عورت اور لڑکی اپنے بائیں بازو پر باندھے اور دوسری باری کے دوسری نمبر والی ٹھیکری باری سے دو گھنٹہ قبل باندھ دی جائے گی اور پہلی ٹھیکری جو کھولی گئی ہے دھجی سے نکال کر کنوئیں میں ڈال دی جائے گی۔ اس ٹھیکری کے باندھنے سے تین حالتیں

ہوں گی یا تو بخار بالکل جاتا رہے گا یا کم ہو جائے گا یا بہت زور کا چڑھے گا۔ مگر
مریض اپنے دل میں فکر کو ہرگز جگہ نہ دے۔ اور بالکل نہ گھبرائے۔ تیسری والی ٹھیکری
سے اگر بخار جاتا رہے تو دو روز اور بندھا رہنے دے اور اگر بخار کا کچھ اثر
باقی ہے تو چند روز بندھا رہنے دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفایاب ہوگا اور بخار جاتا رہے گا۔ پھر تیسری
ٹھیکری کو بھی دھجی سے نکال کر کنوئیں میں ڈال دے۔

دیگر

(بخار کے لیے)

ترکیب:۔ جس مرد، عورت یا بچے کو چوتھے روز بخار آتا ہو (جسے لوگ چوتھیا کہتے ہیں)
تو ایسے مریض کے لیے پرانا گڑ لے کر اس کی تین گولیاں چنے کے برابر بنا کر چنے سے
قدرے بڑی ہوں تو کوئی مضائقہ نہیں۔ ہر گولی بنانے سے پہلے اس گولی کے اندر
لال مرچ کا ایک بیج ضرور داخل کر لینا ہے۔ اگر پرانا گڑ نہ مل سکے تو پھر ویسا ہی گڑ
لے لے اور اس کی تین گولیاں بنا لے۔ اور چوتھے روز بخار چڑھنے سے دو گھنٹہ قبل اس میں
سے ایک گولی کھلا دے مگر مریض کو یہ خبر نہ ہونے دے کہ اس گولی کے اندر لال مرچ کا
ایک بیج ہے۔ اور اگر اتفاق سے گڑ کی گولی میں لال مرچ کا بیج نہ ڈال سکے تو پھر
بغیر لال مرچ کے بیج کے ہی تین گولیاں بنا کر ہر گولی پر اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف
اور سات سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پوری پڑھ کر ہر گولی پر دم کرے اور ایک گولی
مریض کو باری سے دو گھنٹہ پہلے کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفایاب ہوگا اور

بخار کی شکایت جاتی رہے گی۔

دل کی گھبراہٹ
کے لیے
عمل

ترکیب:۔ جس کا دل گھبراتا ہو یا دل میں دھڑکن زیادہ ہو اس کے لیے اس
عبارت کو تین طشتریوں پر لکھ کر دن میں تین مرتبہ صبح دوپہر شام مریض کو پلائے۔

دوسری ترکیب یہ ہے کہ تانبے کی تختی بنوا کر اس پر یہ عبارت کھدوا کر گلے
میں ڈالے خواہ اس میں کنڈے لگوا کر ڈورا ڈال کر گلے میں ڈالے یا بطور تعویذ کے
کپڑے میں سی کر گلے میں ڈالے اس طرح کہ دل پر پڑا رہے۔

وہ عبارت یہ ہے:۔

نَادِ عَلِيًّا يَا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ مِنْ كُلِّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِي
بِعَظَمَتِكَ يَا اللهُ يَا اللهُ يَا اللهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ
يَا عَلِيُّ هُوَ الشَّافِي هُوَ الْكَافِي هُوَ الْمُعَافِي

دیگر

(دل کی گھبراہٹ کے لیے)

ترکیب:۔ جو شخص کو اختلاجِ قلب یا دل کی دھڑکن کی شکایت ہو، تو اس

تعویذ کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالے کہ تعویذ دل تک آجائے یعنی دل پر پڑا رہے
دراصل سینہ کے گڑھے یعنی کوڑی پر پڑا رہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ
اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ
تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۔

۸۰	۱۰	۶۰
۳۰	۵۰	۷۰
۴۰	۹۰	۲۰

بحق یا اَللّٰهُ یا اَللّٰهُ یا اَللّٰهُ
هول دل دفع شود

دیگر

(دل کی گھبراہٹ کے لیے)

ترکیب: ہول کے مرض، اضطراب قلب خفقان کے لیے مینہ کے پانی سے اس
اس آیت کا سات مرتبہ سات روز تک لکھ کر پلانا یا مینہ کے پانی سے زعفران گھول کر
سات مرتبہ آیت کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالنا بفضلہ تعالیٰ بہت مفید ہے۔
آیت یہ ہے۔

اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ
بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ

دیگر

(دل کی گھبراہٹ کے لیے)

ترکیب: جس شخص کو اختلاج قلب یا دل کی دھڑکن یا دل کے درد کی شکایت
ہو تو تین بار آیۃ الکرسی پاک صاف برتن پر لکھیں پھر صاف پانی سے دھو کر پلائیں
اور پیتے وقت یوں کہیں کہ میں نے شفا کی نیت کی اور جو مرض ہو اس کا نام لے۔
انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفا پائے گا اس کے علاوہ درد جگر کی شکایت ہو یا پیٹ
میں مروڑ اٹھتا ہو اس قسم کے مریض کو بھی تین بار آیۃ الکرسی پاک وصاف برتن پر
لکھیں پھر صاف پانی سے دھو کر پلائیں۔

دیگر

(دل کی گھبراہٹ کے لیے)

ترکیب: جس شخص کو اختلاجِ قلب یا دل کی دھڑکن کی شکایت ہو تو ان آیاتِ مبارکہ
کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے اور اس کا ڈورا اتنا لمبا رکھا جائے کہ تعویذ مریض
کے دل پر پڑا رہے وہ آیات مبارکہ یہ ہیں:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ
بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۔ وَرَبَطْنَا عَلٰى
قُلُوْبِهِمْ وَرَبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيَرْبِطَ
عَلٰى قُلُوْبِكُمْ ۔

ڈال دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الشَّیْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ۔ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ رَبِّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ ھَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ وَ اَعُوْذُ بِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ۔

دیگر

(مرگی والے کے لیے)

ترکیب:۔ جو شخص مرگی کے مرض میں مبتلا ہو تو اس کو چاہیے کہ تانبے کی ایک تختی جو کنڈے دار مضبوط بنی ہو اتوار کے روز پہلی ساعت میں اس تختی کے ایک طرف کھدوائے یَا قَاھِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَاھِرُ اور دوسری طرف یہ کھدوائے یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ یَا مُذِلُّ پھر موم جامہ میں سی کر مریض کے گلے میں ڈالے رکھے جس روز ڈالے اس روز اپنی حیثیت یا طاقت کے مطابق کھانا پکا کر غریبوں مسکینوں کو کھلادے اللہ تعالیٰ شافی ہے مچھلی۔ دودھ، دہی و گوشت گائے سے پرہیز کرے۔

دیگر

(مرگی والے کے لیے)

ترکیب:۔ جس شخص کو مرگی کی شکایت ہو اور مرگی کا دورہ پڑتا ہو تو اس کو چاہیے

کہ اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کرکے مرگی والے مریض کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفایاب ہوگا وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۳	۱
۹	۷	۵
۴	۱۱	۶

دیگر

(مرگی والے کے لیے)

ترکیب:۔ اگر کسی کو مرگی کے دورے پڑتے ہوں تو اس کیلیے حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی کا یہ عمل نہایت مفید ہے گا جو اس طرح پر ہے کہ جب کوئی مرگی والا مریض آپکے پاس آتا یا لایا جاتا تو آپ مریض کے دائیں کان میں سورۂ فاتحہ پوری پڑھ کر دم کرتے تھے۔ اور ایک مرتبہ بائیں کان میں پڑھ کر دم کرتے تھے اور پھر بائیں کان میں یہ شعر بآواز بلند پڑھتے تھے۔ جس کو خود انھوں نے نظم کیا تھا وہ شعر یہ ہیں۔

رُوْحِیْ وَالْقَلْبُ یُحِبُّکُمْ فِی الْقِدَمِ

مِنْ قَبْلِ وُجُوْدِ خَلْقِھِمَا مِنْ عَدَمِ

ھَلْ یَحْمِلُ مِنْ بَابِ عِرْفَانِکُمْ

اَنْ اَنْقُلَ عَنْ طَوْقِ ھَوَاکُمْ قَدَمِ

سیدھے کان میں فرماتے تھے شیخ عبدالقادر جیلانی تجھ کو کہتا ہے جا اور مت جا۔ اسی طرح تین بار کہتے تھے اور یہی دونوں شعر لکھ کر گردن میں لٹکا دیتے تھے اور لکھتے تھے کہ شیخ عبدالقادر جیلانی تجھ کو کہتا ہے۔ کہ چلی جا اور پھر عود مت کیجو۔ اگر تو عود کرے گی تو ہم تجھ کو جلا دیں گے۔ جہاں دونوں شعر لکھ کر گردن میں لٹکانے کا ذکر ہے وہاں یہ کرے کہ دونوں شعر لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں باندھ دے اور لکھتے تھے کہ شیخ عبدالقادر جیلانی تجھ کو کہتا ہے کہ چلی جا پھر لوٹ کر مت آنا اگر تو لوٹ کر آئے گی تو ہم تجھ کو جلا دیں گے۔ مرگی والے مریض کے لیے نہایت مجرب ہے

دیگر

(مرگی والے کے لیے)

ترکیب:۔ مرگی کے واسطے گدھے کا سُم لے کر اسکی انگوٹھی بنا کر مریض اپنی انگلی میں پہنے اللہ تعالیٰ مرگی کو دور کرے گا اور مریض شفا پائے گا۔

دیگر

(مرگی والے کیلیے)

ترکیب:۔ یہ عمل بھی آزمودہ ہے منگل کے دن ایک مرغ سفید رنگ جس میں کسی رنگ کا دھبہ نہ ہو اور جوان ہو اس کو ذبح کر کے اس کا خون چینی کے پیالے میں نکالکر نئی قلم نئے چاقو سے بنا کر آفتاب نکلنے سے پہلے یہ تعویذ لکھے اور اسی وقت تانبے کے تعویذ

میں جس میں کنڈے لگے ہوں بند کر کے نابالغ لڑکی سے چودہ تار سوت کے کتوا کر اس کا ڈورا ڈال کر مریض کی گردن میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے شفا ہوگی لیکن شرط یہ ہے کہ تعویذ لکھنے والا بیمار اور تانبے کا تعویذ بنانے والا سب کے سب روزہ سے ہوں اور بیمار مرغ، انڈا، گوشت، مچھلی اور گائے کا گوشت، دودھ اور دہی وتیل وغیرہ سے پرہیز کرے کسی حالت میں پرہیز نہ توڑے۔

تعویذ یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ يَا غِيَاثِيْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَيَا مُجِيْبِيْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَمَعَاذِيْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ يَا رَجَائِيْ حِيْنَ تَنْقَطِعُ حِيْلَتِيْ ؕ

دیگر (علاج)

(مرگی والے کیلیے)

ترکیب:۔ جس شخص کو مرگی کی شکایت ہو تو اس کو چاہیے کہ عاقر قرحا کوٹ کر اور کپڑے میں چھان کر شہد خالص میں ملا کر مرگی والے مریض کو چٹائے۔ عاقر قرحا چھ ماشے اور شہد خالص ایک تولہ لیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفایاب ہوگا۔

دیگر (علاج)

(مرگی والے کیلیے)

ترکیب:۔ جس کسی کو مرگی کے دوروں کی شکایت ہو انکو چاہیے کہ عود صلیب کی دو چھوٹی

چھوٹی ثابت لکڑیاں لیکر ان کے بیچ میں سوراخ کر کے کہ وہ لکڑیاں پھٹیں نہیں ان دونوں کے بیچ میں ڈور ڈال کر مریض کے گلے میں ڈالے اور لکڑیوں پر کپڑا نہ چڑھائے۔

انشاءاللہ تعالیٰ مریض شفایاب ہوگا۔

دیگر

(مرگی والے کے لیے)

ترکیب: جس شخص کو مرگی کی شکایت ہو اور مرگی کا دورہ پڑتا ہو تو اس کو چاہیے کہ نیل ڈلی دار (اصلی) سے اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے بازو پر باندھے۔

انشاءاللہ تعالیٰ مریض کو صحت ہوگی وہ تعویذ یہ ہے:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا اَنْبُوْتَا نُبُوْتَا سَعْيَا هَتَّا يَدُّوْسُ قُدُّوْسُ اَنَّهٗ عِلُوْتَ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○

دیگر

(مرگی والے کے لیے)

ترکیب: جس شخص کو مرگی کی شکایت ہو تو اس کو چاہیے کہ ہفتہ کے دن علی الصبح سیاہ کبوتر کہ اس کی آنکھ اور ناخن اور زبان کالی ہو ذبح کرے اور اس کے خون سے تانبے کی تختی پر ان دونوں نقشوں کو لکھے ایک نقش کو تختی کے ایک طرف اور دوسرے نقش کو تختی کے دوسری طرف یعنی پشت پر لکھے۔ اور ان کو کندہ کرا کے یعنی کھودنے والے سے کھدوا کر اور اس تانبے کی تختی میں اوپر کی طرف دو کنڈے ڈورا ڈالنے کے لیے لگوا کر

اس تختی کو مرگی والے مریض کے گلے میں ڈالے۔

انشاءاللہ تعالیٰ مریض شفایاب ہوگا۔ اور مرگی کی شکایت جاتی رہے گی مجرب ہے۔

وہ نقشِ معظم یہ ہیں (اور تانبے کی تختی جس پر کہ یہ دونوں نقش کھدوائے گا اوپر کی طرف دونوں کنڈے کھودنے سے پہلے ہی لگوالے۔ یعنی کنڈے لگی ہوئی تختی لے)۔

۷۸۶

۵۴۴	۵۴۷	۵۵۱	۵۳۷
۵۵۰	۵۳۸	۵۴۳	۵۴۸
۵۳۹	۵۵۳	۵۴۵	۵۴۲
۵۴۶	۵۴۱	۵۴۰	۵۵۲

(تختی کے اوپر والا نقش)

۱۱۸۰	۱۱۸۳	۱۱۸۶	۱۱۷۲
۱۱۸۵	۱۱۷۴	۱۱۷۹	۱۱۸۴
۱۱۷۵	۱۱۸۸	۱۱۸۱	۱۱۷۸
۱۱۸۲	۱۱۷۷	۱۱۷۶	۱۱۸۷

(تختی کی پشت والا نقش)

دیگر

(مرگی والے کے لیے)

ترکیب:۔ یہ آیات حروفِ مقطعات معہ بسم اللہ کاغذ پر لکھ کر تانبے کے تعویذ میں رکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے۔

آیات یہ ہیں:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الٓمٓصٓ طٰسٓمٓ كٓهٰيٰعٓصٓ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝

اور اسی کو پڑھ کر سات روز تک مریض کے بائیں کان میں دم کرتا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مرض مرگی جاتا رہے گا۔

چیچک کے لیے عمل

ترکیب:۔ جب بچے یا بڑے کو بخار آرہا ہو اور چیچک کی وبا کا زور ہو اور اس کو بھی یہ ڈر ہو کہ کہیں میرے چیچک نہ نکل آئے تو اس کو چاہیے کہ اس تعویذ کو لکھ کر بغیر موم جامہ کئے ہوئے اس مریض کے بازو پر باندھے اور باندھنے کے بعد پانچ یا دس پیسے کے بتاشے

یا کھیلیں بچوں کو تقسیم کر دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ چیچک کی شکایت سے بچے محفوظ رہیں گے اور اللہ تعالیٰ شفاء عطا فرمائے گا۔

وہ نقش یہ ہے:۔

اَللّٰهُ كَافِي	۷۸۶	اَللّٰهُ شَافِي
	محمد	
يَاحَفِيظُ		يَاحَافِظُ

دیگر

(چیچک کے لیے)

ترکیب:۔ جس مریض کو بخار آرہا ہو اور اسے چیچک نکلنے کا ڈر ہو تو اس نقش کو سورج نکلنے سے پہلے لکھ کر پاک دھجی میں لپیٹ کر مریض کی گردن میں باندھ دیا جائے انشاء اللہ مریض چیچک کے نکلنے سے محفوظ رہے گا اور اگر نکل بھی آئی تو اللہ کی رحمت سے زور نہیں کرے گی۔ اور مریض کو کوئی خاص تکلیف نہیں ہوگی مریض شفایاب

ہوگا مجرب ہے وہ نقش یہ ہے :-

۷۸۶

و ایاک	اهدنا الصراط المستقیم	غیر المغضوب	الحمد لله
انعمت علیهم	رب العلمین	ایاک نعبد	صراط الذین
الرحمن	ولا الضالین	نستعین	الدین
یوم	مالک	الرحیم	علیهم

دیگر

(چیچک کے لیے)

ترکیب :- جس بچہ یا بڑے کو بخار آرہا ہو اور چیچک کی وبا کا زور ہو اور اس کو یہ ڈر ہو کہ کہیں میرے نہ نکل آئے تو اس کو چاہیے کہ نیلے رنگ کے سوت کے اکیس تار لے کر نو گرہ لگائے اور ہر گرہ پر الحمد شریف ایک بار پڑھے اور گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ چیچک سے محفوظ رہے گا۔

دیگر

(چیچک کے لیے)

ترکیب :- اگر چیچک نکلنے کا اندیشہ ہو تو یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ چیچک ہرگز نہ نکلے گی۔ اور اگر نکل آئی ہو تو لکھ کر دھو کر پلاتے رہیں اللہ کے فضل و کرم سے صحت ہوگی۔

آیت شریفہ یہ ہے :-

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ بَلْ اِیَّاہُ تَدْعُوْنَ فَیَکْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَیْہِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِکُوْنَ ۝

دیگر

(چیچک کے لیے)

ترکیب :- جب چیچک نکلنے کا اندیشہ ہو اور چیچک کا زور بڑھ رہا ہو تو اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چیچک سے محفوظ رہے گا وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

بَچّہ کی پَسْلی

کے لیے

عمل

ترکیب:۔ جس بچہ کی پسلیاں چلتی ہوں تو چاہیے کہ ایک چاقو یا چھری لے لیکن چاقو ایسا ہو جس کا دستہ بھی لوہے کا ہو اور چھری بھی پوری لوہے کی ہونی چاہیے اس چاقو یا چھری کو بچے کے سینے سے ناف تک بار بار لاوے اور یہ آیت شریف سات مرتبہ یا گیارہ مرتبہ پڑھے اور ہر مرتبہ دم کرتا جائے عمل دونوں وقت تین روز تک مسلسل کیا جائے انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد شفا ہو گی۔

مجرب ہے وہ آیت شریفہ یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ط

دیگر

(بچہ کی پسلی کے لیے)

ترکیب:۔ جس بچہ کی پسلیاں چلتی ہوں۔ اس کے لیے پانچ کنکریاں نمک لاہوری یا سانبھر کی چنے کے برابر یا اس سے کچھ بڑی لے کر ہر کنکری پر ایک بار پوری سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ

پڑھے۔ ہر ناس کو تین تین بار کہے اور ہر نمک کی کنکری کو بچے کے سینے سے ناف تک بار بار پھیرے اس کو سورج نکلنے سے لے کر زوال کے وقت یعنی بارہ بجے سے پہلے پہلے کرنا چاہیے۔ تین روز تک مسلسل ایک وقت یعنی صبح کو انشاءاللہ تعالیٰ تین ہی دن میں شفا ہو جائے گی۔ ورنہ احتیاطاً زیادہ سے زیادہ پانچ روز کرے عمل کے بعد ان پانچ کنکریوں کو کنوئیں میں ڈال دے۔

دیگر

(بچہ کی پسلی کے لیے)

ترکیب:۔ جس بچے کی پسلیاں چلتی ہوں، اس کے لیے پانچ کنکریاں نمک لاہوری یا سانبھر کے چنے کے برابر یا اس سے کچھ بڑی لے کر ہر کنکری پر تین بار آیت قطب ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ط يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ط قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ط يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ط يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ط قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ط وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

پڑھ کر دم کرتا جائے، دم بچے کی پسلی پہ کرنا ہے اور ہر کنکری کو بچے کے سینے سے

لے کر ناف تک برابر پھیرے اس عمل کو سورج نکلنے سے لے کر زوال کے وقت یعنی بارہ بجے سے پہلے پہلے کرنا چاہیے تین روز مسلسل یا احتیاطاً پانچ دن کرنا چاہیے اور صرف ایک وقت یعنی صبح کو انشاءاللہ تعالیٰ تین روز میں شفا ہو جائے گی۔

ان کنکریوں کو عمل پورا ہو جانے کے بعد کسی کنوئیں میں ڈال دے۔

دیگر

(بچہ کی پسلی کے لیے)

ترکیب:- جس بچہ کی پسلیاں چلتی ہوں تو چاہیے کہ اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے اور ڈورا اتنا لمبا لیا جائے کہ تعویذ بچے کی کوڑی یا فمِ معدہ میں پڑا رہے تاکہ دونوں پسلیوں سے ٹکراتا رہے انشاءاللہ تعالیٰ بچے کو پسلی کے درد سے شفا ہوگی مجرب ہے نہلاتے وقت یہ تعویذ بچے کے گلے سے اتار لیا جائے اور نہلانے کے بعد پھر گلے میں ڈال دیا جائے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بِسْمِ اللّٰهِ يَشْفِيْكَ
وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ

بِسْمِ اللّٰهِ مِنْ كُلِّ دَآءٍ
بِسْمِ اللّٰهِ يُؤْذِيْكَ

بحق این نقش عارضہ پسلی دفع شود

دیگر

(بچہ کی پسلی کے لیے)

ترکیب:- جس بچے کو پسلی کا عارضہ ہو جائے یہ نقش موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے اس طرح کہ تعویذ کوڑی پر پڑا رہے انشاءاللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔ نقش یہ ہے:-

يَا اَللهُ يَا اَللهُ	يَا هَادِيُ يَا هَادِيُ
يَا اَللهُ يَا فَتَّاحُ	يَا هَادِيُ يَا فَتَّاحُ

بواسیر کے لیے عمل

ترکیب:- جس شخص کو بواسیر کی شکایت ہو اتوار کے دن صبح کے وقت یعنی سورج نکلنے سے پہلے اس تعویذ کو لکھے اور موم جامہ کر کے زوال کے بعد کمر میں باندھے اس طرح کہ تعویذ پشت پر رہے تعویذ یہ ہے:-

دیگر

(بواسیر کے لیے)

ترکیب:۔ جس شخص کو بواسیر کی شکایت ہو تو اس کو چاہیے کہ دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد اَلَمْ نَشْرَحْ، دوسری میں اَلَمْ تَرَ کَیْفَ اور بعد سلام پھیرنے کے ستر بار کہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ

وَبِحَمْدِهٖ رَبِّیْ

جب تک بواسیر کی شکایت باقی رہے اس کو جاری رکھے۔ اور جب اللہ تعالیٰ شفا فرمادے چھوڑ دے انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر کی شکایت جاتی رہے گی۔

مجرب ہے۔

دیگر

(بواسیر کے لیے)

ترکیب:۔ جس شخص کو بواسیر کی شکایت ہو تو اس کو چاہیے کہ صفر المظفر کے مہینے کے آخری بدھ کو ایک چھلا چاندی کا بنوا کر تھوڑا سا پانی کنوئیں یا بہرے یا دریا کا لیکر انتہائی مجبوری میں نل کا پانی بھی لے سکتے ہیں اور اس پانی پر سورۃ یٰسٓ سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے پھر اس چھلے کو آگ میں ڈال کر گرم کرکے اسی پانی میں بجھائے پھر اسی روز اپنے داہنے ہاتھ میں پہنے اور اس کام کو اسی دن یعنی بدھ کے روز فجر کی

نماز کے بعد یا مشتری کی ساعت یعنی چوتھے گھنٹہ میں اس عمل کو کرے اور یہ چوتھا گھنٹہ سورج نکلنے کے وقت سے شمار کیا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں قسم کی بواسیر کی شکایت جاتی رہے گی خونی ہو یا بادی۔ مُجرّب ہے۔

دیگر

(گنڈا بواسیر کے لیے)

ترکیب:۔ اگر کسی کو خونی بواسیر کی شکایت ہو تو اس کو چاہیے کہ کچا سوت سرخ رنگ کا ڈیڑھ گز لمبا لے کر جس کے کہ اکیس تار ڈیڑھ ڈیڑھ گز لمبے ہوں اس پر اکیس گرہیں لگائے ہر گرہ پر ایک بار پوری سورہ تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَهَبٍ پڑھ کر دم کرتا جائے اور اگر کسی میں ہمت ہو تو ہر گرہ پر سُوْرَۃ تَبَّتْ یَدَآ پوری اکیس اکیس بار پڑھ کر دم کرتا جائے۔ اسی طرح اکیس گرہیں پوری کرے پھر ان ہی گرہوں پر الٹی طرف سے ہر گرہ پر ایک ایک بار یہ آیت شریفہ:۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ؕ

پڑھ پڑھ کر دم کرتا جائے پھر ان ہی گرہوں پر سیدھی طرف سے ہر گرہ پر ایک ایک بار یہ آیت شریفہ:۔

وَقِیْلَ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ

وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ؕ

پڑھ پڑھ کر دم کرتا جائے۔ اور بواسیر والے کی کمر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

خونی بواسیر والے کی شکایت جاتی رہے گی۔

دیگر

(بواسیر کے لیے)

ترکیب :- جس عورت یا مرد کو بواسیر کی شکایت ہو تو اس کو چاہیے کہ عروج ماہ (شروع مہینہ) میں نوچندی جمعرات یا پیر یا جمعہ کو مشتری یا زہرہ کی ساعت میں چالیس نقش باوضو لکھے اور ہر روز ایک نقش چالیس دن تک کنوئیں کے پانی سے دھو کر پئے۔ مجبوری میں نل کا پانی بھی استعمال کرسکتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی مجرب ہے اس تعویذ کے پانی کو نہار منہ پئے اور پینے کے آدھ گھنٹے یا پونے گھنٹہ بعد ناشتہ کرے وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶۱۵۷۱	۲۶۱۵۷۴	۲۶۱۵۷۷	۲۶۱۵۶۴
۲۶۱۵۷۶	۲۶۱۵۶۵	۲۶۱۵۷۰	۲۶۱۵۷۵
۲۶۱۵۶۶	۲۶۱۵۷۹	۲۶۱۵۷۲	۲۶۱۵۶۹
۲۶۱۵۷۲	۲۶۱۵۶۸	۲۶۱۵۶۷	۲۶۱۵۷۸

دیگر

(بواسیر کے لیے)

ترکیب :- جس مرد یا عورت کو خونی بواسیر کی شکایت ہو تو اس کو چاہیے کہ اس

عبارت کو لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے ناف کے نیچے پشت کی طرف باندھے، اور جب تک بندھا رہنے دے جب تک شکایت باقی رہے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی اور بواسیر کی شکایت جاتی رہے گی۔ وہ عبارت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ سمیری سامری سمرونا اندونا

دیگر

(بواسیر کے لیے)

ترکیب :- جس مرد یا عورت کو بواسیر کی شکایت ہو تو اس کو چاہیے کہ اس عبارت کو لکھ کر ایک کاغذ پر اور مٹی کا ایک پاک ڈھیلا لے کر اس کاغذ پر مل کر مقعد کے اوپر وہ ڈھیلا ملیں اس طرح روزیہ عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر کی شکایت جاتی رہے گی۔ وہ عبارت یہ ہے :- ادادانانہا ما اسمت سمیری سواہا بواہا سامری سمرونا اندونا۔

بدنظر

کے لیے

ترکیب :- جس بچے کو نظر لگ جائے یا ضد کرتا ہو یا سوتے میں ڈرتا ہو تو سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ پوری اور سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پوری سورت تین دفعہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور یہ آیات اور دعا لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالے۔ (آیات صفحہ ۲۳۹ پر دیکھیے)

وہ آیات اور دعایہ ہیں :-

یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ط فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطٰنٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ :-

دیگر

(نظرِ بد کے لیے)

ترکیب :- جس کسی کو نظر لگ جائے ۔ اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے نقشِ معظم یہ ہے ۔

۷۸۶

۴۴۶۶	۴۴۶۹	۴۴۷۲	۴۴۵۹
۴۴۷۱	۴۴۶۰	۴۴۶۵	۴۴۷۰
۴۴۶۱	۴۴۷۴	۴۴۶۷	۴۴۶۴
۴۴۶۸	۴۴۶۳	۴۴۶۲	۴۴۷۳

دیگر

(نظرِ بد کے لیے)

ترکیب :- جس شخص کو نظر لگ گئی ہو ان حروف کو لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے

گلے میں ڈالے وہ یہ ہے ، انشاء اللہ تعالیٰ اثر جاتا رہے گا ۔

ما ما ما ۴ ۴ ۴ حم حم حم س لا د ع ع

دیگر

بد نظر کے لیے

ترکیب :- جس کسی کو نظر لگ گئی ہو تو اس کو چاہیے کہ ...... اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد یا بچہ اپنے دائیں بازو پر باندھے اور عورت اور لڑکی اپنے بائیں بازو پر باندھے اس تعویذ کو گلے میں بھی ڈالا جا سکتا ہے

وہ نقشِ مکرم یہ ہے ۔

۷۸۶

۷۹۰۷	۷۹۰۹	۷۹۱۲	۷۸۹۹
۷۹۱۱	۷۹۰۰	۷۹۰۵	۷۹۱۰
۷۹۰۱	۷۹۱۴	۷۹۰۷	۷۹۰۴
۷۹۰۸	۷۹۰۳	۷۹۰۲	۷۹۱۳

دیگر

(نظرِ بد کے لیے)

ترکیب :- جس کسی کو نظرِ بد لگ گئی ہو ، تو اس مریض پر ان آیات شریفہ کو

پانچ بار یا سات بار پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ نظرِ بد کا اثر جاتا رہے گا۔

وہ آیاتِ مبارکہ یہ ہیں:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ط ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ط وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ط وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

دیگر

(بد نظر کے لیے)

ترکیب:۔ جس کسی کو بد نظر لگ گئی ہو اور مریض کی حالت زیادہ خراب ہو گئی ہو تو اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھے اور اسی نقش کو دوبارہ لکھ کر فتیلہ بنا کر مغرب کے بعد گائے کے گھی میں مریض کے سرہانے روشن کرے اور جب تک فتیلہ جلتا رہے مریض چارپائی پر لیٹا رہے۔ فتیلہ روشن کرنے کا عمل تین روز برابر کرے اور پھر اس چراغ کو جو تین دن تک روشن رہا ہے کسی جگہ زمین میں دفن کر دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بد نظر کا اثر جاتا رہے گا اور مریض شفایاب ہو گا وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۶۲۲	۱۶۶۴۵	۱۶۶۴۲	۱۶۶۳۹
۱۶۶۴۳	۱۶۶۲۸	۱۶۶۳۲	۱۶۶۴۴
۱۶۶۳۷	۱۶۶۴۰	۱۶۶۴۷	۱۶۶۳۴
۱۶۶۴۶	۱۶۶۳۵	۱۶۶۳۶	۱۶۶۴۱

دیگر

(بد نظر کے لیے)

ترکیب:۔ جس کسی آدمی یا جانور کو بد نظر لگ گئی ہو اس پر اس دعا کو پڑھ کر پانچ بار یا تین بار دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظرِ بد کا اثر جاتا رہے گا، اور آدمی یا جانور تکلیف سے چھٹکارا پائے گا۔

وہ دعا یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ عَظِيْمُ الشَّانِ شَدِيْدُ الْبُرْهَانِ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ حَبْسٌ حَابِسٌ مِّنْ حَجَرٍ يَابِسٍ وَّشِهَابٍ قَابِسٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ رَدَدْتُّ عَيْنَ الْعَائِنِ عَلَيْهِ وَعَلٰى اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيْهِ فِيْ كَبِدِهٖ وَكُلْيَتِهٖ لَحْمٌ دَقِيْقٌ وَّعَظْمٌ فِيْهَا لَهٗ يَلِيْقُ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ

كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ط

دیگر

(بد نظر کے لیے)

ترکیب:- جس کسی کو بد نظر لگ گئی ہو خواہ مرد ہو، عورت ہو یا بچہ، ایسی حالت میں نو تار کچے نیلے سوت کے لے کر اتنے بڑے کہ مریض کے گلے میں آجائیں، ان پر چھ گرہیں لگائی جائیں گی اس طرح کہ ہر گرہ پر سات بار دُرُود شریف اور تین بار سُوْرَۃِ اِخْلَاص یعنی قُلْ هُوَ اللّٰهُ شریف پوری پڑھ کر ہر گرہ پر دم کرتا جائے اور یہ گنڈا پھر مریض کے گلے میں ڈال دے اور اگر جانور کو بد نظر لگ گئی ہو تو سیاہ اُون لے کر جو کاتا ہوا گھر کا ہو اتنا بڑا لیا جائے کہ جانور کے گلے میں آجائے۔ اس اُون کے بھی نو تار لیے جائیں گے اور ان پر بھی چھ گرہیں لگائی جائیں گی اور ہر گرہ پر سات بار درود شریف اور تین بار سُوْرَۃ اخلاص یعنی قُلْ هُوَ اللّٰهُ شریف پوری پڑھ کر دم کیا جائے گا اور اس گنڈے کو اس جانور کے گلے میں ڈال دیا جائے گا جس کو بد نظر ہو گئی ہے۔

دیگر

(بد نظر کے لیے)

ترکیب:- جس بڑے یا بچے کو بد نظر لگ گئی ہو تو اس کو چاہیے کہ ان آیات شریفہ کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے اور بڑا اپنے بازو پر باندھے

انشاء اللہ تعالیٰ بد نظر کا اثر جاتا رہے گا۔

وہ آیت شریفہ یہ ہیں:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّآمَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝

دیگر

(بد نظر کے لیے)

ترکیب:- جس کسی کو بد نظر لگ گئی ہو تو اس کیلئے ضروری ہے کہ مغرب یا عشاء کے بعد مریض کو چارپائی پر لٹا کر اس کے داہنے کان میں اس آیت مبارکہ کو اکیس بار پڑھ کر دم کرے (ایک مرتبہ بسم اللہ شریف کے ساتھ اور بیس مرتبہ بغیر بسم اللہ کے پڑھے کل تعداد اس کی اکیس مرتبہ) اور اس کے بعد کروٹ بدلوا کر مریض کے بائیں کان میں چاروں قُل دو دو مرتبہ پڑھتا جائے اور مریض کے کان میں دم کرتا جائے ...... یعنی قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ چاروں سورتیں پوری پوری یعنی ایک سورۃ دو مرتبہ پڑھی جائے اور مریض کے کان میں دم کر دیا جائے اس طرح چاروں سورتوں کو دم کیا جائے اس کو تین روز تک وقت معینہ پر برابر کیا جائے۔

(آیت مبارکہ صفحہ ۲۴۵ پر ملاحظہ فرمائیں)

انشاء اللہ نظر بد اور اگر اس کے ساتھ بخار بھی ہوگا جاتا رہے گا۔

آیت مبارکہ یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۞ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۞ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۚ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۞ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۞

جو داہنے کان میں اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کی جائیں گی۔

ناف
کے ٹل جانے کے لیے
عمل

ترکیب:۔ اگر کسی کی ناف ٹل گئی ہو تو اس نقش مبارک کو لکھ کر موم جامہ کر کے کمر میں باندھیں خواہ دھجی میں سی کر یا تعویذ پر کپڑے کا غلاف چڑھا کر ڈورے کے ساتھ باندھیں لیکن تعویذ ناف پر رہنا چاہیے انشاء اللہ ناف اپنی جگہ پر آجائے گی وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

د	ح	ب	ا
ی	ا	د	ہ
ع	ص	در	د

دیگر

(ناف کے ٹل جانے کے لیے)

ترکیب:۔ اگر کسی کی ناف ٹل گئی ہو تو اس شکل کو کاغذ پر بنا کر موم جامہ کر کے کمر میں باندھے۔ اس طرح کہ یہ شکل ناف کے اوپر رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنی جگہ پر آجائے گی مجرب ہے۔

وہ شکل یہ ہے۔

دیگر

(ناف ٹل جانے کے لیے)

اور

(کمر کے درد کے لیے)

ترکیب:۔ اگر کسی کی ناف ٹل گئی ہو تو اس عبارت کو لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے یا تو پاک دھجی میں سی کر یا تعویذ پر کپڑے کا غلاف چڑھا کر اور ڈورے میں سی کر کمر میں باندھے ناف ٹل جانے کی حالت میں تعویذ ناف پر رہے اور کمر میں

درد ہونے کی حالت میں تعویذ کمر پر رہے انشاء اللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ آجائے گی۔

اور کمر کا درد جاتا رہے گا وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۸۹۰	۸۸۳	۸۸۸
۸۸۵	۸۸۷	۸۸۹
۸۸۶	۸۹۱	۸۸۴

دیگر

(ناف ٹل جانے کے لیے)

ترکیب:۔ اگر کسی کی ناف ٹل جاتی ہو تو اس نقشِ مکرم کو لکھ کر باندھے لیکن موم جامہ کرلے اور تعویذ کمر میں اس طرح باندھے کہ ناف کے اوپر رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ پر آجائے گی اور مریض کو شفا ہوگی

وہ نقش مکرم یہ ہے۔

اِذَا جَآءَ	نَصْرُ اللّٰهِ	وَالْفَتْحُ	وَرَاَيْتَ
النَّاسَ	يَدْخُلُوْنَ	فِيْ	دِيْنِ
اللّٰهِ	اَفْوَاجًا	فَسَبِّحْ	بِحَمْدِ
رَبِّكَ	وَاسْتَغْفِرْهُ	اِنَّهٗ	كَانَ
تَوَّابًا	يَاغَفُوْرُ	يَاشَافِيْ	يَاكَافِيْ

دیگر

(ناف ٹل جانے کے لیے)

ترکیب:۔ جس کسی کی ناف ٹل جائے تو اس کو چاہیے کہ اس نقش معظم کو لکھ کر موم جامہ کرکے کمر میں باندھے اس طرح پر کہ تعویذ ناف کے اوپر پڑا رہے انشاء اللہ ناف اپنی جگہ پر آجائے گی اور مریض کو شفا ہوگی نقش میں جس خانے میں فلاں لکھا ہے اس جگہ مریض کا نام لکھے وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۳۶	۳۲	۸
۳۳	۷	۲	۳۵
۶	۳۰	فلاں	۳
۲۷	۴	۵	۳۱

دیگر

(ناف ٹل جانے کے لیے)

ترکیب:۔ جس شخص کی ناف ٹل جاتی ہو اس کو چاہیے کہ یہ آیت بسم اللہ شریف لکھ کر ناف کی جگہ موم جامہ کرکے باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ پر آجائیگی۔ اور اگر بندھا رہنے دے تو انشاء اللہ تعالیٰ پھر ناف نہ ٹلے گی۔

وہ آیت شریفہ یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط اِنَّ اللّٰہَ یُمۡسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا وَلَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَکَہُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیۡمًا غَفُوۡرًا ط

تِلّی

(بڑھ جانے کے لیے)

عمل

ترکیب:۔ جس شخص کی تِلّی بڑھ گئی ہو تو اس کو چاہیے کہ یہ آیتِ شریفہ مع بسم اللہ لکھ کر موم جامہ کر کے کمر میں باندھے اور تعویذ تلّی کے مقام پر پڑا رہے۔

انشاء اللہ اس تعویذ کی برکت سے تلّی کا ورم دور ہو جائے گا اور تلّی اپنی اصلی حالت پر آجائے گی وہ آیتِ شریفہ یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط ذٰلِکَ تَخۡفِیۡفٌ مِّنۡ رَّبِّکُمۡ وَرَحۡمَۃٌ

دیگر

(تلّی بڑھ جانے کیلیے)

ترکیب:۔ جس شخص کی تلّی بڑھ گئی ہو تو اس کو چاہیے کہ ایک رومال لیکر اس کی

چار تہہ بنا کر اس رومال کو تلّی کی جگہ پر رکھے اور اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر اور دو بالشت لمبا نرسل لے کر کر جس سے حُقّہ کی نے بنتی ہے اس کے اندر اس نقش کو رکھے اور اس نرسل کے اندر نقش پر آگ کا ایک انگارہ ڈال دے اس نرسل کا نیچے کا سرا رومال کے اوپر رکھے تاکہ نیچے کے سرے سے نکلنے والا دھواں اس رومال پر پہنچتا رہے جبتک تعویذ میں سے دھواں نکلتا رہے نرسل کو رومال کے اوپر ذرا اٹھا ہوا رکھے رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ ایسا کرنے سے تلی کا ورم دور ہو جائے گا اور تلی اپنی اصلی حالت پر آجائے گی اس عمل کو تین یا سات روز تک کرتا رہے آرام ہونے پر چھوڑ دے

وہ نقش مکرم یہ ہے۔

دیگر

(تلّی بڑھ جانے کے لیے)

ترکیب:۔ جس کسی کی تلی بڑھ گئی ہو تو اس کو چاہیے کہ اس نقش کو جو آگے آرہا ہے کاغذ پر لکھ کر تلی کے مریض کے بائیں ہاتھ پر رکھے اور اس نقش کے اوپر ایک ڈھیلا

سفید مٹی یعنی پوتنی مٹی کا رکھے اور سورۂ اخلاص یعنی قُلْ هُوَ اللّٰهُ شریف پوری گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس ڈھیلے پر دم کرے اور اس مریض کی تلی کو ایک دوسرا شخص پکڑ رہے اور لوبان بھی سلگالے تو بہتر ہے اس عمل کو تین روز یا پانچ روز برابر کرے، آرام ہونے پر چھوڑ دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفا پائے گا۔

دیگر

(تلی بڑھ جانے کیلیے)

ترکیب:۔ جس شخص کی تلی بڑھ گئی ہو تو اس کو چاہیے کہ ان آیاتِ مبارکہ کو لکھ کر موم جامہ کر کے تعویذ بنا کر تلی والے مریض کے گلے میں ڈالے ڈورا اتنا بڑا ہو کہ تعویذ تلی پر پڑا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ تلی کا ورم جاتا رہے گا۔ اور مریض اچھا ہو جائے گا۔

وہ آیتِ مبارکہ یہ ہیں:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ تَزُوْلَا ج وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ط اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ط يَا طَحَالُ اِرْجِعْ مَكَانَكَ بِحَقِّ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ط

دیگر

(تلی بڑھ جانے کیلیے)

ترکیب:۔ جس شخص کی تلی بڑھ گئی ہو تو اس کو چاہیے کہ بکری یا بکرے کی تلی ایک عدد لیں اور غسل کریں اور بعد میں تازہ وضو کر کے یا غسل کے ساتھ ہی وضو کر کے سات کانٹے ببول (یعنی کیکر) کے لے کر سورۂ یٰسٓ شریف شروع کرے ہر مبین پر ایک کانٹا تلی میں دم کر کے چبھوتا جائے اسی طرح ساتوں مبینوں پر دم کر کے کانٹے اس میں چبھوتا جائے اور ہر دفعہ ہر مبین پر شروع یٰسٓ سے پڑھ کر دم کرے اور آخر میں پوری یٰسٓ شریف پڑھ کر تلی پر دم کرے اور تلی کو ایسی جگہ پر لٹکائے جہاں مریض کی چارپائی بچھی ہے۔ تلی ہر وقت اس کے منہ کے سامنے رہے یعنی چارپائی کی پائنتی کی طرف رہے۔ کہ مریض کی نظر ہر وقت تلی پر پڑتی رہے انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفایاب ہوگا۔ مجرب المجرب ہے۔

دکھتی آنکھوں
کے لیے
عمل

ترکیب:- جب کسی کی آنکھیں دُکھ رہی ہوں اور آنکھوں میں سرخی قائم ہو گئی ہو طبیبوں یا ڈاکٹروں کے علاج سے کسی طرح فائدہ نہ ہو رہا ہو تو ایسے مریض کیلئے چاہیے کہ ۲ چھٹانک پانی گرم کرنے کیلئے رکھے۔ اور جب جوش آتے آتے ایک چھٹانک رہ جائے تو اس پانی کو چولھے یا انگیٹھی سے نیچے اتار کر یہ نقش جو آگے آرہا ہے اس پانی میں ڈال کر اس برتن کو ڈھک دے اور جب پانی ہاتھ ڈالنے کے قابل ہو جائے تو اس نقش کو ہاتھ سے مل کر اس کا کاغذ حفاظت سے رکھتا رہے اور اس پانی میں ایک صاف ستھرا کپڑا بھگو بھگو کر آنکھ یا آنکھوں پر رکھتا رہے۔ اس پانی کا استعمال تھوڑے تھوڑے وقفہ سے سارا دن کرتا رہے اور جو پانی ٹکور کرنے کے بعد بچ رہے اس پانی کو کسی گملے یا کیاری یا چھت یا دیوار جہاں وہ جذب ہو جائے کسی بھی محفوظ جگہ ڈال دے دوبارہ اس پانی کو گرم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ جب شام ہونے کو آئے تب اس پانی کو کسی مناسب جگہ ڈال دے جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے یہ عمل پانچ یا سات یوم برابر کرے

مجرب المجرب ہے۔

(نوٹ)

پانچ یا سات روز استعمال کے بعد بھی اگر سرخی باقی رہے تو جب تک سرخی

دور نہ ہو اس عمل کو کرتا رہے جو کاغذ بحفاظت رکھتا رہا ہے ان کاغذوں کی آٹے کی گولیاں بنا کر دریا یا تالاب میں جہاں مچھلیاں ہوں ڈال دے۔

وہ نقش یہ ہے:-

۷۸۶

۹۰	۸۵	۹۲
۹۱	۸۹	۸۷
۸۶	۹۳	۸۸

دیگر

(دُکھتی آنکھوں کے لیے)

ترکیب:- جس شخص کی آنکھیں دُکھ رہی ہوں اور ساتھ ہی درد بھی ہو اس کو چاہیے کہ اکتالیس ۴۱ بار سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) پوری پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آنکھوں کا درد اور سرخی وغیرہ جملہ شکایتیں دور ہو جائیں گی اس عمل کو جب تک کرتا رہے جب تک آنکھوں میں شکایت باقی رہے۔

مجرب ہے۔

دیگر

(دکھتی آنکھوں کے لیے)

ترکیب:- جس شخص کی آنکھیں دکھ رہی ہوں تو اس کو چاہیے کہ بعد نماز فجر بلکہ

پانچوں وقت کی فرض نماز یعنی فرضوں کے بعد اس آیت مبارکہ کو سات مرتبہ پڑھ کر
اور ہاتھوں کے انگوٹھوں پر دم کرکے دونوں آنکھوں کو لگائے اور اگر اس کی آنکھیں
تندرست ہیں تو دو وقتوں کے فرضوں یعنی بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب اس آیت
مبارکہ کو سات مرتبہ مع اوّل وآخر تین بار درود شریف پڑھ کر ہاتھوں کے انگوٹھوں
پر دم کرکے آنکھوں پر ملے یا لگائے ۔

انشاء اللہ دکھتی آنکھیں تندرست ہوں گی ۔ اور تندرست آنکھیں دکھیں گی نہیں
مُجرّب ہے وہ آیت مبارکہ یہ ہے :۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ
فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

دیگر

(دُکھتی آنکھوں کے لیے)

ترکیب :۔ جس شخص کی آنکھیں دُکھ رہی ہوں تو ان کو اس طرح لکھ کر بغیر موم جامہ
کیے ہوئے پاک دھجی میں لپیٹ کر سر میں باندھے کہ تعویذ دونوں آنکھوں کے درمیان
پیشانی پر رہے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی مجرب ہے ۔

إِذَا مَا مُقْلَتِيْ رَمَدَتْ فَكَحِّلِيْ
تُرَابُ مَسِّ نَعْلِ أَبِيْ تُرَابِ
هُوَ الْبَكَّاءُ فِي الْمِحْرَابِ لَيْلاً
هُوَ الضَّحَّاكُ فِيْ يَوْمِ الضِّرَابِ

دیگر

(دُکھتی آنکھوں کے لیے)

ترکیب ہے :۔ جس شخص کی آنکھیں دُکھ رہی ہوں تو اس کو چاہیے کہ ان آیات مبارکہ
کو مشک و زعفران سے چینی کی طشتری پر لکھ کر دھو کر پیئے یا کاغذ پر لکھ کر موم جامہ
کیے پاک دھجی میں لپیٹ کر سر میں باندھے اس طرح کہ تعویذ دونوں آنکھوں کے درمیان
پیشانی پر رہے، مجرب ہے ۔

وہ آیات مبارکہ یہ ہیں ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا
فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۝

دوسری آیت یہ ہے :۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

مکان

(کی حفاظت کیلیے)

عمل

ترکیب :۔ جس مکان میں جن یا شیاطین کا اثر ہو اور بھوت، پریت چڑیلیں وغیرہ

ڈراتی ہوں یا بلایات وغیرہ کا اثر ہو اس کو چاہیے کہ اس تعویذ کو لکھ کر ایک پٹھے پر چپکا کر اور اس میں دو سوراخ کر کے ان میں ڈورا ڈال کر ایک کیل ٹھونک کر اس میں اس پٹھے کو لٹکا دے انشاء اللہ تعالیٰ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

وہ نقشِ مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

الشیطان فرعون ہامان
یابدوح ط ـــــــــــــــــــــــ ح یابدوح
فرعون ہامان الشیطان — یاسلجح ع یاسلجح ع یاسلجح ع یاسلجح ع یاسلجح ع یاسلجح ع — فرعون ہامان الشیطان

دیگر

(مکان کی حفاظت کے لیے)

ترکیب:۔ جس مکان میں جن یا شیطان کا اثر ہو اس کے لیے پہلے غسل کرے پھر دو رکعت تحیۃ الوضو کی نیت سے نفل ادا کرے اور پھر وہیں بیٹھے بیٹھے اس آیت مبارکہ کو سات مرتبہ کاغذ پہ لکھے اور اس کاغذ کو کسی گتے پر چپکا کر مکان میں لٹکا دے۔

وہ آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ

وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝

اور اگر کسی آدمی پر کسی قسم کا اثر ہو جن آسیب وغیرہ کا تو اس کے لیے بھی بالکل اوپر والے طریقے کے مطابق لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ اسی دن وہاں سے جن رخصت ہو جائے گا۔ اور پھر اس مکان میں کبھی نہ آئے گا۔ اور مریض کے اوپر سے تمام اثرات زائل ہو جائیں گے۔ اور مریض اچھا ہو جائے گا۔

مجرب المجرب ہے۔

دیگر

(مکان کی حفاظت کے لیے)

ترکیب:۔ جس مکان میں جن وشیاطین و آسیب کا اثر ہو تو اس کو چاہیے، کہ اسماءِ گرامی اصحاب کہف لکھ کر مکان کی دیواروں اور دروازوں پر چسپاں کرے کم از کم تین چار کاغذوں پر لکھ کر تین چار جگہ پٹھوں پر ہی چپکا دے اور لٹکا دے۔

انشاء اللہ کسی قسم کا اثر اس مکان میں نہ رہے گا۔ اور اگر رہے گا، تو پریشان نہ کرے گا وہ اسماءِ گرامی یہ ہیں:۔

اِلٰهِيْ بِحُرْمَتِ يَمْلِيْخَا مَكْسَلْمِيْنَا كَشْفُوْطَطْ اَذَرْ فَطْيُوْنَسْ كَشَافَطْيُوْنَسْ يُوَانَسْ بُوْسٍ وَاسْمُ كَلْبِهِمْ قِطْمِيْرٌ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ط

اور ان اسماء مبارک میں یہ بھی اوصاف ہیں کہ جس مقام پہ آگ لگی ہو ان کو کاغذ پر لکھ کر آگ

ڈال دے انشاءاللہ تعالیٰ آگ ٹھنڈی پڑ جائے گی۔

مُجرّب ہے۔

دیگر

(مکان کی حفاظت کے لیے)

ترکیب: جس مکان میں جن وشیاطین یا آسیب یا بھوت پریت، چڑیل وغیرہ ارواحِ خبیثہ کا اثر ہو تو پیر کے دن یا بدھ یا جمعرات کے دن بساعت مشتری یا زہرہ پوری سورۂ بقرہ اس مکان میں بیٹھ کر درمیانی آواز سے پڑھے اور ایک گلاس پانی کا بھر کر اپنے قریب رکھ لے اور جب سورہ ختم ہو جائے تو اس پانی پر دم کر کے مکان کی دیواروں پر چھڑک دے اور اس طرح پر کہ پانی زمین پر نہ گرے اور ساعت کا حساب سورج نکلنے کے وقت سے لگائے۔

انشاءاللہ تعالیٰ کسی قسم کا اثر مکان میں نہ رہے گا۔ مجرب ہے۔

دیگر

(مکان کی حفاظت کے لیے)

ترکیب: جس مکان میں جن وشیاطین یا کسی قسم کی ارواحِ خبیثہ کا اثر ہو تو اس کو چاہیے کہ لوہے کی چار کیلیں ٹوپی دار لے کر ان میں سے ہر کیل پر ۲۵، ۲۵ مرتبہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کرے اور ایک ایک کیل چاروں گوشوں میں گاڑ دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کا اثر جاتا رہے گا۔ (آیات مبارکہ صفحہ ۲۶۰ پر دیکھیے)

وہ آیت مبارکہ یہ ہے

إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَأَكِيدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ط

حافظہ

(کی زیادتی کے لیے)

عمل

جس شخص کو قرآن مجید نہ حفظ ہوتا ہو تو سوتے وقت عشاء کی نماز کے بعد برابر سو دفعہ پوری اَلْحَمْدُ شریف پڑھا کرے۔

انشاءاللہ قرآن شریف یاد ہو جائے گا۔ مجرب ہے

دیگر

(حافظہ کی زیادتی کے لیے)

جس شخص کا حافظہ کمزور ہو تو اس کو چاہیے کہ عروج ماہ اتوار کے دن اس عمل کو شروع کرے اس طرح پر کہ اتوار کے سورج نکلنے سے پہلی ساعت شمس ستارہ کی ہوتی ہے اس کا ایک گھنٹہ چھوڑ کر دوسرے گھنٹہ میں جو زہرہ کا ہوتا ہے چھوٹے سے کاغذ پر موٹے قلم سے لکھے۔

(باقی صفحہ ۱۶۱ پر دیکھیے)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ
اور نہار منہ اس کاغذ کو دھو کر اس کے پانی سے نقش والے کاغذ کو نگل لیا جائے
اور یہ نقش دھویا ہوا پانی اس کے اوپر سے پی لے اور اسی طرح دوسرے اتوار کو
دوسری ساعت میں مع بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہٗ لکھے اور
اسی طریقہ سے نہار منہ کھائے اور اسی طرح تیسرے اتوار کو دوسری ساعت میں مع
بسم اللہ شریف اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ
لکھے اور جس طرح پہلی اتوار کو کیا ہے اس کا استعمال کرے اور چوتھے اتوار کو
مع بسم اللہ شریف الٓمّٓصٓ ، کٓھٰیٰعٓصٓ ، طٰہٰ لکھے اور جس طرح پہلی اتوار
کو کیا تھا استعمال کرے اور پانچویں اتوار کو مع بسم اللہ شریف حٰمٓعٓسٓقٓ حٰمٓ
لکھے اور جس طرح پہلی اتوار کو کیا ہے اس کا استعمال کرے اور چھٹی اتوار کو مع
بسم اللہ شریف طٰسٓمٓ ، طٰسٓ ، الٓرٰ لکھے اور جس طرح پہلی اتوار کو کیا ہے اس کا
استعمال کرے اور ساتویں اتوار کو مع بسم اللہ شریف صٓ قٓ نٓ اِنَّمَآ اَمْرُہٗٓ اِذَآ
اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ
کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ط یہ خیال رہے کہ ہر اتوار کو سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ
بعد یعنی دوسرے گھنٹہ میں جو کہ زہرہ کی ساعت کہلاتی ہے لکھا جائے گا مجرب المجرب ہے۔

دیگر

(حافظہ کی زیادتی کے لیے)

ترکیب:۔ جو بچہ حفظ کر رہا ہو اور اس کا حافظہ کمزور ہو، یعنی یاد کرنے کے بعد

بھول جاتا ہو یا حفظ کر کے بھول گیا ہو تو اس کو چاہیے کہ جمعرات کے دن سورج نکلتے ہی
مشتری کی ساعت میں اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور اکتالیس[۴۱] مرتبہ سورۃ فاتحہ
یعنی الحمد شریف پوری اس طرح پر پڑھی جائے۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
یعنی بِسْمِ اللّٰہِ کی میم کو اَلْحَمْدُ کے لام سے ملا کر پڑھا جائے گا اور اکتالیس[۴۱] بار
ختم کرنے کے بعد میں ایک پاؤ میٹھی کھیلوں پر دم کر دیا جائے اور روزانہ نہار منہ اُن
کھیلوں میں سے سات یا نو دانہ اس بچے کو کھلائیں جس کا حافظہ کمزور ہے۔
انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ قوی ہو جائیگا اور جو پڑھے گا یاد رکھے گا مجرب ہے۔

دیگر

(حافظہ کی زیادتی کے لیے)

ترکیب:۔ جس کسی بچے یا بڑے کا حافظہ کمزور ہو تو اس کو چاہیے کہ جمعرات یا جمعہ
کے دن پہلی ساعت میں چینی کی طشتری پر باوضو زعفران مشک اور گلاب سے ان آیاتِ
مبارکہ کو لکھ کر نہار منہ ان کو دھو کر اس کو پلائے جس کا حافظہ کمزور ہے۔
انشاء اللہ تعالیٰ بھولی بات یاد رہنے لگے گی۔
اس عمل کو مسلسل سات دن تک کرے۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط ھُنَالِکَ دَعَا زَکَرِیَّا رَبَّہٗ ط قَالَ رَبِّ ھَبْ
لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّۃً طَیِّبَۃً ط اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ فَنَادَتْہُ
الْمَلٰٓئِکَۃُ وَھُوَ قَآئِمٌ یُّصَلِّیْ فِی الْمِحْرَابِ اَنَّ اللّٰہَ یُبَشِّرُکَ

بِيَحْيٰى مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ
قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ ۭ قَالَ
كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ۝

نوٹ:۔ اس عمل کے لیے موسم سرما یعنی (سردی) میں کیا جانا بہت ہی بہتر رہے گا۔

دُکان
کی ترقی کے لیے
عمل

ترکیب:۔ اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور فائدہ کم ہوتا ہو تو اس آیت کو دو پُرزوں پر لکھ کر ایک پُرزے کو گتے پر چسپاں کرکے دکان کے اندر لٹکا دے اور دوسرے پُرزے کو موم جامہ کرکے اپنے گلے کے اندر جس میں وہ روپیہ پیسہ رکھتا ہو۔ یہ خیال رہے کہ اگر ان دونوں میں سے ایک بھی کھو گیا تو پھر اثر زائل ہو جائیگا کیونکہ یہ دونوں لازم وملزوم ہیں اس کے لیے دونوں کی بڑی حفاظت رکھے گلے والے تعویذ اور گتے والے تعویذ کی،

انشاءاللہ تعالیٰ دکان خوب چلے گی اور خریدار بہت آئیں گے اور اگر کسی دشمن نے بند کرادی یا کر دی ہو گی تو کھل جائے گی۔

وہ آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ هُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ

فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ۭ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ
يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝

دیگر
(دکان کی ترقی کے لیے)

ترکیب:۔ اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور فائدہ کم ہوتا ہو تو اس کو چاہیے کہ اس نقش کو سورج نکلنے سے پہلے یعنی طلوعِ آفتاب سے پہلے، جمعہ، ہفتہ، پیر یا منگل کو لکھے جمعہ کو سورج نکلنے سے پہلے شمس کی ساعت ہو گی۔ ہفتہ کو سورج نکلنے سے پہلے قمر کی ساعت ہو گی پیر کو سورج نکلنے سے پہلے عطارد کی ساعت ہو گی منگل کو سورج نکلنے سے پہلے مشتری کی ساعت سب سے بہتر ہے۔ اور آئندہ لکھنے والے کو اختیار ہے۔ کہ چاہے جس روز لکھے اور لکھنے کے بعد ایک گتے پر چسپاں کرکے یعنی چپکا کر اس گتے کو دکان میں لٹکا دے۔

انشاءاللہ تعالیٰ خوب خرید وفروخت ہو گی مجرب ہے وہ نقش مکرم یہ ہے اور اس نقش کو لٹکانے کے وقت یہ اہتمام ضروری ہے۔ کہ نقش اس طرح لٹکایا جائے کہ دیکھنے والے یا خریدار کی نظر کے سامنے ہو۔

٧٨٦

١٢٠	١٣٤	١٣٠	١٢٧
١٣١	١٢٦	١٢١	١٣٣
١٢٥	١٢٨	١٣٦	١٣٢
١٣٥	١٢٣	١٢٤	١٢٩

دیگر

(دکان کی ترقی کے لیے)

ترکیب:- اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور فائدہ کم ہوتا ہو تو اس کو چار کوری سکوری جن میں کہ خوشی کے موقع پر کھیر یا فرینی جماتے ہیں لیکن وہ ایسی ہوں کہ جن کو پانی نہ لگا ہو لیکر ان پر جمعرات، جمعہ یا پیر کے دن مشتری کی ساعت میں لکھے اور دکان کے چاروں کونوں میں ان کو الٹا کر کے رکھ دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ خوب بکری ہوگی اور بہت زیادہ منافع ہوگا۔ جمعرات کو یہ ساعت سورج نکلتے ہی آتی ہے۔ اور جمعہ کو پانچویں گھنٹہ میں سورج نکلنے کے بعد سے آتی ہے اور پیر کو سورج نکلنے کے بعد تیسرے گھنٹے میں آتی ہے لکھنے والے کو ان اوقات کا خیال رکھنا ضروری ہے مجرب ہے۔

وہ آیت مبارکہ یہ ہے:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ط

دیگر

(دکان کی ترقی کے لیے)

ترکیب:- اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور فائدہ کم ہوتا ہو تو اسس کو چاہیے کہ اس

نقش مبارک کو چار کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھ اور ان ٹکڑوں کو گتوں پر الگ الگ چپکا کر دکان کے چاروں کونوں میں دری وغیرہ کے فرش کے نیچے سیدھے بحفاظت رکھے اس نقش کو پیر کے دن سورج نکلنے کے بعد تیسرے گھنٹہ اور جمعہ کو سورج نکلنے کے بعد پانچویں گھنٹہ میں لکھے کہ یہ سب ساعتیں مشتری کی ہوتی ہیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ بکری خوب ہوگی اور نفع بھی خوب ہوگا۔

وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۵۶۰	۵۵۵	۵۶۲
۵۶۱	۵۵۹	۵۵۷
۵۵۶	۵۶۳	۵۵۸

دیگر

(دکان کی ترقی کے لیے)

ترکیب:- اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور فائدہ کم ہوتا ہو تو اس کو چاہیے کہ اس نقش کو لکھ کر گتے پر چپکا کر دکان کے اندر لٹکا دے۔ تاکہ خریدار کے سامنے رہے اور اس کو مشتری کی ساعت میں لکھے۔ پیر کے دن سورج نکلنے کے بعد سے تیسرے گھنٹہ میں آتی ہے اور جمعرات کو سورج نکلنے سے پہلے گھنٹہ میں اور جمعہ کو سورج نکلنے کے بعد سے پانچویں گھنٹہ میں یہ ساعت آتی ہے انشاء اللہ تعالیٰ بکری خوب ہوگی اور نفع بھی زیادہ ہوگا۔ (آیت صفحہ ۲۷۶ پر دیکھیے)

مجرب ہے وہ آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَوْ کَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَۃٍ وَّھِیَ خَاوِیَۃٌ عَلٰی عُرُوْشِھَا بِحَقِّ الٓمّٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَبِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دیگر

(دُکان کی ترقی کے لیے)

ترکیب:۔ اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور نفع کم ہوتا ہو تو اس کو چاہیے کہ اس نقش کو مشتری کی ساعت میں لکھ کر گتے پر چسپاں کر دے یا بہتر طریقہ یہ ہے کہ اس نقش کو شیشہ کا فریم کرالے اور دکان یا گھر میں اس کو لٹکا دے انشاء اللہ تعالیٰ دکان کی بکری بڑھ جائے گی اور منافع کثیر ہونے لگے گا اور گھر کو اگر کسی نے باندھ دیا ہے تو وہ کھل جائے گا اور اگر جادو کرا دیا ہے تو اس کا اثر بھی باطل ہو جائے گا اور جو لوگ اس گھر میں رہتے ہیں وہ بھی ہر قسم کی مصیبتوں سے۔ بندش جادو وغیرہ سے بالکل محفوظ و مامون رہیں گے۔ اور کسی نے دکان کو باندھ دیا ہے تو وہ بھی اس کے لٹکانے سے کھل جائے گی۔ خواہ جادو کے ذریعے کیوں نہ باندھی گئی ہو اور گھر والوں یا دکان والوں کے دشمن زیر ہوں گے۔

انشاء اللہ تعالیٰ جلد کام پورے ہوں گے۔ مجرب ہے پیر کے دن سورج نکلنے سے تیسرے گھنٹہ میں جمعہ کے دن سورج نکلنے سے پانچویں گھنٹہ میں

جمعرات کو سورج نکلنے سے پہلے گھنٹہ میں اس کو لکھے اور اس شیشہ کے فریم کو وقتاً فوقتاً پندرہ دن یا مہینہ میں کپڑے سے صاف کرتا رہے اور نقش کو موٹے قلم سے لکھوائے تاکہ دور سے دکھائی دے۔

وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یا اَللّٰہُ	یا رَحْمٰنُ	یا اَلرَّحِیْمُ
یا مَالِكُ	یا رَزَّاقُ	یا قَادِرُ
یا رَزَّاقُ	قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ	یا رَزَّاقُ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ	یا رَزَّاقُ	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
یا رَزَّاقُ	اَللّٰہُ الصَّمَدُ	یا رَزَّاقُ

دیگر

(دکان کی ترقی کے لیے)

ترکیب:۔ اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور فائدہ کم ہوتا ہو تو اس کو چاہیے کہ اس مربع کو لکھ کر، موم جامہ کر کے کپڑے کا غلاف چڑھا کر اور ایک ڈورے میں سی کر دکان کے اندر والی چوکھٹ پر کیل یا کوکا ٹھونک کر اس میں لٹکا دے۔ اس نقش کو مشتری کی ساعت میں لکھے۔ جمعرات کو سورج نکلنے سے پہلے گھنٹہ میں پیر کو سورج نکلنے سے تیسرے گھنٹہ میں جمعہ کو سورج نکلنے سے

پانچویں گھنٹہ میں یہ ساعت ہوتی ہے۔

۷۸۶

فَاسْتَبْشِرُوْا	بِبَيْعِكُمُ	الَّذِيْ	بَايَعْتُمْ بِهٖ
۱۵۰	۷۴۴	۷۴۱	۵۳۰
۷۴۲	۵۲۹	۱۵۱	۷۴۳
۵۲۸	۷۳۹	۷۴۶	۱۵۲
۷۴۵	۱۵۳	۵۲۷	۷۴۰

چور

کے لیے

عمل

ترکیب:- اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو اور اس چور کا سراغ (پتہ) نہ ملے تو اس دعا کو کثرت کے ساتھ پڑھنے سے یہ معلوم ہو جائے گا کہ چور کون ہے یا جو مال چوری چلا گیا ہے وہ انشاءاللہ تعالیٰ واپس مل جائے گا۔ وہ دعائے مبارکہ یہ ہے یا چرانے والا خود اس کا مال اس کے گھر پر ڈال جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يَا وَاسِعَ الْكَنَفِ وَيَا عَلِيَّ الشَّرَفِ

بِحُرْمَةِ اَهْلِ الشَّرَفِ اِجْبِرْ عَلٰى مَا تَلَفَ بِحُرْمَةِ فَاطِمَةَ وَ اَبِيْهَا وَبَعْلِهَا وَابْنَيْهَا يَا بُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝ وَلَوْ تَرٰى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَ اُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ وَّقَالُوْآ اٰمَنَّا بِهٖ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ ۝ اَللّٰهُمَّ اجْبِرْ كَذَا وَكَذَا بِحَقِّ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ وَصٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ وَقٓ وَالْقُرْاٰنِ وَالرَّحْمٰنِ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ يَا عِبَادَ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ رُدُّوْا عَلَيَّ ضَالَّتِيْ يَرْحَمُكُمُ اللّٰهُ وَاَحْبِسُوْهَا اِلَيَّ اَللّٰهُمَّ وَتَفْتِنِيْ بِهَلَاكِهَا وَلَا تَبْتَغِيْ بِطَلَبِهَا بِحَقِّ جِبْرِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَاءَ نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمٰتِكَ ۝

دیگر

(چور کے لیے)

ترکیب:- اگر کوئی شخص اپنی دکان یا اپنے گھر کے اسباب میں اس دعا کو لکھ کر گتے پر چسپاں کر کے لٹکا دے انشاءاللہ تعالیٰ سامان چوری سے محفوظ رہے گا اور وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يَا حَفِيْظُ لَا يَنْسٰى وَيَا مَنْ نِّعْمَتُهٗ

لَا تُحْصٰى وَيَا مَنْ لَّهُ الْعُرْوَةُ الْوُثْقٰى وَيَا مَنْ لَّهُ الْعِزَّةُ وَالثَّنَاءُ
وَلَهُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى اِحْفَظْ كَذَا وَكَذَا بِمَا حَفِظْتَ بِهِ الْاَرْضَ
وَالسَّمَاءَ وَالْجَآءَتْ ظَهْرِيْ فِيْ حِفْظِ ذٰلِكَ اِلَى الْقَيُّوْمِ فَاِنَّكَ
قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ
تَعَالٰى عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ط

دیگر

(چور کے لیے)

ترکیب:۔ جو لوگ چوری میں متہم ہوں یعنی جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو ان سب کے نام الگ الگ پرچوں پر لکھیں اور ان پرچیوں کی گیہوں کے آٹے میں جو گندھا ہوا ہو گولیاں بنالیں اور ان سب پر اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھیں اور اس کے بعد آیت الکرسی اور چاروں قل ایک ایک بار پڑھیں اور اس کے بعد طشت میں پانی بھر کر اس میں وہ سب گولیاں ایک دم پانی میں ڈالی جائیں گی چور کی گولی پانی میں غرق نہ ہوگی اور پانی تیرتی رہے گی۔ مجرب ہے۔

دیگر

(چور کے لیے)

ترکیب:۔ اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو تو اس کو چاہیے کہ سرسوں کے تیل کے چراغ کی سیاہی یا توے کی سیاہی لے کر اس کو تھوڑے سے سرسوں کے تیل میں ملا کر ایک

نابالغ لڑکے، یا لڑکی کی ہتھیلی میں دونوں ہاتھوں کو مل دے اور اس کے بعد سات دانے یا نو دانے ثابت اُرد کے یا جو کے لے کر ان میں سے ہر دانے پر ایک ایک بار یہ عزیمت پڑھ کر ایک دانے کو اس لڑکے یا لڑکی کے مارتا جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ لڑکے یا لڑکی کے ہاتھوں پر چور کی شکل ظاہر ہو جائے گی۔

وہ عزیمت یہ ہے:۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ فَتْحُوْنَ فَتْحُوْنَ فَتْحُوْنَ جِنَّتُكَ جِنَّتُكَ جِنَّتُكَ شَفِيْعًا
شَفِيْعًا شَفِيْعًا عَطِيْشًا عَطِيْشًا عَطِيْشًا سُرُوْدًا سُرُوْدًا سُرُوْدًا قُدُوْدًا
قُدُوْدًا قُدُوْدًا سَهْلًا سَهْلًا سَهْلًا نَهْلًا نَهْلًا نَهْلًا اُحْضُرُوْا مِنْ
جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ
عَلَيْهِمَا السَّلَامُ۔

دیگر

(چور کے لیے)

ترکیب:۔ اگر کسی شخص کا مال چوری ہو گیا ہو اور اس کا پتہ نہ لگتا ہو تو اس کو چاہیے کہ ایک چوکور یعنی چار کونوں والی کیل لے کر اس کے ایک طرف یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ اور دوسری طرف وَالْقُرْاٰنِ اور تیسری طرف قٓ وَالْقُرْاٰنِ اور چوتھی طرف حٰمٓ عٓسٓقٓ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ لکھ کر کیل کو زمین میں گاڑ دے اور یہی کلمات جو کیل پہ لکھے گئے ہیں پڑھتا جائے۔ پھر جن جن پر شبہ ہو ان کو اس کیل پر کھڑا کرے جو چور ہوگا اس کیل پر کھڑا نہ ہوگا۔

انشاءاللہ تعالیٰ یہ معلوم ہو جائے گا کہ چور کون ہے۔

دیگر

(چور کے لیے)

ترکیب :۔ اگر کسی شخص کا مال چوری ہو گیا ہو اور پتہ نہ لگتا ہو تو اس کو چاہیے کہ جتنے لوگوں پر اس کا شبہ ہے اتنے برگ ترنج (ترنج کے پتے) لے کر ہر پتے پر یہ آیتِ کریمہ لکھے اور اس آیت کے نیچے ہر اس شخص کا نام لکھا جائے کہ جن جن پر شبہ ہو اور پھر ان پتوں میں سے ایک ایک پتہ آگ میں ڈالتا جائے انشاءاللہ ضرور چور کے پیٹ میں درد ہو گا وہ آیتِ مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۰ اَلسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءً ۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ط

دیگر

(چور کے لیے)

ترکیب :۔ اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو اور چور کا پتہ نہ چلتا ہو تو اس کو چاہیے کہ شنگرف اتنی مقدار میں لے کہ ران پر ملنے کے بعد بچے نہیں اور اس شنگرف کو پانی میں بھگونے کے بعد اس پر دس مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرے اور اسے اپنی ران پر ملے اس کے بعد استرہ لے اور استرہ پر چالیس مرتبہ ان اسماء کو پڑھ کر دم کرے اور استرہ سے اپنی ران کے بال مونڈے۔ جب ایسا کرے گا تو چور کے سر کے

بال منڈیں گے از عجائب است یہ عمل مشتبہ لوگوں کے سامنے بٹھا کر کیا جائے۔ وہ اسماءِ مبارکہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط علیقه ملیقه طلیقه تلیقه بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَعَلِيٌّ وَلِيُّ اللّٰهِ ط

دیگر

(چور کے لیے)

ترکیب :۔ اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو اور چور کا پتہ نہ چلتا ہو تو اس کو چاہیے کہ عروجِ ماہ نوچندی جمعرات سے اس عمل کو شروع کرے فجر کی نماز کے بعد اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور اس کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۂ فاتحہ یعنی الحمد شریف، بسم اللہ شریف کی میم ملا کر پڑھے اور چالیس روز تک مسلسل پڑھتا رہے اس طرح یہ پڑھنے والے کے عمل میں آ جائے گا اور جب چالیس روز مکمل ہو جائیں تو ہر روز پھر گیارہ مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ لیا کرے اس طرح اس کا عمل تازہ رہے گا۔ یہ ورد برابر جاری رکھے جب اس عمل کا عامل ہو جائے تو پھر یہ کرے کہ جن لوگوں پر شبہ ہے ان سب کو بلا کر اپنے پاس بٹھائے اور ہر ایک کے حصہ کے ایک ایک تولہ چاول سفید رنگ کے لے خواہ کچا باسمتی ہو یا سیلا اور ایک پاؤ کچا دودھ لے کر اس میں سب کو بھگو دے۔ اور تین چار منٹ تک بھیگا رہنے دے اور پھر ان کو نکال کر ایک صاف و پاک کپڑے پر پھیلا کر خشک کرے اور

متفرقات

عمل

(برائے جملہ حاجات)

ترکیب :۔ اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے تمام حاجات کے لیے مجرب ہے نقش یہ ہے۔

٧٨٦

١٨٢٠	١ ٢ ۴ ٨ ٩١	١٦
١١٣	١٢٢۴٩٣٠	٣٦
۴٢٠	یا باسِطُ احب یا جبرائیل	١١٣

(اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ)

دیگر

(برائے درد)

عَمَلْ سُورۃ الفاتحہ :۔ اگر بدن میں درد ہوتا ہے طشتری میں مع بسم اللہ کے سورۃ فاتحہ لکھے۔ بعدہٗ تل کا تیل طشتری میں ڈالے تل کے تیل پر ستر بار

جب خشک ہو جائیں تو ایک کانٹا ہے جس سے سونا اور دوائیں تولی جاتی ہیں اور اس میں ایک ایرانی روپیہ چاندی کا جو چوکھونٹا ہو اس پر ایک طرف کلمہ شریف اور ایک طرف بادشاہ کا نام ہوتا تھا پورے ایک تولہ کا ہو اس کو ایرانی لوگ فروخت کرتے پھرتے ہیں اس روپے پہ ایک مرتبہ بسم اللہ شریف اور دس مرتبہ سورۃ فاتحہ اسی طریقے سے یعنی بسم اللہ کی میم ملا کر پڑھے اور اس روپے پر دم کرے اس وقت تک یہ روپیہ کانٹے میں پڑا رہنے دے جب تک یہ کام مکمل نہ ہو جائے اور جو لوگ وہاں بیٹھے ہیں جن پر شبہ ہے ان کو ایک ایک تولہ چاول الگ الگ اس میں سے تول کر دیا جائے ۔ اور چبانے کو کہے چور سے نہیں چبائے جائیں گے اور اگر چبا لیے تو تھوکنے پر خون کے رنگ کے نکلیں گے اگر وہ اس پر اصرار کرے کہ میرے مسوڑھے دکھ رہے ہیں یا میرے منہ میں پان تھا تو منہ صاف کرا کر جتنی مرتبہ چبائے گا اسی رنگ کے چاول نکلیں گے مجرب المجرب ہے۔

سُورۃ الفاتحہ پڑھے اس کے بعد تیل کو شیشی میں بھر کر محفوظ رکھے اور درد کی جگہ پر مالش کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بحکمِ خدا درد دفع ہو جائے گا مجرب ہے۔

دیگر

(برائے سخت مشکل وبیماری)

ترکیب:۔ اگر کسی شخص کو کوئی سخت حاجت درپیش ہے۔ اور وہ اس میں سخت پریشان ہو تو اس کو چاہیے کہ اس نقش مبارک کو اس طریقے سے جو آگے آرہا ہے عمل میں لائے کہ عروجِ ماہ نوچندی اتوار کو صبح کے وقت چار بجے غسل کریں اور کم از کم پانچ گز یا سوا پانچ گز لمبا احرام لٹھے کا لے کر باندھیں اور اوّل آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف اور ۸۶ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر اس نقش مبارک کو سیاہی سے لکھے۔ ۲۱ بار یعنی ۲۱ نقش اور پھر ان کی آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے، سورج نکلنے سے لے کر غروب آفتاب تک یعنی سورج چھپنے سے پہلے پہلے جاہے جس وقت ڈال آئے اور جب اکیس روز پورے ہوں جائیں تو پھر بسم اللہ شریف کو اوّل آخر بسم اللہ شریف کو پڑھ لیا کریں۔ اور یہ تعویذ جو لکھ کر آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے جائینگے انار کی لکڑی کا قلم ہو نقش لکھنے کے وقت ایک خاص جگہ مقرر کر لی جائے گی اور اسی جگہ روزانہ بیٹھ کر یہ نقش لکھے جائیں گے۔ جب اس کا عامل ہو جائے یعنی اکیس روز پورے ہو جائیں تب اگر اپنی سخت مشکل کے لیے یہ عمل کرے گا۔ تو اسی طرح پر کرنا چاہیے نوچندی اتوار علی الصبح چار بجے غسل کرے احرام باندھے اور

یہ نقش اسی طریقے سے لکھے اور اس نقش کو اپنے سامنے رکھ لے اور اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور ۸۶ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر اپنے دلی مقصد کے لیے دعا مانگیں درگاہ قاضی الحاجات میں اور جب دعا مانگ چکے تو تعویذ کو لپیٹ کر موم جامہ کر کے عطر وغیرہ لگا کر کسی ڈبیہ میں رکھ کر اپنی جیب میں رکھیں اور باطہارت ہر وقت رہیں اور وضو ہو بہت ہی اچھا ہے سات یوم اس عمل کو کریں جیسے پہلے دن کیا تھا یہی عمل ڈبیہ میں سے تعویذ کو نکال کر سامنے رکھ کر ہر روز کیا جائے اور پھر اس کو اپنے پاس رکھا رہنے دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دلی مقصد پورا ہو گا۔ اور اگر کوئی بیمار ہے تو نیا نقش لکھ کر سات یوم اس نقش کو گھول کر پلائیں بیمار اچھا ہو جائے گا۔ اور جو شخص خلاف یا ناراض ہو تو سات یوم پلانے سے عمر بھر وفاداری کا جذبہ پیدا ہو جائے گا۔ عمر بھر وفادار اور غلام رہے گا۔

ترکیب :۔ جو شخص اس نقش کو اپنے پاس موم جامہ کر کے رکھے اگر قتل وغارتگری ہو رہی ہو گی اور وہ وہاں سے گزرے گا تو کوئی دشمن انشاء اللہ تعالیٰ نظر اٹھا کر نہ دیکھے گا۔ اور کسی قسم کا کوئی خوف وخطر اس کو پیش نہ آئے گا۔ اور اگر کسی پریشانی میں مبتلا ہے تو انشاء اللہ فوراً اس کی برکت سے وہ پریشانی دور ہو گی اور جس مجلس میں جائے گا تعظیم وتکریم ہو گی اور اگر وہاں دشمن موجود ہو تو شرمندہ ہو گا اور نظر اٹھا کر نہ دیکھے گا۔

ہر مقصد میں اس کی برکت سے کامیابی ہو گی۔ اس نقش کو لکھ کر بازو پہ باندھے۔ مرد سیدھے بازو پر، عورت الٹے بازو پہ، اور اگر گلے میں ڈالے تب بھی کوئی حرج نہیں۔

مجرب المجرب ہے۔ (نقش صفحہ ۳۲۴ پر دیکھیے)

وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۶۱۸	۱۶۵۶۲۱	۱۶۵۶۲۵	۱۶۵۶۱۱
۱۶۵۶۲۴	۱۶۵۶۱۲	۱۶۵۶۱۷	۱۶۵۶۲۲
۱۶۵۶۱۳	۱۶۵۶۲۷	۱۶۵۶۱۹	۱۶۵۶۱۶
۱۶۵۶۲۰	۱۶۵۶۱۵	۱۶۵۶۱۴	۱۶۵۶۲۶

دیگر

(ھر حاجت کے پورا ھونے کیلیے)

ترکیب :۔ جس شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو تو اس کو چاہیے کہ اس صورت کو روزانہ گیارہ بار لکھ کر دریا میں ڈالے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مقصود کو پہنچے گا وہ صورت یہ ہے۔

دیگر

(برائے یرقان جس کو پیلیا کہتے ھیں)

ترکیب :۔ جس شخص کو یرقان کی شکایت ہو تو اس کو چاہیے کہ نیم کی ایک ٹہنی لے کر

اس ٹہنی کی تمام سینکیں الگ توڑ کر معہ پتوں کے ایک جگہ کر لیا جائے اور ان سینکوں سے مریض کی آنکھوں کو جھاڑتا جائے یعنی سینکیں برابر ہلاتا رہے اول تین مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سورہ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ معہ بسم اللہ کے پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کرے مریض آنکھوں کو کھلا رکھے۔ اور پھر نو بار پڑھ کر دم کرے اور آخر میں تین بار درود شریف پڑھے اس طرح سات روز مسلسل کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفایاب ہوگا۔

دیگر

(برائے تسخیر)

ترکیب:۔ جو شخص کسی دوسرے شخص کو اپنا کرنا چاہتا ہو یا اپنے مخالفین کو اپنا موافق بنانے کی خواہش ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد اپنے داہنے بازو پر اور عورت اپنے بائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام مخالفین تابع فرمان بن جائیں گے کوئی مخالفت کسی سے نہ رہے گی۔ مجرب المجرب ہے وہ نقش مکرم یہ ہے:۔

۷۸۶

الله الله الله

۱۰۰۵	۱۰۱۰	۱۰۰۳
۱۰۰۴	۱۰۰۶	۱۰۰۸
۱۰۰۹	۱۰۰۲	۱۰۰۷

الله الله الله

دیگر

(برائے رزق کی زیادتی کے لیے)

ترکیب:۔ جو شخص چاہے کہ اس کے رزق میں زیادتی ہو تو اس کو چاہیے کہ انار کی لکڑی کے قلم سے گیارہ تعویذ لکھ کر کسی بھی نماز کے بعد ایک وقت معین کر کے آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے اور اگر دریا قریب ہو تو کسی کنوئیں میں ڈال دے

انشاء اللہ تعالیٰ ایسا کرنے سے بہت جلد رزق کی زیادتی ہوگی ان گولیوں

کو ہر روز سورج چھپنے سے پہلے پہلے ڈال دے۔ مجرب ہے۔

وہ نقش یہ ہے:۔

۱۸	۴۸	۹
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یَا بَاسِطُ	۳۰

دیگر

(برائے حل مشکلات)

ترکیب:۔ جس شخص کو کوئی سخت مشکل درپیش ہو اس کو چاہیے کہ بعد نماز فجر

یا عشاء اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر سُورۃِ قریش یعنی لایلٰف قریش کو ستر (۷۰) بار پڑھے، مع بسم اللہ کے یعنی ایک بار بسم اللہ ضرور پڑھ لے جب تک مشکل آسان نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مشکل آسان ہو گی۔

(برائے نفع ہونے تجارت میں)

ترکیب:- جو شخص یہ چاہے کہ میری تجارت میں روز افزوں ترقی ہو اور فائدے روز بروز زیادہ ہوتے رہیں تو اس کو چاہیے کہ دکان پر بیٹھا بیٹھا یا ہر وقت اس درود کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ بہت جلد اپنے مقصود کو پہنچے گا۔

وہ درود مبارک یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلٰی جمیع المومنین وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

دیگر

(دشمن کے مقابلے میں دشمن کو مغلوب کرنے کے لیے)

ترکیب:- اگر کبھی دشمن سے ہم کلام ہونے کا موقع ہو اور اس سے نقصان پہنچنے کا ڈر ہو تو ان اسماء کا برابر ورد کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب

ہو جائے گا وہ اسماء یہ ہیں۔

یَا سُبُّوْحُ، یَا قُدُّوْسُ، یَا غَفُوْرُ، یَا وَدُوْدُ

یہ چاروں کلمے نہایت ہی مجرب المجرب ہیں۔

دیگر

(دشمنوں پر غالب آنے کیلیے)

ترکیب:- جو شخص معرکۂ جنگ میں جائے تو سُوْرَۃِ زِلْزَال یعنی اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَھَا پوری سورۃ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور تھوڑی سی خاک اٹھا کر دشمن کی طرف پھینکے، پھر اپنے سر پر ہاتھ پھیرے اور یہ آیت پڑھے۔

فَاضْرِبْ لَھُمْ طَرِیْقًا فِی الْبَحْرِ یَبَسًا لَّا تَخٰفُ دَرَکًا وَّلَا تَخْشٰی وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۝

دشمن پر غالب اور فتح یاب ہو یہ عمل اسرار الٰہی میں سے ہے۔

دیگر

(دشمن کے لشکر پر غالب آنے کے لیے)

ترکیب:- اگر ایک مٹھی خاک پر آیت

سَیُھْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ط

اور

اب ج د ھ و ز ح ط

پڑھے اور دشمن کے لشکر کی طرف پھینکے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کا لشکر بھاگ جائے گا۔

دیگر

(برائے دور ہونے یرقان یعنی پیلیا کی شکایت)

ترکیب:۔ جس کو یرقان ہو جائے اس نقش کو لکھ کر گھول کر اس پانی سے مریض کا منہ دھلا دے خدا چاہے تو مریض بہت جلد صحت پاوے۔

نقشِ معظم و مکرم یہ ہے:۔

۷۸۶

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

دیگر

(برائے اُمّ الصبیان)

ترکیب:۔ یہ آیتِ مبارک دو کاموں کے لیے اور جادو کے لیے مجرب ہے اگر

کسی بچے کو سوکھے کا مرض ہو یا آسیب وغیرہ کا خلل ہو یا کسی نے جادو کرادیا ہو ان تینوں کاموں کے لیے اس آیتِ مبارکہ کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں آسیب والے کے گلے میں اور جادو والے کے گلے میں ڈال دے خدا کے فضل و کرم سے تینوں قسم کے مریض صحت یاب ہوں گے وہ آیتِ مبارکہ یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ہ اِنَّہٗ لَیْسَ لَہٗ سُلْطٰنٌ عَلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰی رَبِّہِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ ہ

دیگر

(جو لڑکا روتا ہو یا خواب میں چونکتا ہو)

ترکیب:۔ جو لڑکا روتا ہو یا خواب میں چونکتا ہو اس نقشِ مکرم کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔

نقشِ مکرم و معظم یہ ہے فلاں کی جگہ بچہ کا نام۔

۷۸۶

۸	۱۹	۲۲	۱
۲۱	۲	۷	۲۰
۳	فلاں	۱۷	۶
۱۸	۵	۴	۲۳

ایّام کے سَعد و نحَس

یہ دنوں کے سعد و نحس جو لکھے جا رہے ہیں وہ علمِ نجوم کے اعتبار سے لکھے جا رہے ہیں لیکن شرعاً اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے جہاں تک ستاروں کی رفتار کا تعلق ہے ان کی رو سے ہفتہ کے سات دن بعض کاموں کے لیے اچھے ہیں اور بعض کاموں کے لیے بُرے ہیں۔

ستاروں کی رفتار کے اثرات سے لحاظ سے ساتوں دنوں کے متعلق ہم درج کرتے ہیں۔

اِتوار

یہ شمس کا دن ہے ستارہ اس کا شمس ہے۔ پہلی ساعت میں اگر محبت کا عمل کرے تو کامیاب ہوگا یہ تمام دن اچھا ہے نیا کپڑا پہننے کے لیے بہتر ہے مکان کے بنانے کے لیے۔ زمین جوتنے کے لیے۔ بچے کو مکتب میں بٹھانے کیلیے مناسب دن ہے۔ سفر کے لیے بھی اچھا ہے اگر مشرق کی جانب سفر کرے تو بہتر ہے جو فرزند اس دن پیدا ہوگا۔ خوش نصیب ہوگا۔

پیر

یہ قمر کا دن ہے ستارہ اس کا قمر ہے تمام کاموں کے لیے یہ دن مبارک ہے۔ شادی کے لیے، بچے کا نام رکھنے کے لیے، نیا مکان بنانے کیلیے، بچے کو مدرسے میں داخل کرنے کے لیے۔ غسل صحت کے لیے بہت مبارک دن ہے اگر سفر جنوب و مغرب کی طرف کرے یقینی کامیاب ہو البتہ بیماری کے لیے یہ دن اچھا نہیں اگر بچہ پیدا ہوگا تو بڑا نیک دل ہوگا۔

منگل

یہ مریخ کا دن ہے ستارہ اس کا مریخ ہے۔ نحس اصغر ہے۔ بعض کاموں کے لیے اچھا ہے۔ اور بعض کے لیے بُرا۔ اس دن اگر نقل مکان اور خرید و فروخت کرے تو کوئی حرج نہیں۔ مگر نیا لباس پہننا اور کتروانا نہ چاہیے، اگر مشرق یا جنوب کی طرف سفر کرے تو کچھ حرج نہیں۔ اس دن جو بچہ پیدا ہوگا۔ وہ نہایت تند مزاج ہوگا۔

بُدھ

یہ عطارد کا دن ہے ستارہ اس کا عطارد ہے یہ دن بھی اچھا ہے، نیا لباس پہننے کے لیے، نئے مکان میں جانے کے لیے، مکتب میں بچے کو بٹھانے کے لیے۔ زمین جوتنے کے لیے مُبارک دن ہے۔

اگر مشرق و مغرب کی طرف سفر کرے تو کوئی حرج نہیں جو بچہ اس روز پیدا ہوگا وہ علم کا شائق اور قابل ولائق ہوگا۔

جُمعرات

یہ مشتری کا دن ہے ستارہ اس کا مشتری ہے مبارک خیال کیا جاتا ہے اس روز نیا لباس پہننا، ملاقات کرنا، تجارت شروع کرنا، شادی بیاہ کرنا، نیا مکان تبدیل کرنا مبارک ثابت ہوتا ہے۔ خرید و فروخت کے لیے بھی یہ دن اچھا ہے۔

سفر کے لیے یہ دن سب سے بہتر ہے۔ جو بچہ اس روز پیدا ہوگا وہ نیک بخت ہوگا۔

جُمعہ

یہ زہرہ کا دن ہے ستارہ اس کا زہرہ ہے۔ یہ بڑا مبارک دن ہے۔ اس دن تجارت شروع کرنا اور نیا مکان بنانا۔ شادی بیاہ کرنا۔ بچے کو مکتب میں بٹھانا بہت ہی مبارک ہے۔

جو کام اس روز شروع کرے اس میں کامیابی ہو۔ اس روز جمعہ کی نماز کے بعد سفر کرنا بہت مفید ہے۔

ہفتہ

یہ زحل کا دن ہے ستارہ اس کا زحل ہے۔ نجومیوں کے نزدیک یہ دن نحسِ اکبر ہے۔ اس روز نئے کپڑے بنانا، قطع کرنا درست نہیں۔

اس روز کوئی نیا کام نہیں کرنا چاہیے۔ اور نہ سفر کرنا چاہیے جو بچہ اس روز پیدا ہوگا اس کی صحت خراب رہے گی۔

علمِ قیافہ
سے
حالات معلوم کرنا

انسانی زندگی میں علم قیافہ بھی ایک نہایت ہی اہم اور ضروری فن تصور کیا جاتا ہے اس علم کی مدد سے ہم کو ظاہری شکل وصورت دیکھ کر ایک انسان کے متعلق صحیح رائے قائم کرنے میں بڑی مدد ملتی ہے ہم مردوں کی نیک و بد خصلتوں کے سلسلے میں کچھ علامات درج کرتے ہیں ان علامات کی مدد سے بڑی حد تک ایک شخص کے متعلق صحیح رائے قائم کی جا سکتی ہے۔

بالِ سر

۱۔ سیاہ ملائم ہوں، دولت مند ہو۔
۲۔ باریک ہوں، حسین نیک مزاج ہو۔
۳۔ سخت تر ہوں، تنگ دست اور بہادر ہو۔
۴۔ سرخی مائل بیٹھے ہوئے تو مفلس و پریشان روزگار ہوگا۔

کاسۂ سر

۱۔ لمبائی ہو تو اقبال و ناز سے بسر کرے۔
۲۔ متوسط ہونا دولت مندی کے آثار ہیں۔
۳۔ زیادہ تر بڑا ہونا مفلسی و پریشانی کا نمونہ ہے۔

پیشانی

۱۔ بلند، خوش نصیبی اور دولت مندی کی علامت ہے۔
۲۔ کشادہ، علم و دانش کی علامت ہے۔
۳۔ تنگ اور پست، کوتاہی عمر اور بدبختی کی علامت ہے۔
۴۔ ہموار و پست و بلند، رنج و محنت کی علامت ہے عمر سختی میں گذرے۔

پیشانی پر تِل

۱۔ بخت آوری کی علامت ہے۔

خطِ پیشانی

۱۔ اگر ایک خط ہے شقیقہ سے شقیقہ تک یعنی ایک کنپٹی سے دوسری کنپٹی تک

تو علامت مال و دولت کی ہے، ورنہ خسرانِ مال ہے۔

۲۔ دو خط سلطنت و درازی عمر کی علامت ہے۔

۲۔ تین خط وزارت و شہر یاری کی علامت ہے

۴۔ چار و پانچ خط بے دولتی و درویشی کی علامت ہے

۵۔ اگر کوئی خط نہ ہو تو ترکِ دنیا کی علامت ہے

اَبرُو یعنی بَھنوَیں

۱۔ دونوں باریک خوب صورت کمان کی طرح ہونا دولت و سلطنت کی علامت ہے۔

۲۔ ملی ہوئی بھنویں چوری کی علامت ہے۔

۲۔ اَبرُو کے بال نہ ہونا، یا کم ہونا غربت کا سبب ہے۔

۴۔ ابرو کے بالوں کا سخت ہونا بدبختی کے آثار ہیں غربت کا سبب ہے

آنکھ

۱۔ اگر سفید یا سیاہ ہوں اور سرخ ڈورے اس میں پڑے رہتے ہوں اقبال مندی و خوشحالی و شاہد پرستی کی علامت ہے۔ عورتوں کو اس سے بہت فائدہ پہنچے۔

۲۔ اگر مثل شیروں کے خشم آلود ہوں یعنی غصہ بھری ہوئی تو شجاعت و تہور کی علامت ہے۔

۳۔ اگر مثل دیدہ مرغاں ہو (مرغ یعنی آنکھ، جیسا کہ مرغ کن انکھیوں سے دیکھتا ہے) تو بے شرمی اور بے حیائی کی علامت ہے۔

۴۔ اگر آنکھیں بلی کی طرح نیلی اور سبز رنگ ہوں۔ تو بدخلقی بے مروتی کی علامت ہے۔

۵۔ مثل چوکور کے آنکھوں کا ہونا چالاکی اور بے وفائی کے آثار ہیں۔

پلکِ آنکھ

۱۔ پلکوں کے بال کم ہونا زندگی عیش و عشرت سے بسر ہونے کی علامت ہے۔

۲۔ سخت زیادہ ہونا مفلسی و شوریدہ بختی کی علامت ہے۔

ناک

۱۔ بلند اور بڑی ناک علامت دولت مندی و سعادت کی ہے۔

۲۔ خوب صورت مثل منقار طوطی و خرطوم پہن ہونے سے ذی عقل پرہیزگار صاحب اقتدار ہو یعنی طوطے کی چونچ جیسی ٹیڑھی اور پھیلی ہوئی۔

۲۔ جو درازی و کوتہی بلند پستی باریکی و فربہی میں میانہ و خوش اندام و خوشنما ہو تو علامت نیکی کی ہے۔

۴۔ بہت بلند و باریک و لچشتہ دار ہونا علامت سبک ساری کی ہے۔

۵۔ موٹی چھوٹی پست ہونا علامت کوتاہ تدبیر (کم عقلی) و پریشانی روزگاری کی ہے۔

سُوراخِ ناک

۱۔ بڑے ہونا بے حیا ہونے کی علامت ہے۔

۲۔ تنگ ہونا ذی عقل اور باحیا ہونے کا نمونہ ہے۔

کان اور کانوں کی لَو

۱۔ اگر لمبے ہوں نیک طینت باثروت (دولتمند) رہے عمر دراز ہو

۲۔ اگر درازی و کوتاہی و لاغری و پہنا دری (یعنی بیٹھی ہوئی) بحدِ اعتدال ہو علامت نیکی اور اخلاقی پسندیدگی کی ہے۔

۳۔ نرگوش اگر کنپٹی سے جُدا ہوں، علامت خوشحالی کی ہے۔

۴۔ اگر ملے ہوئے مگر باریک ہوں، علامت خوش حالی کی ہے۔

۵۔ اگر کان پر بال ہوں تو علامت محنت و رنج کی ہے۔

چہرہ

۱۔ کتابی آفتابی چہرہ ہونا خوش نصیبی اور اقبال مندی کی دلیل ہے۔

۲۔ مثل موش (چوہا) و آہو (ہرن) ہونا بدبختی و گداگری کا ثبوت ہے۔

۳۔ پرگوشت و خوب صورتی ہونا نیک مرد یا اولاد ہونے کے آثار ہیں۔

۴۔ پلنگ (چیتا) کے چہرہ ہونے سے صاحبِ ثروت و حشمت ہونے کا ثبوت ہے۔

زبان

۱۔ سرخ زبان علامت دولت و مال کی ہے۔

۲۔ سفید زبان علامت نکبت و فلاکت ہے۔

لَب

۱۔ سرخ لب علامت سعادت و دولت ہے۔

۲۔ لب ہائے سیاہ علامت نکبت و مفلسی و بے دولتی ہے۔

دانت

۱۔ باریک دانت مثل انار کے دانے کے علامت دولت و سعادت ہے

٢۔ سفید دانت علامت دولت ومال ہے یا فقیر وترک دنیا کی ہے۔

آواز

١۔ بلند آواز ہونا جاہ وجلال کا ثبوت ہے۔

٢۔ آواز میں بادل کی سی گرج ہونا نیک مردی کے آثار ہیں۔

٣۔ مثلِ طاؤس (مور) کے ہونا دولت مندی ونا موری کا نشان ہے۔

داڑھی

١۔ سیاہ ملائم ہونا دولت مندی ونا موری کا نشان ہے۔

٢۔ سرخی مائل ہونا بے رحمی وغصّہ کی علامت ہے۔

شگافِ دہن

١۔ چوڑا اور کشادہ منہ ہونا ناقص العقل وپریشان حالی کی علامت ہے۔

٢۔ متوسط کشادگی ہونا اوسط حالت میں بسر ہونے کی دلیل ہے۔

٣۔ تنگ دہن ہونا عمر عیش وطرب میں بسر ہونے کی نشانی ہے۔

ٹھوڑی

١۔ مدوّر (گول) ہونا عقل مند واہل فن ہونے کی علامت ہے۔

٢۔ کوتاہ ہونا، عیبی کا نشان ہے۔

٣۔ ٹھوڑی کا خالی ہونا بدخصالی کی علامت ہے۔

٤۔ بلند ہونا۔ دولت مندی کی دلیل ہے۔

گردن

١۔ لمبی ہونے سے شوریدہ بختی وذلیل ہونے کی دلیل ہے۔

٢۔ متوسط ہونا، اوسط درجہ میں بسر ہونے کی علامت ہے۔

٣۔ کوتاہ ہونا حرامزدگی کی نشانی ہے۔

٤۔ بہت بڑی ہونا چوری کی علامت ہے۔

خطِ گلو

١۔ ایک خط ہونا عمر طبعی پر پہنچنے کی دلیل ہے۔

٢۔ دو خط نیک بخت وعقل مند ہونے کی دلیل ہے۔

٣۔ تین خط سے صاحب ثروت مگر پُرشکوہ ہونے کا نشان ہے۔

۴۔ چار خط پریشانی اور بے قراری کا حال ظاہر کرتے ہیں ۔

پیٹھ

۱۔ خورد و میانہ علامت دولت و سلطنت ہے ۔

۲۔ حدِ اعتدال سے درازی علامت فلاکت نکبت (بے وقوفی) ہے ۔

بازُو

۱۔ دراز بازو علامت دانائی و ہوش مندی کی ہے ۔

۲۔ متوسط بازو علامت سعادت دولت ہے ۔

ہاتھ

۱۔ اگر داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ سے بڑا ہو تو علامت تہوّر و شجاعت کی ہے ۔

۲۔ اگر بایاں ہاتھ داہنے ہاتھ سے بڑا ہو تو علامت بے چینی و بددلی کی ہے ۔

کُہنی

۱۔ شیر کی سی کہنی جو پُر گوشت و خوش اندام ہو دولت کی علامت ہے ۔

۲۔ خشک و باریک بندر کی سی کہنی کے مثل علامت نکبت و فلاکت ہے ۔

اُنگلیاں

۱۔ اگر چھنگلیا اپنی برابر والی سے بڑی ہو تو اس بات کی علامت ہے کہ یہ شخص مرتبہ میں باپ سے بڑھ جائے گا ۔

پیٹ

۱۔ پُر گوشت جس کو ہندی میں توند کہتے ہیں علامت نعمت و دولت ہے

۲۔ پیٹ کا بڑا اور بے گوشت ہونا علامت نکبت و فلاکت (مفلسی محتاجی) کی ہے ۔

ناف

۱۔ عمیق خوش گوشت علامت مال و دولت ہے ۔

رَان

۱۔ ران پر گوشت مثل ران آہو علامت دولت و ثروت ہے ۔

۲۔ گھوڑے کی ران کے مانند ہونا علامت دہقانی اور کشادہ روزی کی ہے

۳۔ شیر کی ران کی مانند ہونا علامت دولت و مال کی ہے۔

۴۔ بہت بڑی اور کم گوشت و بد نما ہونا ران کا بزدلی کی دلیل ہے

پنڈلی

۱۔ پنڈلی پر گوشت اور خوش اندام ہونا علامت دولت ہے۔

۲۔ پنڈلی قوی ہونا مثل جاسوس کی پنڈلی کے علامت خوب صورت عورت ملنے کی ہے۔

پاؤں

۱۔ پاؤں کا خوش اندام و پُر گوشت ہونا علامت سعادت و دولت ہے۔

۲۔ کم گوشت اور تلوے کا گہرا ہونا علامت سعادت و دولت ہے۔

۳۔ تلوے کا پُر گوشت ہونا کہ تلوا زمین پر لگے، علامت بد چلنی ہے۔

جَدُوَلُ فَالُ الْابجد

١ او و	٢ وجج	٣ ادا	٤ ادد	٥ ابا
٦ ابد	٧ اجب	٨ ابج	٩ اجد	١٠ ادج
١١ ببب	١٢ ببا	١٣ ببد	١٤ باا	١٥ ببج
١٦ ببد	١٧ باج	١٨ بجا	١٩ باد	٢٠ بدا
٢١ باب	٢٢ بجب	٢٣ بدب	٢٤ بجج	٢٥ بجد
٢٦ بدج	٢٧ ججج	٢٨ جاد	٢٩ جدا	٣٠ جبد
٣١ جاج	٣٢ جدب	٣٣ جبج	٣٤ ججد	٣٥ ججب
٣٦ جدد	٣٧ جاب	٣٨ جدج	٣٩ جاا	٤٠ ادب
٤١ اجا	٤٢ ااد	٤٣ ااب	٤٤ ااج	٤٥ ابب
٤٦ جبب	٤٧ ددد	٤٨ ددب	٤٩ ددج	٥٠ دda
٥١ داا	٥٢ دبب	٥٣ دجج	٥٤ دجد	٥٥ دبج
٥٦ داد	٥٧ داب	٥٨ داج	٥٩ دبا	٦٠ دجا
	٦١ دجب	٦٢ دبد	٦٣ ججا	

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ، وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ
وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

اما بعد۔ یہ فالنامہ حضرت دانیال علیہ السلام، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضرت لقمان، حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف منسوب ہے۔ وہ یہ فرماتے ہیں کہ عامل کو چاہیے کہ بیری کے درخت کی ایک موٹی سی ہری چار انگل کی لکڑی لیکر اسے چھیل کر چوکور (چار کونے) بنالے، پہلے پہلو پر الف (ا) دوسرے پہلو پر بے (ب)، تیسرے پہلو پر جیم (ج) اور چوتھے پہلو پر دال (د) کو لکھے۔ یہ چاروں حروف نیک ساعت میں جمع کیے گئے ہیں۔ یہ بڑے برکت کے حروف ہیں۔ اس فالنامہ کا نام فال الابجد رکھا گیا ہے۔

جاننا چاہیے کہ جب عامل کے پاس کوئی فال کھلوانے کے لیے آئے تو عامل کو چاہیے کہ وہ فال کھلوانے والے کو وضو کرائے۔ پھر اس سے سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) ایک بار اور سورہ اخلاص (قل ھو اللہ شریف) تین بار پڑھوائے۔ اور جن بزرگانِ دین کے نام اوپر لکھے ہیں ان کی روحوں کو ثواب پہنچائے اگر فال والے کو ان کے نام یاد نہ ہوں تو عامل ان کے نام ثواب پہنچاتے وقت اس کو بتاتا جائے۔ پھر عامل فال والے کو وہ لکڑی دے جس پر حروف لکھے ہوئے ہوں اور

اس سے کہے کہ تم جس نیت سے فال چاہتے ہو اپنے دل میں اس کی نیت کر کے اس لکڑی کو اس تختی پر رڑکاؤ۔ تین مرتبہ یہ لکڑی رڑکوائی جائے اور ہر بار لکڑی کے اوپری حصہ پر جو حرف ہو اسے عامل یاد رکھے۔ یا کاغذ پر لکھ لے، پھر ان تینوں حرفوں کو ترتیب وار لکھے۔ مثلاً پہلی بار الف تھا دوسری بار جیم تھا اور تیسری بار دال، ان تینوں حرفوں کو اس ترتیب (اج د) سے لکھ لے اب جدول میں دیکھے۔ جدول کے خانوں میں سے کسی خانے میں یہ تینوں حروف اسی ترتیب سے لکھے ہوئے ملیں گے اور ان حروف کے اوپر نو کا نمبر لکھا ہوگا اب فالنامہ میں اسی نمبر پر یہ حروف اس شکل [اب ج] میں ملیں گے وہیں فال کا حال لکھا ہوا ہوگا اس کو پڑھ کر پورا حال معلوم ہو جائے گا۔

فال نامہ ابجد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱
[ا ا ا]

اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ط حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔ اے فال کھلوانے والے تو نے جو نیت کی ہے وہ مبارک ہے اور تجھے کوئی غم والم نہ ہوگا۔ اور اپنا دل خوش رکھ اور اپنی ہر مراد میں کامیاب ہوگا۔ اور حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے! تو نے جو نیت کی ہے حق تعالیٰ تیرے تمام کام بہتر بنائے گا، اور تجھے بھلائیاں حاصل ہوں گی۔

اج ج ۲ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ٥ حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ
اے فال والے خدا کی نعمتوں کا شکر ادا کر تاکہ تیری روزی اور زیادہ ہو جائے
اور دیکھ کبھی ناشکری نہ کرنا۔ خدا کی نعمتیں تجھ پر ہوتی رہیں گی۔ سفر و حضر میں تیرے مال کی
خدا حفاظت کریگا حضرت لقمان حکیم فرماتے ہیں کہ ہمیشہ تو خدا تعالیٰ سے مدد مانگتا رہ،
اور ہر وقت خدا کا دھیان رکھ۔ جو چیز تیری گم ہو گئی ہے وہ تجھے ضرور ملے اور اس سے
بھی زیادہ بہتر مہربانی ہو، صدقِ دل سے انشاء اللہ تعالیٰ کہہ۔

ا د ا ۳ یُرْزَقُوْنَ فَرِحِیْنَ بِمَآ اٰتٰھُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ٥ وَ یَسْتَبْشِرُوْنَ ٥ حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اے فال والے
خدا تعالیٰ کا شکر ادا کر، خدا تعالیٰ تیری سب بلاؤں کو دور فرمائے گا۔ حضرت حکیم
لقمان فرماتے ہیں اے فال والے صبر کر، اور تونے جو خواب دیکھا ہے۔ ابھی تو
اپنے کام میں لگا رہ۔ انشاء اللہ تعالیٰ کہہ لے۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے
ہیں کہ اے فال والے تجھے اور تیرے دوستوں کو خوش خبری ہو کہ تجھ پر روزی
کے دروازے کھل جائیں گے۔ تو دشمنوں پر فتح پائے گا۔ اور تیرے کام درست
ہو جائیں گے۔

ا د د ۴ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِیْنَ ٥ حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اے فال والے لوگوں نے تجھے بہت کچھ سمجھایا
لیکن تجھ پر کچھ اثر نہ ہوا اور نہ دوستوں کا کہنا مانا تونے اپنا مال برباد کر کے رنج اٹھایا خدا
کیلئے ایسے کام نہ کر، غریبوں محتاجوں کو صدقہ و خیرات دے اور صبر کر اور برے کام سے
دور رہ۔ تاکہ خدا تعالیٰ تیرے کام درست فرمائے۔

حضرت لقمانؒ فرماتے ہیں کہ جو تیری نصیحت نہ مانے اس سے دور رہ، تاکہ تیرے سب
کام انجام کو پہنچیں تو خود سمجھ دار ہے حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے اگر
تو دانا ہے تو ان کاموں سے بچ۔ دیکھ جو شخص خردمند اور دانا ہوتا ہے وہ کبھی زہر نہیں
کھاتا اور وہ ان ہونی کا کبھی طالب نہیں ہوتا۔

اب ا ۵ یُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ ٥ حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں اے فال والے تجھے اس فال سے کشادگیِ رزق
کی خوشخبری ہو اور ہر طرح تو کامیاب ہوگا اور تو کسی کی جانب سے خوف نہ کر تیرے
تمام رنج و غم، راحت و آرام سے بدل جائیں گے صدقِ دل سے انشاء اللہ تعالیٰ
کہہ لے حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تجھے بشارت ہو تیری روزی
کشادہ ہوگی۔ تو گنج و نعمت میں زندگی گذارے گا اور تو محنت و مشقت میں سستی اور
کاہلی نہ کر۔ تیرا مقصد ضرور حاصل ہوگا۔

اب د ۶ قُلْ لَّنْ یُّصِیْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا هُوَ مَوْلٰنَا ٥ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت موسیٰ و
حضرت ہارون علیہما السلام کی ہے۔ یہ فال تیری مبارک ہے اور تیرے سب
کام اور تیری سب امیدیں پوری ہوں گی اور تجھے ایک خوشی بہت جلد حاصل
ہوگی اس کے علاوہ تو بہت سی خوشیاں دیکھے گا۔
کہہ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اج ب ۷ اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۔ حضرت امام جعفرؓ فرماتے ہیں، تیری فال حضرت ہود علیہ السلام کی فال

ہے تیرے بدخواہ تیری تونگری پر حسد کرتے ہیں لیکن تیرا خدا مددگار ہے یہ سال تیرے لیے بہت مبارک ہے تجھے بہت بھلائیاں حاصل ہونگی اور اگر تیری کوئی چیز گم ہو گئی ہے وہ تجھے بہت جلد مل جائے گی۔ اور اگر تیرا کوئی آدمی غائب ہو گیا ہے وہ جلد آجائے گا۔

۸

اب ج

كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ ط حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تو اپنا دل خوش رکھ اور اسی حال میں تو شادمان ہوگا اور اگر بیمار ہے تو جلد صحت پائے گا اگر تیری تھوڑی سی بھی طلب ہے وہ پوری ہوگی تیری فال سے دوست خوش ہوں گے اور تیرے دشمن سرنگوں ہوں گے۔ انشاء اللہ۔

۹

اج د

كُلُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ط حضرت لقمان فرماتے ہیں اے فال والے گھبرا نہیں خدائے قدوس تجھے دشمنوں کی زد سے بچائے گا اور تیرے کاروبار میں خیر و برکت ہوگی۔ تو ہر حال میں خدا کا شکر کر اور حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تجھے خوش خبری ہو کر خدائے عزیز و برتر تجھے دنیا میں عزیز و مکرم فرمائے گا۔ اور وہ تجھے کثرت سے روزی دے گا اور تیرے تمام کام درست فرمائے گا۔ اور تو تمام غموں سے بے غم ہو جائے گا۔

۱۰

ا د ج

فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ط حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت یونس علیہ السلام کی ہے غم نہ کر، تیری خوشی بالکل تیرے قریب آچکی ہے اور یہ سال تیرے لیے بڑی برکت والا ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ کہہ۔

۱۱

ب ب ب

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَرَاَيْتَ النَّاسَ ط حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت ادریس علیہ السلام کی ہے چونکہ خدائے برتر نے ان کی مدد فرمائی تھی تو اپنی کامیابی پر خوش ہو اور تو ہر غم سے نجات پائے گا اور تیرے کاروبار اونچے ہوں گے۔ اور تیرے تمام مقصود پورے ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۲

ب ب ا

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ط حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں اے فال والے اپنے کام میں جلدی نہ کر، صبر کر، آخر تیرا کام تو ہو کر رہے گا اور تو اپنے دل میں جو خیال رکھتا ہے اس سے باز آ، ورنہ تو جان۔

۱۳

ب ب د

اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ ط حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری بڑی امید پوری ہوگی بہت فائدہ حاصل ہوگا۔ تیری روزہ کشادہ ہوگی۔ تیرے تمام کام درست ہوں گے۔ تیری حاجت پوری ہوگی۔ شک اپنے دل سے نکال، تیرے دشمن ذلیل و خوار ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۴

ب ا ا

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ط حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت لوط علیہ السلام کی ہے تجھے اس کام میں خوش ہونا چاہیے۔ اپنے حق کام میں لگا رہ، تاکہ خدائے برتر تجھے اس کام میں بڑی خوشی ہوگا۔ اگر تیرا نکاح کرنے کا ارادہ ہے یا جیسی بھی طلب ہے تجھے اس کام میں بڑی خوشی ہوگی۔ اگر تیرا نکاح کرنے کا ارادہ ہے یا جیسی بھی طلب ہے وہ سب حاصل ہوگی۔ یہ تیری فال مبارک ہے۔

۱۵ **ب ب ج**

قَالَ لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ؕ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی فال ہے تجھے ایک سفر درپیش ہے وہ تیرے لیے مبارک ہے، تیری حاجت پوری ہوگی۔ جس قدر تو سفر کرے گا تیرے لیے بہتر ہوں گے اور اگر تو نے کسی اور کام کا ارادہ کر لیا ہے تو وہ بھی پورا ہوگا۔ حضرت خضر فرماتے ہیں تو اپنی مراد کو ضرور حاصل ہوگا۔

انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۶ **ب ب د**

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ؕ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں۔ اے فال والے تو اس کام سے بچ یہ کام اچھا نہیں ہے۔ جلدی کرنا شیطان کا کام ہے تجھے کچھ دنوں صبر کرنا چاہیے محتاجوں کو کچھ صدقہ دینا چاہیے تو خدائے برتر سے مدد مانگ تاکہ تیری آفت دور ہو۔ تیرے سب کام درست ہو جائیں گے۔

انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۷ **ب ا ج**

وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ؕ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت شعیب علیہ السلام کی فال ہے خدا تعالیٰ اپنی نعمتیں تجھے پوری عطا فرمائے گا۔ تیری جو چیز گم ہو گئی ہے وہ تجھے ضرور ملے گی۔ اور جو تیری مراد ہے وہ پوری ہو گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۸ **ب ج ا**

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ ؕ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے اس اندیشے سے بچ تاکہ تو کسی بلا

میں گرفتار نہ ہو اور اس نیت سے دور رہ، کیونکہ تیری یہ نیت اچھی نہیں ہے، تو خدا سے دعا کر کہ بلا تجھے نہ پہنچے کچھ صدقہ دے، تاکہ خدائے کریم تجھ سے یہ بلا دور فرمائے۔ آگے تو جان۔

۱۹ **ب ا د**

وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ ؕ حضرت امام جعفر فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت جرجیس علیہ السلام کی ہے اس کام میں تجھے کچھ دولت ملے گی اور تیری حالت اچھی ہو جائے گی اور تیری روزی کشادہ ہو جائے گی، اور تو اپنے دشمن پر فتح پائے گا۔

۲۰ **ب د ا**

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ ؕ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے اس کام کا خیال تک نہ کر، اس نیت سے باز رہ۔ کچھ ضرورت نہیں۔ اگر یہ کام کرے گا، رنج اٹھائے گا۔ اور تو بڑا پچھتائیگا باقی تو اچھی طرح سمجھ لے۔

۲۱ **ب ا ب**

وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ؕ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے چند دن گزر چکے ہیں تجھے کچھ رنج و ملال پہنچے، خدائے برتر نے انھیں دور فرما دیا اب تجھے خدا کا شکر ادا کرنا چاہیے اور تجھے کسی غائب شخص سے کچھ فیض پہنچے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۲۲ **ب ج ب**

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت دانیال علیہ السلام کی ہے تجھے بالکل یقین کرنا چاہیے تو اپنے دشمن پر فتح پائے گا، اگر تو دشمن سے ڈرتا ہے تو تجھے اس سے ڈرنا نہ چاہیے۔

۲۳ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ط حضرت امام جعفر صادق

ب د ب فرماتے ہیں اے فال والے تجھے اس کام میں بڑا فائدہ ہوگا۔ خدائے برتر آج تجھے بڑی خوشیاں دکھائے گا۔ تنگ دل نہ ہو خوش رہ۔ تیرے دن بہت مبارک ہیں تجھ پر غیب کے دروازے کھل جائیں گے تو جو مانگے گا خدا تجھے دیگا اور تو سارے غم بھول جائے گا اور تیرا روزگار بہتر رہے گا واللہ اعلم۔

۲۴ يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ط اے فال والے

ب ج ج اس کام میں تیری کوشش کرنا بیکار ہے تجھے ابھی صبر کرنا چاہیے، صبر سے بگڑے کام ٹھیک ہو جاتے ہیں توبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے۔ توبہ کر تاکہ تو کسی بلا میں گرفتار نہ ہو اور صبر سے تو بھلائیاں ہی دیکھے گا۔

۲۵ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ط حضرت امام جعفر

ب ج د صادق فرماتے ہیں اے فال والے تو نے جو نیت کی ہے تو اس نیت سے باز آ، اور اس سے بچ۔ اس سے تیرے ہاتھ کچھ نہ لگے گا۔ اپنے لیے مصیبت مول نہ لے۔ خدائے تعالیٰ سے رستگاری طلب کر تاکہ تو کسی بلا میں مبتلا نہ ہو۔ باقی تو جان۔

۲۶ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ط وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ط حضرت

ب د ج امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت یحییٰ علیہ السلام کی فال ہے۔ اس کام سے اندیشہ نہ کر اور غم نہ کر جب تجھے کچھ بدگمانی پیدا ہو گئی ہے۔ تیری مراد پوری ہوگی۔ اگر تیری کوئی حاجت ہے، پوری ہوگی۔ اگر تو بیمار ہے تو اچھا ہو جائے گا۔ اگر تیرا کوئی عزیز سفر میں ہے خیریت سے واپس آئیگا

اور جو کچھ تو چاہے گا ملے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۲۷ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ط حضرت دانیال علیہ السلام

ج ج ج فرماتے ہیں نعمت، دولت و قوت تجھے ضرور ملے گی۔ وہ وقت قریب آ چکا ہے کہ تیرے سب کام درست ہو جائیں گے۔ حضرت لقمان فرماتے ہیں اگر تیری نیت سفر کرنے کی ہے تو اس سفر میں تیری مرادیں حاصل ہوں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں۔ اے فال والے تجھے خوش خبری ہو سلامت سے رہنے کی، اور غم سے نجات حاصل ہونے کی۔ تیرے مطلب کام درست ہو جائینگے تجھے امید کے پورے ہونگی جو آس لگی ہوئی ہے وہ اچھے طریقے سے پوری ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۲۸ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ ط حضرت عبداللہ بن عباس

ج ا د فرماتے ہیں تجھے کوئی غم نہیں پہنچے گا جو تجھ سے غائب ہو گیا ہے اس سے تو شادمان ہوگا۔ اگر تو بیمار ہے تو صحت پائیگا حضرت لقمان فرماتے ہیں۔ تیری بڑی عزت ہوگی۔ اس لیے کہ تیری فال مشتری کی ہے تجھے بڑی کامیابی ہوگی حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال سیدنا سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی فال ہے اپنی کامیابی پر اور اپنی خوش قسمتی پر خوش ہو تیرے سب اندوہ و غم رخصت ہوئے اب راحت ہی راحت ہے۔

۲۹ اَلَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ط حضرت دانیال علیہ السلام

ج د ا فرماتے ہیں یہ فال بہت سی نعمتوں پر دلالت کرتی ہے حضرت لقمان فرماتے ہیں یہ فال خوشدلی اور خوشحالی کی ہے۔ اور گم شدہ چیز کے ملنے پر خوشی ہوگی

حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں اس کام میں تجھے خوشی حاصل ہوگی۔

۳۰

ج ب د

قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ط حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں یہ فال بزرگی کی دلیل ہے۔ تجھے خلق سے بہت فائدہ پہنچے گا تیری دولت بہت ہوگی کہ انشاء اللہ تعالیٰ۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے خدا تیرا نگہبان ہے بس تو اسی سے ڈرتا رہ۔ تیرا یہ کام پورا ہوگا اور تو بہت خوش رہے گا۔

۳۱

ج ا ج

اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ط حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں جو کام کر سوچ سمجھ کر کر۔ اور دشمن سے غافل نہ ہو۔ حضرت لقمان فرماتے ہیں، جلدی نہ کر۔ اور چند روز صبر کر ایسا نہ ہو کہ تو کسی بلا میں گرفتار ہو جائے۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے! ہوشیار رہ۔ بقول پیرانِ زمان کوئی ایسا کام نہ کر جس سے شرمندگی اٹھانی پڑے۔

۳۲

ج د ب

لِتَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں اس سے دور رہ اور اس سے پرہیز کر اور تو اپنا راز کسی پر ظاہر نہ کر اور تو صبر کر۔ اور اس کام کو چھوڑ۔ اور آبِ رواں کے اندر اینٹ پھینکنے سے پانی رُکا نہیں کرتا۔ صبر کر، تیرا کام صبر کرنے سے بن جائیگا باقی تو جان۔ اور حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے ان کاموں میں کوشش نہ کر۔ اسی میں تیرے لیے بہتری ہے۔

۳۳

ج ب ج

فَفَتَحْنَاۤ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ط حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے فتح وکشادگی کی آمد ہے۔ تنگ دل نہ ہو۔

خدا کی نعمتیں تجھ پر زیادہ ہونگی تیرے بند کاروبار کھل جائیں گے اور حاسدوں سے تو دور ہو جائے گا۔ اور تیری روزی کشادہ ہوگی۔ اور تیرا انجام بخیر ہوگا۔

۳۴

ج د د

وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ط حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں تیرا ستارہ نحس تھا۔ اب سعد ہوگیا اس کے بعد تجھے قوت اور دولت ملیگی اور تو مراد کو پہنچے گا اور حکیم حضرت لقمان فرماتے ہیں تیری مثال اس مرد کی سی ہے۔ جو ناامید ہو چکا ہے اور اچانک اس کا کام بن جائے۔ اور پھر آرام ہی آرام ہے اور اس کے بعد تجھے عزت اور دولت ملے گی حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے! تجھے خوش خبری ہو کہ خوف سے بے خوف ہوگیا۔ رنج کے عوض گنج اور درد و غم کے عوض خوشیاں حاصل ہوں گی۔ خدا پر بھروسہ کر اور اس سے ہر وقت مدد مانگ۔

۳۵

ج ج ب

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ط حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں یہ فال مراد کے پورے ہونے میں دلیل ہے دس دن تک کے بعد مراد پوری ہوگی۔ اور سب کام درست ہو جائیں گے اور حضرت لقمان فرماتے ہیں، تیرا طالع سیدھا ہوگیا ہے تجھے راحت ملے گی، اور تیرے سب کام درست ہوں گے۔ سچ بولنے کی عادت ڈال اور حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں۔ اے فال والے نیک ستارہ اور تو اس کام سے خوش رہ تیری مراد جلد پوری ہوگی۔ تجھے چند دنوں میں بہت خوشیاں حاصل ہوں گی ان سے تو بہت خوش ہوگا۔

انشاء اللہ تعالیٰ کہہ۔

۳۶ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط حضرت امام

ج د د

جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے اس کام میں کوشش نہ کر اچھی کام نہ ہوگا اور اپنے اوپر تو ملامت نہ کر اور خیانت سے پرہیز کر۔

۳۷ اَلَّذِيْنَ يَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ط حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے

ج ا ب

ہیں، اس فال میں خدا کی مدد ہوگی۔ اور تیرے تمام کام پورے ہونگے۔ اور حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں۔ تیرے طالع کا ستارہ قوی ہے تیری تمام مرادیں پوری ہونگی اور تو رنج و غم سے چھٹکارا پائے گا۔ اور اپنے دشمنوں سے نڈر ہو جائیگا۔ اور حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے! تجھے ان کاموں کے پورا ہونے کی خوشخبری ہو اور تو نے جو نیت کی ہے۔ اچھی ہے۔

۳۸ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ ط حضرت لقمان حکیم فرماتے ہیں

ج د ج

اس وقت تو پریشان ہے جب تیرا یہ حال ہوگیا تو اب خوابِ غفلت سے بیدار ہوا ہے۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں۔ اے فال والے جلدی نہ کر اپنا دل خدا سے لگا اور اس سے مدد مانگ۔ توبہ استغفار کر۔ تاکہ تیرا دشمن ذلیل ہو۔

۳۹ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ط حضرت

ج ۱۱

دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں۔ اس کام سے ہاتھ اٹھا لے کیے ہوئے کام کو نہ کر۔ یہ کام اچھا نہیں۔ حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں تو اپنے کو دوبارہ ہلاکت میں نہ ڈال۔ خدائے برتر اپنی کتاب میں فرماتا ہے۔ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ط اور حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے اس کام

بچ اور اپنے دشمن سے دور رہ، ورنہ بہت نا کامی، پچھتائے گا۔

۴۰ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ ط حضرت دانیال علیہ السلام

ا د ب

فرماتے ہیں اس کام میں جلدی نہ کر اور دشمن سے دور رہ۔ تاکہ تو کسی بلا میں گرفتار نہ ہو حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں لوگوں نے تجھے بہت سمجھایا تو نے نہ مانا اور تو نے اپنے کو ہلاکت میں ڈال دیا۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں منافق لوگوں سے دور رہ۔

۴۱ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ط

ا ج ا

حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں جو نیک و بد کرتا ہے اپنے لیے کرتا ہے۔ خدا حافظ و ناصر ہے حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں دل خوش رکھ جو تو مانگے گا ملے گا۔ اور تیرا مقصود بہت جلد حاصل ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اس کام میں چند روز تو اور محنت کر اور کچھ خرچ بھی کر۔ یہ دوست نہیں۔ ان سے نقصان اٹھائے گا۔ اور تو دل قوی رکھ۔ تیرا دست (خدا) بہت قوی ہے۔

۴۲ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ط

ا ا د

حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں اس کام میں چند روز اور محنت کر اور کچھ خرچ بھی کر یہ تابع ہو جائے گا۔ اگر تو کسی سے یہ کہے گا اس سے تجھے کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں اپنے کام کا انجام سوچ۔ یہ کام ہونے والا نہیں ہے۔ اور حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے یہ کام اچھا نہیں ہے بلکہ اس میں اندیشہ اور خطرہ ہے۔ خدا پر بھروسہ کر وہی کام بنانے والا ہے

۴۳ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ ط حضرت دانیال علیہ السلام

۱۱ ب

فرماتے ہیں اگر تونے کچھ دنوں صبر کر لیا تو تیرا کام ہو جائے گا۔ اب اس وقت کوشش کرنا بے سُود ہے باقی تو جان اور حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں لوگ تجھ پر حسد کرتے ہیں تو ان لوگوں سے بچ ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تو اپنے اس ارادہ میں صبر کر اور خدا پر بھروسہ رکھ اگر تونے ایسا کیا تو پھر نقصان اٹھائے گا۔

۴۴ یُرْزَقُوْنَ فَرِحِیْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ط حضرت

۱۱ ج

امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے۔ تیرا رنج و غم دور ہو گیا بس راحت ہی راحت ہے دل خوش رکھ۔ تیری مراد پوری ہوگی۔ آمین کہہ۔

۴۵ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ

۱ ب ب

وَالْاَزْلَامُ ط حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کام کا آغاز و انجام سوچ۔ دیکھ دشمن گھات میں ہے۔ اور حکیم لقمان فرماتے ہیں جو کچھ خرچ کر رہا ہے وہ ضائع ہو رہا ہے وہ اس طرح جیسے جاری پانی میں اینٹ مارنے والا ہوتا ہے۔ سلامتی اسی میں ہے اس کام سے باز آ، اور حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے! دشمنی سے پرہیز کر، نادان لوگوں اور عورتوں کے کہنے پر کوئی کام نہ کر۔

۴۶ لَیْسَ عَلَیْكَ هُدٰهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ ط

ج ب ب

حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں تیرے برابر کوئی بھی بیوقوف ہے گھر کی کنجی جہاں تو رکھتا ہے وہاں ہو گی۔ جب گھر سے باہر آتا ہے تو پریشان ہوتا

ہے اور حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں تیرے اس ارادہ میں فائدہ نہیں ہے۔

۴۷ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَرَاَیْتَ النَّاسَ ط حضرت دانیال

د د د

علیہ السلام فرماتے ہیں تو کچھ اندیشہ نہ کر، تیری مراد پوری ہوگی حضرت حکیم لُقمان فرماتے ہیں اس فال سے پہلی بات گئی اب اس کا بدل ہوگا۔ خدا کے فضل و کرم سے۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے! دشمنوں پر فتح یابی کی تجھے خوش خبری ہو۔ اور جو تو خدا سے مانگے گا ملے گا۔

۴۸ فَمَنْ كَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا ط حضرت

د د ب

دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں تو کون ہے کہ گمشدہ چیز بھی تجھے مل جائے حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں تیرا طالع سعد ہو گیا ہے۔ اب تو روزانہ اپنے دوستوں اور اپنے عزیزوں سے بھلائیاں دیکھے گا۔ اور جس بات کا تجھے اندیشہ ہے دور ہو جائیگا۔ اور حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ اے فال والے، خوش ہو، روشنی آچکی ہے تیرا کام ضرور پورا ہوگا۔

۴۹ اِلَیْهِ یَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّیِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ ط حضرت

د د ج

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں اے فال والے تو نے جو نیت کر رکھی ہے اس میں جلدی نہ کر۔ خدا نے تجھے جو دے رکھا ہے قناعت کر اس سے زیادہ طلب نہ کر۔ تو زیادہ زحمت نہ اٹھا، روزی دینے والا تیرا خدا ہے۔ تیری قسمت کا تجھے ضرور ملے گا۔ صبر کر تو مراد کو پہنچے گا۔

۵۰ اِنْ یَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ط حضرت دانیال علیہ السلام

د د ا

فرماتے ہیں اگر تیرا سفر کرنے کا ارادہ ہے یا کسی تجارت کرنے کی نیت

ہے تو یہ ارادہ اور یہ نیت تیرے لیے بہت مفید ہے۔ حضرت جعفر صادقؓ فرماتے ہیں اے فال والے! تجھے دولت و سعادت ملے گی۔ جس طرح تیرا دل چاہتا ہے بالکل اس کے موافق۔ انشاءاللہ۔

۵۱
خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ط حضرت امام جعفر صادقؓ

د ۱۱

فرماتے ہیں اے فال والے تیری یہ نیت اچھی نہیں ہے اس نیت کو چھوڑ اور ابھی صبر کر، اپنی احتیاط کر۔ تیری مراد ضرور پوری ہوگی۔

۵۲
وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰهُمُ النَّارُ ط حضرت امام جعفر صادقؓ

د ب ب

فرماتے ہیں۔ یہ آیت فاسقوں کیلیے نازل ہوئی ہے۔ اس نیت سے باز آ ورنہ تو کسی مصیبت میں گرفتار ہوجائے گا۔ اور بادشاہوں سے دور رہ۔ اور ناپاک لوگوں سے بچ اور اپنا راز کسی سے نہ کہنا۔ تو ہمیشہ امان میں رہے گا۔

۵۳
فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ط حضرت امام جعفر صادقؓ

د ج ج

فرماتے ہیں اے فال والے تجھے خوش خبری ہو تیرا یہ ارادہ بہت اچھا ہے تجھے مبارک ہو جو کچھ تو چاہتا ہے تجھے ضرور ملے گا۔ تیری مراد پوری ہوگی۔ تیری نیت بہت جلد پوری ہوگی۔ یقین رکھ۔

۵۴
وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے

د ج د

ہیں اے فال والے! تجھے خوشخبری ہو، یہ فال بہت اچھی ہے اور تیری یہ نیت درست ہے۔ اسی کو اختیار کر۔ جو کچھ تو کرنا چاہتا ہے کر، تیری مراد پوری ہوگی۔ تیری روزی کشادہ ہوگی۔ اور تیرا قرض بھی ادا ہوجائے گا۔ تجھے دولت ملے گی۔ جس سے تو بہت خوش ہوگا۔

۵۵
وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ط حضرت امام جعفر

د ج ب

صادقؓ فرماتے ہیں، اے فال والے! تو نے جو نیت کرلی ہے تجھے بشارت ہو، اپنے دل میں بھلائی کی امید رکھ، دل تنگ نہ رکھ۔ تیرے بند کام سب کھل جائیں گے۔

۵۶
وَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا ط حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں، اے

د ا د

فال والے تو نے جو نیت کی ہے ابھی تجھے صبر کرنا چاہیے، صبر سے سب کام بن جاتے ہیں اگر تو نے جلدی کی تو تو بہت پشیمان ہوگا اس نیت کو چھوڑ دے ابھی یہ کام نہ کر، تیری مراد پوری ہوگی۔

۵۷
لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ط حضرت امام جعفر صادقؓ

د ا ب

فرماتے ہیں، اے فال والے! تجھے خوش خبری ہو کہ تو نے جو نیت کی ہے نہایت ہی اچھی ہے تجھے بہت مال ملے گا۔ اگر تیرا سفر کا ارادہ ہے بہت اچھا ہے اس سفر میں تجارت کا خیال ہے اس میں بہت نفع ہوگا۔

۵۸
وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ ط حضرت امام

د ا ج

جعفر صادقؓ فرماتے ہیں اے فال والے! اس نیت سے باز آ، اور خدا پر بھروسہ کر، اور جو لوگ تجھے نصیحت کرتے ہیں۔ ان کی نصیحت قبول کر۔

۵۹
اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط حضرت امام

د ا ب

جعفر صادقؓ فرماتے ہیں۔ اے فال والے! تیری نیت اچھی ہے تو بہت خیر و خوبی پائے گا۔ اگر تیرا مال ضائع ہوگیا ہے تو اس کا بدلہ ملے گا سفر بھی تیرے لیے مفید ہے۔

۶۰ جَزَآءُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ط حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں اے

رج ا

فال والے! تیری فال بہت اچھی ہے تو جن بلاؤں میں گھرا ہوا ہے تجھے ان بلاؤں سے رہائی ملے گی۔ اگر نکاح کرنیکا ارادہ ہے، مبارک ہے، خُدا تجھے نیک فرزند دے گا۔ اگر سفر کا خیال ہے تو سفر کر، اگر تیرا کوئی عزیز غائب ہے وہ جلد آئے گا تیری ہر مراد پوری ہوگی۔

۶۱ رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَهَبْ لِیْ ط حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں اے

رج ب

فال والے! جو تو نے نیت کی ہے وہ بہت اچھی ہے اس نیت سے تجھے بہت فائدہ پہنچے گا۔ کوشش میں لگا رہ۔ تیری مراد پوری ہوگی، تیرا غائب عزیز بھی جلد آئے گا۔ تو بہت شاداں ہوگا۔ ہر اعتبار سے انجام اچھا ہوگا اور تیری ہر مراد پوری ہوگی۔

۶۲ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا ط حضرت امام جعفر صادقؓ

دب د

فرماتے ہیں اے فال والے! تجھے خوش خبری ہو کہ تو اپنی نیت درست رکھ اور خدا سے عافیت مانگ۔ تجھے عافیت ملے گی۔ جو تو کام کر رہا ہے ان میں تجھے خوشی ملے گی۔ تیری روزی کے بند دروازے کھل جائیں گے۔ اب تجھے کچھ رنج و غم نہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۶۳ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ط حضرت دانیال

ج ج ا

علیہ السلام فرماتے ہیں جلدی نہ کر، ورنہ پشیمانی ہوگی۔ صبر کر، تیری مراد پوری ہوگی۔ آمین کہہ۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں اگر تیرا سفر کا ارادہ ہے تو سفر نہ کر، ابھی ٹھہر ارہ۔ اگر سفر کیا پچھتائے گا اگر بیمار ہے تو کچھ

صدقہ دے۔ اگر تیرا کوئی عزیز غائب ہے، ابھی نہیں آئے گا اور حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں،

"اے فال والے! تو جس قدر محنت و مشقت اور رنج اٹھائے گا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ اس کام کا ارادہ چھوڑ کر۔ کچھ دنوں ابھی صبر کر، تیرا کام ضرور ہوگا اور تیری مراد پوری ہوگی"۔

انشاء اللہ تعالیٰ۔

وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط

ہدایت

حضرات! اس مجربات میں جس قدر بھی عملیات ہیں، وہ سب فقیر کے آزمودہ ہیں اس میں کوئی بھی ایسا عمل نہیں ہے جو خطا کر جائے ہاں اگر کسی عامل ہی سے کچھ فروگذاشت اور بھول چوک ہو جائے اور عمل کام نہ دے وہ امر آخر ہے ورنہ اپنا تجربہ تو یہی ہے کہ اس مجربات کا ہر ایک عمل اپنی جگہ پر تیر بہدف کا کام دیتا ہے یہ بالکل صحیح ہے کہ عاملین کے لیے متقی پرہیزگار ہونا بہت ضروری ہے۔

عاملین حضرات کو چاہیے کہ ہر حال میں خدائے قدوس کی ذات پر نگاہ رکھیں اور نہایت ہی خشوع وخضوع سے عمل پیرا ہوں اگر ان باتوں کے ہوتے ہوئے بھی کوئی عمل کامیاب نہ ہو تو یہی سمجھنا چاہیے کہ خدائے برتر کی مشیت (اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ ط) یہ سب کچھ اسی کے قبضہ میں ہے۔

فقط

ظہیر عزیز الرحمن پانی پتی غفرلہ

۱۳۸۰ھ

حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصافِ جمیلہ کمالاتِ جلیلہ
اور سیرتِ طیّبہ

سرور القلوب

بذکر المحبوب

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

امام المتکلمین مولانا شاہ نقی علی خاں بریلوی قدس سرہ العزیز
۱۲۴۶ھ ——— ۱۲۹۷ھ
۱۸۳۰ء ——— ۱۸۸۰ء
والد ماجد امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ

شبّیر برادرز ○ اردو بازار لاہور ۲